خصائص امیر المومنین

علی ابنِ ابی طالب کرم اللہ وجہہ

تالیف

فضیلۃ الشیخ ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ الطاف حسین کلاچی

تصحیح: حجۃ الاسلام علامہ ریاض حسین جعفری فاضل قم

ادارہ منہاج الصالحین لاہور

Presented by www.ziaraat.com

خصائص امیرالمومنینؑ

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خصائص امیر المومنین

علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

تالیف فضیلۃ الشیخ ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ

تدوین و ترتیب علامہ محمد ہادی الامینی

ترجمہ علامہ الطاف حسین کلاچی

تصحیح: حجۃ الاسلام علامہ ریاض حسین جعفری فاضل قم

ناشر ادارہ منہاج الصالحین جناح ٹاؤن

ٹھوکر نیاز بیگ لاہور۔ فون: 5425372

Presented by www.ziaraat.com

کتاب: ——— خصائص امیر المومنینؑ

مولف: ——— امام نسائی

تدوین: ——— علامہ محمد ھادی الامینی

مترجم: ——— حجۃ الاسلام علامہ الطاف حسین کلاچی

تصیح: ——— حجۃ الاسلام علامہ ریاض حسین جعفری فاضل قم

پروف ریڈنگ: ——— خادم حسین

صفحات: ———

کمپوزنگ: ——— برادرز کمپوزنگ

ھدیہ: ——— 145 روپے

ملنے کا پتہ

ادارہ منہاج الصالحین لاہور

الحمد مارکیٹ۔ فرسٹ فلور۔ دکان نمبر ۲۰

اُردو بازار ○ لاہور- 042-7225252

Presented by www.ziaraat.com

فہرست

عرض ناشر	9
ابتدائیہ	11
پیش لفظ	13
مقدمہ	16
علامہ نسائی معاجم کے آئینے میں	19
شیوخ النسائی	26
تصنیفاتِ نسائی	31
حیات امامِ نسائی	39
کیا امام نسائی شیعہ تھے؟	41
امیر المومنین حضرت امام علی علیہ السلام کی نماز	50
ناقلین کے الفاظ کا اختلاف	54
عبادت	56
نگاہِ پروردگار میں منزلتِ امیر کائنات علیہ السلام	66
ناقلین کا اختلاف	76
عمران بن حصین کی	80

Presented by www.ziaraat.com

حضرت امام حسن علیہ السلام کی حدیث جبرئیل دائیں اور میکائیل آپ کے بائیں طرف	82
قولِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علیہ السلام کبھی ناکام نہیں ہوں گے	86
امام علی علیہ السلام کے لیے فرمانِ مغفرت	90
ابواسحاق کا اس میں اختلاف	93
اللہ تعالیٰ نے علی علیہ السلام کے دل کا امتحان لے لیا ہے	97
اے علی علیہ السلام! خدا تیرے دلِ کی راہنمائی فرمائے گا	99
محدثین کے اختلاف کا بیان	102
ابواسحاق کا اختلاف	105
امام علی علیہ السلام کے دروازے کے سوا سب دروازے بند	107
اللہ نے اُسی داخل کیا اور تمہیں خارج کیا	112
دربارِ رسالتؐ میں امام علی علیہ السلام کا مقام	115
محمد بن المنکدر کا اختلاف	122
اختلاف	133
علی علیہ السلام مجھ سے ہیں اور میں اُس سے ہوں	137
ابواسحاق کا اختلاف	139
علی علیہ السلام میری جان ہیں	142
اے علی علیہ السلام! تو میرا صفی اور امین ہے	143
علی علیہ السلام میری امانتیں ادا کرنے والا ہے	144
علی علیہ السلام اور سورۂ برأت	147
جس کا میں مولیٰ ہوں اُس کا علی علیہ السلام مولیٰ ہے	154
علی علیہ السلام میرے بعد ہر مومن کے ولی ہیں	160

Presented by www.ziaraat.com

علی علیہ السلام میرے بعد تمہارا ولی ہے	162
جس نے علی علیہ السلام کو گالی دی اُس نے مجھے گالی دی	164
حضرت علی علیہ السلام سے دوستی کی ترغیب اور اُن کی دشمنی سے ترہیب	167
علی علیہ السلام کے مُحب کیلئے دُعا اور عدو کیلئے بددُعا	172
حُبِ علی علیہ السلام معیارِ ایمان	176
حضرت علی علیہ السلام کی مثال	178
مقامِ علی علیہ السلام	185
اس میں مغیرہ کا لفظی اختلاف	192
علی علیہ السلام رسالت کے کندھوں پر	196
علی علیہ السلام اور شہزادی کونینؑ	200
حضرت فاطمہ زہراؑ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں	205
حضرت فاطمہ زہراؑ اس امت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں	209
سیدہ فاطمہؑ زہراء رسالت کا ٹکڑا	212
اختلاف الناقلین	215
امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کے فضائل	217
حسنؑ وحسینؑ میرے بیٹے ہیں	219
حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام نوجوانانِ جنت کے سردار	222
میری خوشبو حسنینؑ شریفین ہیں	224
علی علیہ السلام و فاطمہ سلام اللہ علیہا	225
جو اپنے لئے وہ علی علیہ السلام کے لیے	228
علی علیہ السلام کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا	231

Presented by www.ziaraat.com

- علی علیہ السلام اور گرمی اور سردی 233
- حضرت علی علیہ السلام سے مشورہ 235
- بدبخت انسان 237
- وقت وصال نبی کا آخری ملاقاتی 240
- علی علیہ السلام تنزیل و تاویل قرآن کا پاسبان 242
- امام علیؑ کی نصرت کے لیے ترغیب 244
- عمار یاسر رضی اللہ عنہ کی قاتل ایک باغی جماعت 249
- حق و باطل کا فیصلہ 254
- امیر المومنین امام علی علیہ السلام اور خوارج 260
- ابو اسحاق کا اختلاف 271
- حضرت عبداللہ ابن عباس کا خوارج سے مناظرہ 282
- تائید احادیث 290

Presented by www.ziaraat.com

عرضِ ناشر

تاریخ کے اوراق گواہ ہیں کہ محبت علی علیہ السلام میں لاکھوں لوگوں کو تہہ تیغ کیا گیا۔ ماؤں کے سامنے علیؑ دشمنی میں بچوں کو ذبح کیا گیا، لیکن مائیں بچے جنتی رہیں اور موّدت علی علیہ السلام میں قربان کرتی رہیں۔ تاریخ نے ایک خاتون کا دلوں کو ہلا دینے والا واقعہ لکھا ہے کہ جب بنی امیہ کے خونخوار بھیڑیوں نے اُس کنیز زہراءؑ کے نومولود بیٹے کو فقط اس لیے بڑی بے دردی سے اُس کی گود میں ذبح کر دیا کہ اس نے اپنے اس نومولود کا نام خاندان عصمت وطہارتؑ کے نام پر رکھا تھا، اور وہ ظالم سمجھ رہے تھے کہ شاید لوگ خوف وہراس سے خاندانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھلا دیں گے اور پھر ایسی کوئی جرأت نہ کر سکے گا، لیکن وہ سنگدل حیران رہ گئے کہ جب اسی خاتون نے اگلے سال پھر بچہ جنا تو اس کا نام بھی اولادِ علی علیہ السلام کے نام پر رکھا۔ علیؑ دشمن پھر اس کی کوکھ کو اجاڑنے کے لیے آئے، انہوں نے اس نومولود مسعود کے گلے پر چھری چلائی، بچہ محبت علی علیہ السلام میں ذبح ہو گیا۔ ماں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ خالق میری اس قربانی کو قبول فرما اور پھر اُس نے کہا ظالموں میں خاندان رسولؐ کے نام پر بچے جنتی رہوں گی اور تم قتل کرتے رہو، تاکہ میں اپنا کام کرتی رہوں اور تم اپنا کام کرتے رہو۔ میں محبت علی علیہ السلام کا ثبوت دیتی رہوں گی اور تم دشمنی علیؑ کا اظہار کرتے رہو۔

ابن ابی الحدید نے کیا خوبصورت جملہ لکھا ہے کہ علی علیہ السلام تاریخ کا وہ مظلوم

Presented by www.ziaraat.com

انسان ہے کہ جس کے فضائل ومناقب دوستوں نے بھی چھپائے اور دشمنوں نے بھی چھپائے۔ دشمن نے دشمنی کرتے ہوئے چھپائے اور دوست نے دشمن کے ڈر سے چھپائے، لیکن اس کے باوجود علیؑ اللہ کا زندہ معجزہ ہے کہ جو لوگوں کے دلوں میں بستا ہے۔ معروف محدث امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے جب امیر المومنین علیہ السلام کے فضائل ومناقب لکھے اور پھر انہوں نے مجمع عام میں پڑھ کر سنائے تو دشمنان آلِ رسولؐ نے آپ کو محبان علی علیہ السلام میں شہید کر دیا۔ امام نسائی جام شہادت فرما گئے، لیکن رہتی دنیا تک اپنا نام محبّ علی علیہ السلام کی فہرست میں لکھوا گئے۔ ان کی اس کتاب خصائص امیر المومنین علی علیہ السلام سے صبح قیامت تک عشاقِ علی علیہ السلام استفادہ کرتے رہیں گے۔ اس کا اجر جزیل ان کی روح پر فتوح کو ایصال ہوتا رہے گا۔

اس کتاب کا ترجمہ علامہ الطاف حسین کلاچی نے سلیس اور رواں دواں کیا ہے۔ ہم ان کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے گوناگوں مصروفیات کے باوجود یہ عظیم کام انجام دیا ہے۔ اس کتاب کو اشاعتی مراحل سے ہمکنار کرنے کے لیے شیخ برادری کے عظیم سپوت شیخ شاہد حسین ننگل والے نے اپنے باپ شیخ ریاض حسین ننگل والے کی سیرت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہمارے ہم سفر ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ بحق آلِ اطہارؑ اس نوجوان کو مذہب حقہ کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

والسلام مع الاکرام

طالبِ دعا!

ریاض حسین جعفری فاضل قم

سربراہ ادارہ منہاج الصالحین لاہور

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدائیہ

امام نسائی کی ذاتِ محتاجِ تعارف نہیں، ان کا شمار علمِ حدیث کے ان علماء میں ہوتا ہے جن کا تجرِ علمی مسلّم ہے۔ امام نسائی، جنہوں نے اپنی پوری زندگی، رسولِ اعظمؐ کی احادیث کے حصول میں لگا دی۔ آپ نے اپنی اس علمی پیاس کو بجھانے کیلئے دُور دراز ممالک کے سفر کئے، خراسان کہاں اور مصر کہاں؟...... آپ نے اپنی زندگی کا اکثر حصہ مصر میں گزارا کیونکہ اُس دَور میں مصر پوری دنیا کیلئے علمی مرکز بن چکا تھا۔

آپ کی کتاب ''خصائص امیر المومنینؑ'' ایک مشہور و معروف کتاب ہے، آپ کی شہادت کا سبب بھی یہی کتاب بنی۔ اس کتاب پر پوری دنیا میں ہر زبان میں کام ہوا، لیکن ہر کتاب اپنی جگہ پر ایک کتاب ہے، لیکن بہت سے ایسے گوشے مسلسل نظروں سے اوجھل ہوتے رہے، جن کا منظرِ عام پر لانا ضروری تھا۔ مثلاً لفظی اغلاط کثرت کیساتھ تھیں، سلسلہ رواۃ میں غلطیاں تھیں۔

یہ عظیم کام نجف اشرف کے ایک عالم محمد ہادی الامینی کے حصہ میں آیا۔ انہوں نے بڑی جانفشانی کے بعد یہ تحفہ آپ کے ہاتھوں میں دیا۔ انہوں نے نجف اشرف کی لائبریریوں کو کھنگالا، دن رات کی محنت شاقہ کے بعد جن گوشوں پر ابھی تک کام نہیں ہوا تھا، مکمل ہوا۔ اس کے علاوہ بعض احباب یہ سمجھنے لگے تھے کہ امام نسائی ''شیعہ'' تھے۔ آپ نے ان شبہات کو بھی دُور کیا۔ آپ کی زندگی پر پورے ثبوت کیساتھ سیر حاصل

Presented by www.ziaraat.com

گفتگو موجود ہے۔

میرے عظیم فاضل دوست حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا محمد حسن جعفری صاحب، جن کی ذات محتاجِ تعارف نہیں، ان کا علمی کام ملک کے گوشے گوشے میں موجود ہے، نے میرے ذمہ یہ کام لگایا کہ اس کتاب کا ترجمہ کروں۔ اگرچہ میری مصروفیات اس کام میں مانع تھیں، لیکن میں اپنے محسن دوست کے اخلاص واصرار کے سامنے بے بس ہوگیا اور میں نے خدا پر توکل کر کے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی نگاہِ شفقت سے اس کام کی تکمیل ممکن ہوئی۔

ترجمہ جیسا بھی ہے آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ امید ہے کہ اہلِ علم اس کی قدردانی کریں گے اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام اس کا بدلہ بارگاہِ احدیت سے دلائیں گے۔

دعا ہے کہ خداوند منان اپنے فضلِ عظیم سے میری اس عاجزانہ خدمت کو قبول فرمائے اور اسے میری مغفرت اور میرے بزرگوں اور مرحوم اساتذہ کی بخشش کا ذریعہ بنائے۔

والسلام

الطاف حسین کُلاچی

پرنسپل مدرسہ بابِ قم

تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازی خان

Presented by www.ziaraat.com

پیش لفظ

حجۃ الاسلام محمد حسن جعفری

قابلِ تعریف ہیں وہ زبانیں جو حق وصداقت کی گواہی دیں' اور قابلِ تکریم ہیں وہ ہاتھ جو حقائق کو رقم کریں اور قابلِ احترام ہیں وہ دل جو حقائق کو تسلیم کریں۔ حضرت علی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے امتِ اسلامیہ میں جو عظمت ورفعت عطا کی ہے وہ چنداں محتاجِ بیان نہیں۔ بقول علامہ اقبالؒ

درمیان امت آن کیواں جناب
ہمچوں حرف قل ھو اللہ در کتاب

"اس امت میں امیر المومنین علیہ السلام کو وہی مقام حاصل ہے جو کتاب اللہ میں قل ھو اللہ کو حاصل ہے۔"

دور کے انصاف پسند علماء نے امیر المومنین علیہ السلام کی ذاتِ بابرکات کے مختلف گوشوں کو اجاگر کرنے کی کوششیں کی ہیں۔ اور ان اہلِ علم میں امام احمد بن شعیب نسائی کی ذات والا صفات بھی شامل ہے۔ آپ مذہباً سنی العقیدہ اور شافعی المسلک تھے۔ آپ اپنے دور کے مشہور حافظ الحدیث اور امام الحدیث تھے۔ آپ نے امیر المومنینؑ کے فضائل کی نشر واشاعت کی وجہ سے شہادت پائی تھی۔ جیسا کہ شاہ

Presented by www.ziaraat.com

عبدالعزیز بستان المحدثین میں لکھتے ہیں:

''اُن کی موت کا واقعہ یہ ہے کہ جب آپ مناقب مرتضوی (کتاب الخصائص) کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو انہوں نے چاہا کہ اس کتاب کو دمشق کی جامع مسجد میں پڑھ کر سنائیں تاکہ بنی امیہ کی سلطنت کے اثر سے عوام میں ناصبیت کی طرف جو رجحان پیدا ہوگیا تھا اس کی اصلاح ہو جائے۔ ابھی اس کا تھوڑا سا حصّہ ہی پڑھنے پائے تھے کہ ایک شخص نے پوچھا امیر المومنین معاویہ کے مناقب کے متعلق بھی آپ نے کچھ لکھا ہے؟......تو نسائی نے جواب دیا کہ معاویہ کیلئے یہی کافی ہے کہ برابر سرابر چھوٹ جائیں ان کے مناقب کہاں ہیں؟

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ کلمہ بھی کہا تھا کہ مجھ کو ان کے مناقب میں سوائے اس حدیث لااشبع اللہ بطنہ (اللہ اس کا پیٹ کبھی نہ بھرے) کے اور کوئی صحیح حدیث نہیں ملی۔

پھر کیا تھا لوگ ان پر ٹوٹ پڑے اور شیعہ شیعہ کہہ کر مارنا پیٹنا شروع کر دیا۔ ان کے خصیتین میں چند شدید ضربیں ایسی پہنچیں کہ نیم جان ہو گئے۔ خادم ان کو اٹھا کر گھر لے آئے۔ آپ نے فرمایا کہ مجھے ابھی مکہ معظمہ پہنچا دو، تاکہ میرا انتقال مکہ یا اس کے راستے میں ہو۔

کہتے ہیں کہ آپ کی وفات مکہ معظمہ پہنچنے پر ہوئی اور وہاں صفا و مروہ کے درمیان دفن کیے گئے۔ ۱۳ صفر ۳۰۳ھ میں پیر کے دن آپ کا انتقال ہوا۔ بعض کا قول یہ بھی ہے کہ مکہ جاتے ہوئے راستہ میں شہر رملہ (فلسطین) انتقال ہوا۔ پھر وہاں سے آپ کی نعش مکہ معظمہ پہنچائی گئی۔ واللہ اعلم (بستان المحدثین ص ۱۸۹۔۱۹۰)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے امام نسائی پر یہ احسان ہوا کہ ان کی کتاب الخصائص کو ہمیشہ کی زندگی عطا ہوئی۔ اور ہر دَور کے علماء نے ان کی اس کتاب کی توثیق فرمائی۔

Presented by www.ziaraat.com

کتاب خصائص کے اس وقت اگرچہ بہت سے نسخے پائے جاتے ہیں مگر ان میں سے اکثر اصلاح طلب ہیں، البتہ محقق محمد ہادی الامینی کا شائع کردہ نسخہ ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ موصوف نے بڑی عرق ریزی سے اس کی تحقیق کی اور اسانید کا استخراج کیا اور فہرست مرتب کی اور مطبعہ حیدریہ نجف اشرف کو یہ شرف حاصل ہوا کہ اس نسخہ کو شائع کیا اور یہ نسخہ ۱۳۸۸ھ بمطابق ۱۹۶۹ء میں شائع ہوا۔

جہاں تک میں نے مختلف لائبریریوں کی چھان بین کی تو مجھے اس کا اُردو ترجمہ کہیں دکھائی نہ دیا۔ میری دلی خواہش تھی کہ اس تحقیق شدہ نسخہ کا اُردو زبان میں ترجمہ ہونا چاہیے۔ میرے ذاتی مشاغل اتنے زیادہ تھے کہ میں خود اس کا ترجمہ نہیں کر سکتا تھا۔ چنانچہ میں نے اپنے برادر محترم سرکارِ علاّمہ الطاف حسین خان کلاچی سے درخواست کی کہ وہ اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر اس نسخہ کا ترجمہ کریں۔ چنانچہ موصوف نے میری درخواست کو پذیرائی بخشی اور مختصر وقت میں حسین وجمیل ترجمہ کرکے میرے سپرد کیا۔ مَیں نے ترجمہ پر سرسری نظر کی ہے، ترجمہ ہر لحاظ سے جامع ہے۔

دعا ہے کہ خلاّقِ کائنات علاّمہ الطاف حسین صاحب کی توفیقاتِ خیر میں اضافہ فرمائے اور انہیں دین مبین کی زیادہ سے زیادہ خدمت کے مواقع عطا فرمائے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین آباد

والسلام

حررہ احقر الزمن: محمد حسن الجعفری

Presented by www.ziaraat.com

مُقدّمه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلامی فکری ورثے کی ترویج وتبلیغ کیلئے نجف اشرف کے مطبعہ حیدریہ اور اُس کے مکتبہ نے قابل صد تحسین کوشش وکاوش کی ہے۔ یہ کتاب جو آپ کے ہاتھوں میں ہے اس میں امیر المومنین امام علی علیہ السلام کے فضائل ومناقب کا بیش بہا خزانہ موجود ہے۔ یہ اسلام کے عظیم الشان مصادر ومراجع کا عظیم القدر حصّہ ہے، ہر زمانے میں صاحبانِ تحقیق اپنا تحقیقی کام اس پر کرتے رہے ہیں کیونکہ اس میں جناب امیر علیہ السلام کے وہ فضائل ہیں جو احادیث نبوی ﷺ پر مشتمل ہیں، جو ہر طرح سے پاک وپاکیزہ ہیں، جن میں شک وریب کی گنجائش تک بھی نہیں۔ ان احادیث کا سلسلہ اسناد بھی اتنا پاک وپاکیزہ ہے جتنا یہ احادیث، اس لیے اس تہذیب کو دیکھ کر علاّمہ ابن حجر کو کہنا پڑا:

((تتبع النسائی ماخص به علیٌ من دون الصحابه
مجمع من ذلك شیباً کثیرا باسانید اکثرها جید))

''علامہ نسائی نے تمام صحابہ کے فضائل کو ایک طرف رکھتے ہوئے حضرت امام علی علیہ السلام کی جو جو خصوصیات جمع کی ہیں وہ اپنے سلسلہائے سناد کے لحاظ سے جید وعمدہ ہیں۔''

اس لئے مطبعہ ومکتبہ حیدریہ نے ان قیمتی نوادرات کی نشر واشاعت کا عزم کیا، تاکہ ایک طالبِ تاریخ وتحقیق کے ہاتھوں میں اسلام کی نظریاتی فکر آسانی کیساتھ

Presented by www.ziaraat.com

آجائے۔

لائقِ صد تحسین ہیں اُستاد علامہ محمد کاظم کبتی قبلہ جن کی رہبری و سرپرستی میں، مَیں اس منزل تک پہنچا۔ جناب محترم ابو صادق کا شکر گزار ہوں کہ ان کے مال سے مَیں نے اس کتاب کے طباعت کے مراحل طے کیے، تحریک و ترغیب بھی الٰہی کی تھی، انھوں نے مجھ سے کہا کہ میں اس کتاب پر کام کروں، اس کی اسانید کا اخراج کروں، رجال کے حالات قلمبند کروں۔ یہ حقیقت ہے کہ میرے پاس اتنا وقت نہیں تھا، لیکن جب مَیں نے اپنے محسن اور صادق کے ذوق و شوق کو دیکھا تو اپنی عدیم الفرصتی کو ایک طرف رکھ دیا، پھر اپنے اللہ سے توفیق کا سائل بن کر ہمہ تن مصروفِ عمل ہو گیا، قدم قدم پر دعا بلند کرتا رہا کہ جلد تکمیل کے مراحل تک جا پہنچوں۔

اس کتاب کی ترتیب و تہذیب اور تصحیح میں مجھے سخت مشقت اٹھانی پڑی، ان زحمات کا صلہ رب العالمین کے پاس ہے وہ ہی عطا کر سکتا ہے۔

نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ کتاب خصائص مصر، ہندوستان، نجف اشرف میں کئی بار چھپی، لیکن کبھی یہ زحمت گوارا نہ کی گئی کہ اسے اغلاط سے پاک کیا جائے اور اس کی اسناد کی تصحیح کا کام کیا جائے۔ اب اللہ تعالیٰ کی اعانت اور اُس کی توفیقات سے اس کو ہر زاویہ نظر سے دیکھا گیا۔ اس کی نصوص کی تصحیح کی گئی اور اُس کے سلسلہ سند کا اخراج کیا گیا، روایات پر تحقیقی کام کیا گیا۔ اب یہ کتاب اپنی تمام خوبصورتیوں اور رعنائیوں کیساتھ آپ کے سامنے ہے، نظر کرتے ہی دل گل و گلستان میں پہنچ جاتا ہے۔

پہلے مَیں نے اس کتاب کو خوب پڑھا، پھر احادیث و سنت اور مناقب کی کتابوں کو خوب کھنگالا، دن رات کی سخت دوڑ دھوپ کے بعد نصوص صحیحہ تک رسائی حاصل

Presented by www.ziaraat.com

ہوئی، اس مرحلہ کے بعد مَیں علمِ رجال کی پُر پیچ وادیوں میں داخل ہوا، ان رجال کو ان کی قد و قامت کے ساتھ آپ کے سامنے لا کھڑا کیا۔ کتاب کا ترجمہ تو اختصار کیساتھ ہوا ہے لیکن مصادر، راوی کا صحیح نام، محدث کا ذکر بھی ساتھ ساتھ کیا ہے۔ جہاں کہیں بھی طلب و تشنگی کا احساس ہوا، پہنچنے کی پوری کوشش کی۔ اس دوران دست بستہ اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کا طالب رہا کہ وہ خلوص مجھے اور ہدایت کاملہ عطا فرمائے۔

اس میدانِ تحقیق میں مَیں نے سخت مشقت کی ہے تو مجھے یقین ہے کہ اس میری مشقت کے عوض تاریخ و تحقیق کے متلاشیان کی منازل قریب سے قریب تر ہو گئی ہیں، اس کتاب کی اصلاح و تصحیح میں مَیں نے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، اغلاط و هفوات سے پوری طرح پاک وصاف کیا۔

اس پوری گفتگو کا حاصل یہ ہے کہ جب اس دَور میں کسی چیز کو پانے کیلئے اتنی محنت کرنا پڑتی ہے تو اُس دَور کا کیا حال ہو گا جس دَور میں محدث نسائی جیسے لوگوں نے اپنی حیات کے شب و روز بسر کیے تھے؟!...... اس اسلامی ورثے کی حفاظت کیلئے کس قدر مشکلات سے واسطہ پڑا ہو گا؟ اُس دَور میں سیاسی چیرہ دستیاں اور حکومتی ہنگامے زوروں پر تھے اور شخصی حکومتیں آپس میں ٹکرا رہی تھیں، علم و دانش کی کوئی قدر نہیں تھی۔

احادیث کی فہرست بھی موجود ہے، ساتھ ہی علامہ شیخ الحدیث نسائی کی حیات کو ایک واضح صورت میں پیش کرنے کی پوری کوشش کی ہے، اس کے علاوہ راویانِ حدیث کے اسماء، ان کی کنیت، ان کی وفات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ جن جن کتابوں میں متعلقہ مواد ملا ہے ان کی فہرست بھی موجود ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

علاّمہ نسائی معاجم کے آئینے میں

سیرت کی کتابوں میں امام نسائی کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے، اس کتاب کی تالیف ایک ایسے شخص کا کارنامہ ہے، وہ نہ صرف ایک جلیل القدر محدث اور امام الحدیث تھے بلکہ اس فن کے امام تھے، جن کی زندگی کے شب و روز تالیف و تصنیف میں گزرے۔ ان کی زندگی کا اوڑھنا بچھونا تعلیم و تعلم رہا، اپنی علمی پیاس بجھانے کیلئے تمام اسلامی ممالک کے سفر کیے، عُرفاء، زُدیا و محدثین کی صحبت اختیار کی اور ان کے دروس میں شرکت کی۔

مؤرخین سیرت نے ان کے اجلال و اکرام، ان کے علمی محاسن، ان کی جودت فکر اور فنِ حدیث میں فضیلت پر قابلِ تحسین کام کیا۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے معاصرین میں نورِ علم اور جمال معرفت میں کس قدر امتیازی مقام کے مالک تھے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے نسائی کے بارے میں وہ آراء جمع کی ہیں جو آئمہ حدیث نے ان کے بارے میں اپنی اپنی آراء قائم کی ہیں:

ان کے بارے میں ابن عدی کہتے ہیں کہ مَیں نے منصور فقیہ [1] سے سنا اور احمد بن محمد بن سلام طعاوی [2] سے سنا، ان دونوں نے کہا کہ ابوعبدالرحمٰن امام الحدیث

---

[1] منصور بن محمد بن محمد بن طیب الفقیہ الھر دی۔ آپ مشہور فقیہ تھے۔ آپ نے ۵۲۷ھ میں وفات پائی۔ (لسان المیزان ۱ص ۱۰۰۔)

[2] آپ حافظ و محدث تھے، ۳۲۱ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔ (تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۳۸۔ شذرات الذہب ج ۲ ص ۲۸۸)

Presented by www.ziaraat.com

تھے۔ محمد بن سعد باوردی نے کہا کہ مَیں نے قاسم مطرز کے سامنے علامہ نسائی کا ذکر کیا تو اُس نے کہا کہ وہ امام تھے۔ ابو علی نیشاپوری 1 کہتے ہیں کہ جب مَیں نے نسائی کے بارے میں پوچھا تو کہا گیا کہ وہ امام تھے، ایک دوسرے مقام پر کہا "ان النسائی الامام فی الحدیث بلا موافقۃ" کہ نسائی بلا اختلاف امام الحدیث تھے، ایک دوسری جگہ پر کہا کہ میں نے سفر و وطن میں چار آئمہ حدیث دیکھے، دو نیشاپور میں اور ایک اھواز میں اور ایک مصر میں نیشاپور میں محمد بن اسحاق 2 اور ابراھیم بن ابی طالب 3، نسائی مصر میں اور عبدان 4 اھواز میں۔

مامون مصری کہتا ہے کہ جب ہم طرطوس گئے تو وہاں بہت سے محدثین موجود تھے۔ کچھ کے اسماء یہ ہیں: عبداللہ بن احمد، مربع 5، ابوالاذان اور کیلجہ وغیرہ وغیرہ۔ ان سب کے پاس جو حدیث کا ذخیرہ تھا وہ سب کا سب امام نسائی کا انتخاب تھا۔

محدث ابوالحسین بن مظفر نے کہا کہ میں نے اپنے مصر کے بزرگوں سے سنا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ابو عبدالرحمٰن نسائی امام الحدیث تھے۔ ان کے شب و روز عبادت و ریاضت میں گزرتے تھے۔ حج و جہاد میں مواظبت رکھتے تھے، سنت پیغمبر پر سختی سے کاربند رہتے اور بادشاہوں کے درباروں سے دُور رہتے تھے۔ وقت شہادت تک انہی معمولات میں زندگی بسر کی۔ نقد رجال میں انتہائی محتاط اور فن رجال میں اعلم تھے۔

حاکم کہتا ہے کہ میں نے علی بن عمر الحافظ 6 سے کئی مرتبہ سُنا کہ وہ کہتے تھے کہ

---

1 حسین بن علی بن یزید بن داؤد الحافظ، المتوفی ۳۴۹۔ (الکنی والالقاب ج ۲ ص ۱۵۶۔)

2 المتوفی ۳۱۳، تاریخ بغداد ج ۱ ص ۲۴۸۔ (المنتظم ج ۶ ص ۱۹۹۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۲۶۸۔)

3 ابراہیم بن محمد بن نوح بن عبداللہ المتوفی ۲۹۵، (معجم المصنفین جلد ۴ ص ۴۰۰۔)

4 عبداللہ بن احمد بن موسیٰ بن زیاد بن عبدان اھوازی، المتوفی ۳۰۶۔ (ہدیۃ العارفین جلد ۱ ص ۴۴۳۔)

5 محمد بن ابراہیم انماطی المعروف بمربع المتوفی ۲۸۶۔ (تاریخ بغداد جلد ۱ ص ۳۸۸۔)

6 حافظ علی بن عمر بن احمد دارقطنی المتوفی ۳۸۵۔ (وفیات الاعیان جلد ۱ ص ۴۱۷۔ تذکرۃ الحفاظ جلد ۳ ص ۱۸۶۔)

Presented by www.ziaraat.com

ابوعبدالرحمٰن اپنے تمام معاصرین پر علم میں اولویت رکھتے تھے۔ ایک دفعہ کہا کہ میں نے علی بن عمر سے سُنا انھوں نے کہا کہ دیار مصر میں نسائی سے بڑھ کر نہ تو کوئی فقیہ ہے اور نہ صحیح وسقیم کا عالم، فن رجال میں اعلم ہیں۔

علامہ دار قطنی [1] نے کہا ہے کہ میں نے ابوطالب الحافظ سے سنا تو وہ کہتے تھے کہ ابوعبدالرحمٰن حدیث میں اپنی مثال آپ تھے، انھوں نے احادیث ابن لھیعہ [2] سے لی ہیں۔ ابوبکر بن حداد [3] ایک بہت بڑے فقیہ اور محدث تھے، اُس نے اکثر حدیث امام نسائی سے روایت کی ہے، جب ان سے سوال کیا گیا کہ تم کسی دوسرے محدث سے حدیث کیوں نہیں لیتے تو کہا کہ مجھے یہ بات پسند ہے کہ وہ میرے اور میرے اللہ کے درمیان حُجت ہیں۔ [4]

ابوسعید عبدالرحمٰن بن احمد بن یونس جو صاحب تاریخ مصر ہیں وہ اپنی اس کتاب میں رقم طراز ہیں کہ ابوعبدالرحمٰن نسائی ایک بہت بڑے فقیہ حافظ اور حدیث میں امام تھے، انھوں نے مصر میں زندگی بسر کی، بہت سی کتابیں لکھیں، وہ ہر دوسرے دن روزہ رکھتے تھے، کثرت جماع کے لحاظ سے کافی شہرت رکھتے تھے۔ [5]

علامہ ذھبی ان کے بارے میں کہتے ہیں "حافظ شیخ الاسلام ابوعبدالرحمٰن قاضی کتاب "سنن کبیر" کے مصنف تھے۔ عرفان واتقان علواسناد میں اپنی نظیر آپ تھے، اپنے وطن کو چھوڑ کر مصر کو وطن بنالیا، [6] جب وہ قتیبہ (قتیبہ بن سعید ثقفی) کی طرف

---

[1] حافظ علی بن عمر جن کا حاشیہ دو میں تعارف کرایا گیا ہے۔

[2] ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن لھیعہ الحضرمی المصری المتوفی ۱۷۴ھ۔ تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۲۳۷

[3] ابوبکر محمد بن احمد بن محمد الکنانی المتوفی بمصر ۳۴۵۔ الوافی جلد ۲ ص ۶۹

[4] تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۳۷۔ [5] ابن خلکان جلد ۱ ص ۶۰

[6] قتیبہ بن سعید ثقفی

Presented by www.ziaraat.com

گئے تو ایک روایت ہے کہ وہ پندرہ سال کے تھے اور دوسری روایت ہے کہ وہ تیس سال کے تھے۔ علامہ نسائی نے ان کے پاس ایک سال دو ماہ قیام کیا، ان سے حدیث سنی، علامہ نسائی کی چار بیویاں تھیں، ان کیلئے باریاں مقرر تھیں اور ان کی کوئی رات جماع کے بغیر نہ ہوتی تھی، اکثر غذا میں مرغ کا گوشت استعمال کرتے تھے۔

ایک مرتبہ کچھ طلباء نے آپس میں کہا کہ ابوعبدالرحمان شاید نبیذ استعمال کرتے ہیں، اس بات کا اندازہ انھوں نے اُن کے چہرہ کی تازگی کو دیکھ کر کیا، کچھ دوسرے کہنے لگے کاش ہمیں یہ بھی معلوم ہو جائے کہ وہ کیا وطی فی الدبر فی النساء کو جائز سمجھتے ہیں؟ جب ان سے پوچھا گیا تو کہا کہ نبیذ حرام ہے اور وطی فی الدبر بھی جائز نہیں ہے۔ لیکن محمد بن کعب قرظی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ "اِسْقِ حَرْثَكَ مِن حَيثُ شِئتَ" تو اس قول سے تجاوز نہیں کرنا چاہیئے۔ ابن ذھبی کہتا ہے کہ اس قول سے ادبارِ نساء سے منع ثابت ہے۔

ایک دفعہ وہ امیر مصر کے ساتھ ایک جنگ کیلئے نکلے۔ بادشاہ کو آپ کی شجاعت اور عبادت کا اعتراف کرنا پڑا، انہیں اُمراء کے درباروں سے بہت نفرت تھی، وہ اپنی شہادت تک اپنے اصولوں پر قائم رہے۔

صاحبِ مستدرک حاکم کہتا ہے کہ میں نے ابوالحسن دارقطنی سے کئی دفعہ سُنا کہ وہ کہتے تھے کہ ابوعبدالرحمٰن علم حدیث میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ انتہا درجہ کے متقی و پارسا انسان تھے، وہ شافعی مذہب رکھتے تھے، صوم داؤدی پر کاربند تھے۔

علامہ سبکی نے اپنے شیخ ذہبی سے نقل کیا ہے کہ وہ مُسلم سے بھی فن حدیث میں اعلم تھے، ان کی کتاب سنن کبیر ایسی تصنیف ہے جس کی مثال عالم اسلام میں نہیں ہے۔ وہ مسلم، ترمذی، ابوداؤد کے بھی امام تھے۔ سنن کبیر کے بارے میں ایک جماعت نے کہا

Presented by www.ziaraat.com

کہ اس کی تمام احادیث صحیح ہیں لیکن تساھل واضح ہے۔ بعض نے انھیں بخاری پر ترجیح دی ہے۔ پہلے انھوں نے سنن کبریٰ لکھی پھر اُس کی تلخیص ''المجتبیٰ'' کے نام پر لکھی۔ یہ اھل سنت کی بڑی کتابوں میں سے ہے، جن کو کتب خمسہ یا اصول خمسہ کہا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں: ''بخاری، مسلم، سنن ابی داؤد، ترمذی، مجتبیٰ نسائی۔''

ابن جوزی ان کے بارے میں کہتا ہے کہ ابوعبدالرحمان النسائی امام الحدیث تھے، انہوں نے پہلے نیشاپور کا سفر کیا، پھر بغداد چلے آئے قتیبہ سے حدیث سنی، پھر مرو چلے گئے وہاں علی بن حجر وغیرہ سے حدیث میں استفادہ کیا، پھر عراق گئے وہاں ابوکریب اور اُن کے معاصرین سے حدیث میں استماع کیا، پھر شام اور مصر کا سفر کیا۔ وہ امام الحدیث حافظ اور ثقہ فقیہ تھے۔ [1]

علامہ ابن کثیر نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ ابوعبدالرحمان صاحب سنن اپنے زمانے میں اپنے تمام معاصرین کے امام تھے۔ اسلامی دنیا کا چکر لگایا اور اُس زمانے کے مشائخ سے علم حاصل کیا، اکثر محدثین نے احادیث ان سے روایت کی ہیں وہ میراث میں کنیز اور آزاد کا حصہ برابر سمجھتے تھے۔

ایک روایت ہے کہ وہ حمص شہر کے گورنر بھی رہے جیسا کہ طبرانی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے: حدثنا احمد بن شعیب الحاکم بحمص اکثر نے یہی ذکر کیا ہے کہ ان کی چار بیویاں تھیں وہ اتنے خوبصورت تھے جیسے قندیل، وہ روزانہ ایک مرغ خوراک میں استعمال کرتے اور بعد میں منقیٰ کا پانی استعمال کرتے تھے۔ [2]

ابن عماد نے کہا کہ ابوعبدالرحمان نسائی نے قتیبہ اور ابواسحاق سے حدیث سنی پھر

[1] المنتظم ج ۶ ص ۱۳۱۔

[2] البدایۃ والنھایۃ ۱۱۔۱۲۴۔

Presented by www.ziaraat.com

خراسان، حجاز، شام، عراق، مصر، جزیرہ کا سفر کیا۔ وہ عمدہ اخلاق طور واطوار کے مالک تھے، ان کی چار بیویاں تھیں، ان پر راتیں تقسیم تھیں، ان کی ہر شب جماع سے خالی نہ ہوتی۔ علاوہ ازیں صوم داؤدی [1] کے پابند تھے، شب زندہ دار تھے۔ [2]

علامہ سیوطی ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ ابوعبدالرحمان نسائی قاضی، حافظ، امام اور شیخ الاسلام تھے، انھوں نے مصر میں سکونت اختیار کی، مصر میں قنادیل نامی جگہ پر رہتے تھے۔ [3]

سبکی یوں کہتے ہیں: ''ابوعبدالرحمٰن نسائی دنیائے حدیث کے امام تھے، انہوں نے خراسان، عراق، شام، مصر، حجاز اور جزیرہ میں فنِ حدیث میں استماع کیا۔

ابن طاہر مقدسی نے کہا کہ میں نے سعد بن علی زنجانی سے پوچھا کہ فلاں علامہ نسائی کے بارے میں کہتا ہے کہ ان کی احادیث ضعیف ہیں تو انھوں نے کہا اے بیٹے ابوعبدالرحمٰن کا پلڑا بخاری اور مسلم سے بھی بھاری ہے، تم یہ کیا کہہ رہے ہو؟ امام نسائی تمام محدثین میں اور حفاظ حدیث میں بلند قد وقامت کے مالک تھے۔ علمائے حدیث آپ کی تعدیل وجرح کو معتبر مانتے ہیں۔ شیخ الاسلام امام نسائی کی حیات ان کے شب وروز کے معمولات اور ان کی علمی سرگرمیوں کا ایک مختصر سا خاکہ آپ کے سامنے رکھ دیا ہے۔ آپ نے اپنی پوری زندگی اسلام کی خدمت میں بسر کی، فرامینِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاسداری میں جرأت اور بہادری کا مظاہرہ فرمایا۔

---

[1] یہ وہ خاص عبادت ہے جو داؤد بن حسن بن امام حسنؑ بن امام علی بن ابی طالبؑ سے منسوب ہے جو دعاؤں کی کتب میں مذکور ہے۔ سفینۃ البحار ج ۱ ص ۴۶۹۔ مجھے اس تحقیق سے اختلاف ہے صوم داؤدی سے داؤد پیغمبر کے روزوں کا انداز مراد ہے، آپ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔ (حسن جعفری۔)

[2] شذرات الذہب ۲ ۲۴۰۔

[3] حسن المحاضرۃ فی اخبار مصر والقاہرہ ج ۱ ص ۱۴۸۔

Presented by www.ziaraat.com

شاہ عبدالحق محدث دہلوی یوں لکھتے ہیں: ''آپ بلند پایہ حافظ حدیث، مشہور عالم اور مقتدائے زمان تھے۔ علمائے حدیث آپ کی تعدیل وجرح کو معتبر مانتے ہیں، آپ کی پہلی تصنیف سنن کبیر نسائی ہے، وہ ایک عظیم المرتبت کتاب ہے۔ جمع طرقِ حدیث اور بیان مخرج میں اس کی مثل کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔

Presented by www.ziaraat.com

شیوخ النسائی

اس باب میں اس جلیل القدر محدث کے ان اساتذہ کا ذکر کیا جاتا ہے جن سے انہوں نے استفادہ کیا لیکن ان کے حالات کا تذکرہ کوئی تفصیل کیساتھ موجود نہیں ہے۔ ہم نے علامہ ابن جوزی کی المنتظم ج ٦ ص ١٣١ مشہور محدث تقی الدین سبکی کی کتاب طبقات الشافعیہ ج ٣، ص ٨٣، عماد الدین اسماعیل بن کثیر کی البدایۃ والنہایۃ ج ١١ ص ١٢٣، حافظ شہاب الدین ابن حجر کی تہذیب التہذیب ج ١ ص ٣٦ وغیرہ وغیرہ کو سامنے رکھ کر ان مشہور اساتذہ کے احوال لکھے ہیں۔

① ابو شعیب السوسی

ان کا اسم گرامی قاری صالح بن عبداللہ بن اسماعیل بن ابراہیم بن الجارود بن مسرح رستی الرقی ہے، انہوں نے ٢٦١ ھ میں وفات پائی۔ [1]

② ابو کریب

محمد بن علاء بن کریب ہمدانی کوفی حافظ الحدیث تھے۔ ٢٤٣ ھ میں وفات پائی، انہوں نے حدیث کی اکثر روایات ابوبکر سے اور انھوں نے عاصم سے نقل کی ہیں۔ ان کے بارے میں ایک قول ہے کہ وہ تین لاکھ احادیث کے حافظ تھے، ان کی وصیت تھی کہ اس کی کتابیں اس کیساتھ دفن کی جائیں۔ وصیت کے مطابق ان کی کتب ان کیساتھ دفن کی گئیں۔ [2]

---

1. طبقات القراء ١: ٣٣٢ - تہذیب التہذیب ٤: ٣٩٢ - اللباب ٢: ٥٧٧ - الاعلام ٣: ٢٧٦ -
2. تہذیب التہذیب ٩: ٣٨٥ - شذرات الذہب ٢: ١١٩ -

Presented by www.ziaraat.com

③ ابو یزید جرمی

ان کا نام اور علمی کارناموں کے بارے میں کتابوں میں کچھ نہیں ملا۔

④ اسحاق الحنظلی

ابو یعقوب اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن ابراہیم بن مطر الحنظلی وہ ابن راھویہ مروزی کے نام سے مشہور تھے۔ ان کی رہائش نیشاپور میں تھی، وہ ۲۳۷ھ میں فوت ہوئے، امام الحدیث تھے، تمام اسلامی ممالک کا چکر لگایا، انھوں نے حفاظ اور آئمہ حدیث سے روایت کی، وہ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ [1]

⑤ حسین بن منصور سلمی

ابو علی الحسین بن منصور جعفر بن عبد اللہ بن رزین بن محمد بن برد سلمی، نیشاپور کے رہنے والے تھے۔ وہ اپنے زمانے کے عادل، صاحب تقویٰ بزرگ تھے۔ جب نیشاپور کی عدالت کی کرسی پیش کی گئی تو انکار کر دیا، تین دن تک غائب رہے، اللہ سے دعا مانگی، تیسرے دن فوت ہو گئے، ان کی تاریخ وفات ۲۳۸ھ ہے۔ [2]

⑥ سوید بن نصر

ابو الفضل سوید بن نصر بن سوید مروزی طوسانی وہ شاہ کے لقب سے مشہور تھے۔ وہ ۲۴۰ یا ۲۴۱ھ میں فوت ہوئے، اپنے دور کے ایک فاضل جلیل صاحب تقویٰ ثقہ محدث تھے۔ بخاری، مسلم اور بہت سے دوسرے محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔ [3]

---

[1] تہذیب التہذیب ۱:۲۱۷، اللباب ۱:۳۲۵، وفیات الاعیان ۱:۸۰۔ شذرات الذہب ۲:۸۹، میزان الاعتدال ۱:۸۵، حلیۃ الاولیاء ۹:۲۳۴، الکنی والاسماء ۲:۱۵۸۔

[2] تہذیب التہذیب ۲:۳۷، خلاصہ تہذیب الکمال ص ۷۲

[3] تہذیب التہذیب ۴:۲۸۰، اللباب ۲:۹۲، خلاصہ تہذیب الکمال ۱۳۵۔

Presented by www.ziaraat.com

⑦ علی بن حجر

ابوالحسن علی بن حجر بن ایاس بن مقاتل بن مخادش بن مشمرخ ابن خالد سعدی مروزی، وہ بغداد قدیم میں رہتے تھے، پھر مرو چلے آئے اور یہاں کے ہو کر رہ گئے۔ وہ ایک بلند پایہ ثقہ حافظ و محدث تھے، امانت و صداقت میں مشہور تھے۔ ان کی احادیث نے مرو میں خاصی شہرت حاصل کی، ۲۴۴ھ میں وفات پائی، تقریباً ایک سو سال کی عمر پائی۔ [1]

⑧ عمرو بن زرارہ

ابو محمد عمرو بن زرارہ بن واقد کلابی بن ابی عمرو نیشاپوری حافظ الحدیث تھے۔ ۲۳۸ھ میں وفات پائی۔ ایک قول کے مطابق ان کی وفات اس سے قبل ہے۔ ثقہ جلیل تھے، اکثر آئمہ حدیث نے ان سے روایات کی ہیں، مستجاب الدعوات تھے، ایک قول یہ ہے کہ وہ انصاری تھے۔ [2]

⑨ عیسیٰ بن حماد

ابو موسیٰ عیسیٰ بن حماد بن مسلم بن عبداللہ التجیبی المصری زغبہ کے لقب سے مشہور تھے، ۲۴۸ھ میں وفات پائی، ثقہ محدثین میں سے تھے۔ مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور ان کے علاوہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن حکم و بجیری و ابوحاتم و عبدان اھوازی اور ابوزرعہ وغیرہ نے حدیث ان سے لی ہے۔ آئمہ رجال میں اپنی مثال آپ تھے۔ [3]

---

[1] تہذیب التہذیب ۷: ۲۹۳، تذکرۃ الحفاظ ۲: ۴۳، ہدیۃ العارفین ۱: ۶۷۲۔

[2] تہذیب التہذیب ۸: ۳۵، خلاصہ تہذیب الکمال ۲۴۵۔

[3] تہذیب التہذیب ۸: ۲۰۹۔

Presented by www.ziaraat.com

⑩ قتیبہ بن سعید

قتیبہ بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبداللہ ثقفی۔ ایک روایت ہے کہ ان کا نام یحییٰ اور قتیبہ لقب تھا، ایک دوسری روایت ہے کہ اُس کا نام علی تھا۔ آپ کا شمار ان محدثین میں ہوتا ہے جو فن رجال میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ [1]

⑪ محمد بن رافع

محمد بن رافع بن ابی زید، ان کا نام سابور قشیری تھا، وہ ایک زاہد، عابد، متقی انسان تھے۔ ثقہ جلیل تھے، ایک دفعہ طاہر بن عبداللہ بن طاہر نے ان کی طرف پانچ ہزار درہم بھیجے، آپ نے واپس کر دیئے۔ صاحب مستدرک حاکم کہتے ہیں وہ اپنے زمانے کے شیخ الحدیث تھے۔ حافظ جعفر بن احمد بن نصر کہتے ہیں محدثین میں میں نے ان سے بڑھ کر رعب و دبدبہ والا کہیں نہیں دیکھا۔ [2]

⑫ محمد بن نصر

ابو عبداللہ الامام شیخ الاسلام محمد بن نصر مروزی ایک بہت بڑے فقیہ اور محدث تھے۔ ۲۹۴ھ میں وفات پائی۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ صحابہ کے بعد ایک بہت بڑے عالم تھے، اپنے زمانے کے امام الحدیث تھے۔ وہ ہمیشہ علم اور عبادت میں مصروف رہتے تھے۔ انھوں نے نیشاپور، سمرقند اور بغداد کا سفر کیا، ایک دفعہ جب وہ حالت نماز میں تھے تو شہد کی مکھی نے ان کی پیشانی پر کاٹ دیا، خون بہہ کر چہرے پر آیا، لیکن مصروف نماز رہے، اپنی جگہ سے حرکت تک بھی نہ کی۔ ان کی نماز کی حالت میں

---

[1] تہذیب التہذیب ۸: ۲۵۹، معجم المولفین ۸: ۱۲۸۔

[2] تہذیب التہذیب ۱۱: ۴۴۰، تذکرۃ الحفاظ ۲: ۹۸، خلاصہ تہذیب الکمال ۹: ۳۷۹۔

Presented by www.ziaraat.com

خشوع وخضوع کی یہ صورت تھی کہ اپنی ٹھوڑی کو سینے پر رکھ دیتے، ایسا معلوم ہوتا کہ خشک لکڑی کھڑی ہے۔ 1

⑬ ہشام بن عمار

ابو ولید ہشام بن عمار بن نصیر بن میسرہ بن ابان سلمی الظفری الدمشقی، جامع مسجد دمشق کے خطیب تھے۔ ۲۴۵ھ میں فوت ہوئے۔ بخاری، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور ترمذی نے بخاری کے توسط سے ان سے حدیث لی ہے۔ اپنے دور کے شیخ الحدیث تھے، عقل وفصاحت روایت ودرایت میں زمانے بھر میں ان کی مثال نہیں تھی۔ 2

⑭ یونس بن عبد الاعلیٰ

ابو موسیٰ یونس بن عبد الاعلیٰ بن موسیٰ بن میسرہ بن حفص بن حباب صدفی المصری ۲۶۴ھ میں فوت ہوئے۔ پورے مصر میں ان کے برابر کا کوئی عالم اور فقیہ نہیں تھا۔ امام شافعی ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ محدث یونس سے بڑھ کر میں نے کسی کو دانشمند اور عاقل نہیں پایا، وہ اسلام رکن تھے، ثقہ اور جلیل القدر محدث تھے، امام القرأ تھے، ان کی دعا سے بارش برستی تھی۔ 3

یہ سب محدث امام نسائی کے بزرگ ومشائخ تھے، جن سے انھوں نے علم اور فن رجال وحدیث اکتساب کیا۔ یہ سب اپنے ادوار میں آئمہ حدیث اور آئمہ قرأت تھے۔

شیخ المحدثین علامہ نسائی کو فن حدیث سے عشق تھا، اس علم میں حب وعشق کی حد تک کام کیا۔ کامیابی بھی اس وقت قدم چومتی ہے جب انسان اپنی کامیابی سے عشق کرے۔

---

1 تہذیب التہذیب ۹: ۱۶۱

2 تذکرۃ الحفاظ ۲: ۴۰۲، تہذیب التہذیب ۹: ۴۸۹، تاریخ بغداد ۳: ۳۱۵، المنتظم ۶: ۶۳، البدایۃ ۱۱: ۲۰، الکامل فی التاریخ ۷: ۱۸۲، ھدیۃ العارفین ۲: ۲۱۰۔

3 تہذیب التہذیب ۱۱: ۴۴۰، تذکرۃ الحفاظ ۲: ۹۸، خلاصہ تہذیب الکمال ص ۳۷۹

Presented by www.ziaraat.com

تصنیفاتِ نسائی

جس طرح علامہ نسائی کی ذات علمائے اعلام میں ممتاز و منفرد تھی، اس طرح ان کی تصنیفات کو بھی امتیاز حاصل ہے۔ ان کی کچھ کتابوں کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے، ان کی اکثر کتب حدیث پر مشتمل ہیں۔ انھوں نے بہت سی کتابیں اور رسائل لکھے، ان کی کچھ کتابیں ان کی شہادت کا سبب ہیں۔ ان کی ان کتب سے ان کی دانش علم اور جودت فکر کا اظہار ہوتا ہے۔ میں نے ان کی کچھ کتب کے نام اکٹھے کیے ہیں اور وہ یہ ہیں:۔

خصائص امام امیر المومنین علیہ السلام

اس کتاب میں اُس عظیم الشان مصنف نے جناب امام حضرت علی علیہ السلام کے وہ فضائل و مناقب جمع کیے ہیں جو سیّد المرسلینؐ، سیّد الکونینؐ کی زبان ترجمانِ وحی پر جاری ہوئے تھے اور یہ وہی کتاب ہے جو ان کی شہادت کا سبب بنی۔ اس کتاب کی تالیف و تصنیف کی وجہ خود بیان کرتے ہیں کہ جب میں دمشق گیا تو وہاں کے اکثر لوگ حضرت امیر المومنین امام علی علیہ السلام سے نفرت کرنے والے تھے تو میں نے خیال کیا کہ ایک ایسی کتاب مرتب کروں جس میں وہ احادیث ہوں جو امام علی علیہ السلام کے فضائل پر مشتمل ہوں، تا کہ یہ لوگ اس کتاب کے ذریعے حق و حقیقت کو پالیں۔

اس کتاب کو لکھنے کے بعد اس محبّ رسولؐ و آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Presented by www.ziaraat.com

جامع مسجد کے منبر پر جا کر پڑھی، ابھی ابتداء ہوا چاہتی تھی کہ لوگوں نے معاویہ کے بارے میں سوال کر دیا کہ اس کے فضائل سنائے جائیں تو علامہ نے جواب دیا اس کا علیؑ کیساتھ کیا مقابلہ ہوسکتا ہے؟ بس خدا اس کی مغفرت کر دے۔ ایک دوسری روایت ہے کہ آپ نے کہا کہ مجھے تو اس کی صرف ایک فضیلت نظر آئی ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لا اشبع اللّٰہ بطنك ”خُدا تیرا پیٹ نہ بھرے۔“ یہ کہنا تھا کہ لوگ اُس پر ٹوٹ پڑے، گھسیٹتے ہوئے مسجد سے باہر لے گئے، مکوں' لاتوں سے خوب پٹائی کی، اس پٹائی سے ان کے خصیتین متاثر ہوئے۔ کہا مجھے مکہ لے چلو، انھیں مکہ لایا گیا اور یہاں وفات پائی۔

سب سے پہلے یہ کتاب ۱۳۰۸ھ میں مطبعہ خیریہ ازھر میں چھپی۔ اس کی تصحیح استاذ محمد کامل بن محمد سیوطی ازھری نے کی تھی۔ نجف اشرف میں پہلی دفعہ مطبعہ حیدریہ نے اس کی طباعت کا ۱۳۶۹ھ بمطابق ۱۹۴۹ء میں اہتمام کیا۔ دوبارہ اس کی اشاعت ۱۳۸۹ھ میں ہوئی، اس مرتبہ اس پر تحقیقی کام ہوا، اسناد کا اخراج کیا گیا، علاوہ ازیں تصحیح بھی ہوئی، مصادر اور رجال کا تذکرہ بھی کیا گیا، وہی طباعت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اس کتاب کی تالیف کی تکمیل پر ابن حجر عسقلانی کا فرمان بطور سند ہے، وہ کہتے ہیں کہ علامہ نسائی نے جناب امیر علیہ السلام کی شان ومنقبت میں جو احادیث جمع کی ہیں، ان میں اکثر سند کے لحاظ سے صحیح ہیں۔

ان احادیث کے راویان درج ذیل ہیں: حضرت امام حسن علیہ السلام، حضرت امام حسین علیہ السلام، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابن عباس، ابورافع، حضرت عبداللہ ابن عمر، ابوسعید، صہیب، زید بن ارقم، حضرت جُریر، ابوامامہ، ابوجحیفہ، براُبن عازب، ابوطفیل اور تابعین وغیرہ۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت جُریر، ابوامامہ، ابوجحیفہ، برا ابن عازب، ابوطفیل اور تابعین وغیرہ۔

﴿۲﴾ السنن الکبریٰ:

یہ حدیث کی کتاب ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایسی کتاب عالمِ اسلام میں نہیں لکھی گئی، یہ کتاب فقہ پر مشتمل ہے، اس میں فقہ کے تمام ابواب قائم کیے گئے ہیں، کتاب طہارت سے لے کر دیات وحدود تک مکمل فقہ اس میں بند ہے اور ہر روایت کے آغاز میں یہی الفاظ ہیں: قال الشيخ الامام العالم الره یانی الرحلت الحافظ الحجة الصمدانی ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب بن علی بن بحر النسائی رحمه الله تعالیٰ اس کتاب کی شروح بھی تھیں لیکن اب وہ بالکل مفقود ہیں۔

اس طرح استاد عبدالصمد شرف الدین نے کتاب یوسف بن المزی کے مقدمہ میں لکھا کہ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ آج تک ہم ''سنن کبریٰ'' کا کوئی ایک نسخہ بھی نہیں پا سکے۔

﴿۳﴾ المجتبیٰ

جب علامہ نسائی نے سنن کبیر مکمل کر لی تو کسی بادشاہ نے ان سے سوال کیا، کیا آپ کی اس کتاب کی تمام احادیث صحیح ہیں؟ تو انھوں نے فرمایا: نہیں۔ تو پھر اس نے کہا کہ صحیح احادیث کو اکٹھا کیا جائے۔ تو آپ نے اس کے کہنے پر صحیح احادیث کو اکٹھا کیا اور اس مجموعہ کا نام ''المجتبیٰ'' رکھا۔ ''المجتبیٰ'' سنن کبیر کا خلاصہ ہے اس میں جتنی روایات ہیں وہ حسن ہیں اور ان کی اسناد میں کوئی کلام نہیں۔ مؤرخین نے یہی کہا ہے کہ یہ روایات جو نسائی کا مجموعہ ہے اس کو مجتبیٰ کا نام دیا گیا ہے، اس کو ''السنن'' کا نام نہیں دیا گیا اور یہ سنت کی بڑی کتب میں شمار ہوتی ہے۔ کتب خمسہ یا اصول خمسہ میں یہی مجتبیٰ

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ کتب خمسہ سے مراد بخاری، مسلم، سنن ابی داوٗد، ترمذی اور المجتبیٰ ہے۔

۴ عمل الیوم و اللیلة

یہ کتاب اوراد و افکار اور دعاؤں پر مشتمل ہے، جنکا ماخذ احادیثِ پیغمبرؐ ہیں۔

۵ الجمعه

اس میں جمعہ کی فضیلت کی احادیث، اذکار اور دعائیں جمع تھیں۔

۶ مسند علیؑ

اس میں حضرت امام علی علیہ السلام کے متعلق احادیث تھیں۔

۷ مسند مالک

اس میں فقیہہ مالک بن انس بن مالک بن ابوعامر بن عمرو بن حارث بن عثمان بن جثیل بن عمرو بن حارث حمیری اصبحی مدنی متوفی ۱۷۹ھ کے حالات زندگی تھے۔

۸ المناسک

اس کتاب میں حج کے احکام کے متعلق احادیث تھیں۔

۹ الضعفأ و المتروکین

یہ کتاب علم الرجال پر مشتمل تھی۔

۱۰ فضائل صحابہ

اس کتاب میں صحابہ کے فضائل درج ہیں۔

وہ کتابیں جن کی مدد سے حیات نسائی پر تحقیق کی گئی۔ جہاں جہاں اور جس جس کتاب میں نسائی کے بارے کچھ معلوم ہوا، اس کتاب کا نام اور مصنف کا نام یہاں لکھا

Presented by www.ziaraat.com

١۔ الاصابة	ابن حجر العسقلانی ٥٠٨:٣
٢۔ اخبار القضاة	محمد بن خلف بن حیان ١٩٠:٢
٣۔ اضواء علی السنة المحمدیة	محمود ابوریة ط صور ١٣٨٣ ص ٢٦٥
٤۔ الاعلام	خیرالدین الزرکلی ١٦٤:١ ط٢
٥۔ اعلام العرب	عبدالصاحب الدجیلی ط٢ ج ١٣٠:١
٦۔ اعلام المحدثین	محمد بن محمد ابوشهبة ط مصر ص ٢٦٠
٧۔ اعیان الشیعة	السید محسن الامین العاملی ٤٤٤:٨
٨۔ الانس الجلیل	مجیرالدین الحنبلی ط نجف ٨٠:٢
٩۔ البدایة والنهایة	ابن کثیر الدمشقی ١٢٣:١١
١٠۔ تاج التراجم	قاسم بن قطلوبغاص ٢٣ ط بغداد
١١۔ التاج المکال	صدیق البخاری القنوجی ص ٣٠
١٢۔ تاریخ ابن الوردی	زید الدین ابن الوردی ٢٥٤:١
١٣۔ تاریخ التمدن الاسلامی	جرجی زیدان ٦٨:٣ ط سنة ١٩٠٤
١٤۔ تاریخ کزیده	لغته فارسیة ٦٣٠ ط ایران
١٥۔ تحفة الأشراف	یوسف بن زکی المزی ص ١٨ ط الهند
١٦۔ تاریخ واسط	اسلم بن سهل الرزاز ص ٣٢٣ ط بغداد تحقیق کورکیس عواد
١٧۔ تذکرة الحفاظ	شمس الدین الذهبی ٢٤١٠٢ ط حیدرآباد
١٨۔ تنقیح المقال	الشیخ المامقانی ٧٢:١ ط نجف
١٩۔ تهذیب التهذیب	ابن حجر العسقلانی ٣٦:١ ط جیدرآباد
٢٠۔ جامع الرواة	محمد بن علی الاردبیلی ٥١:١ ط ایران
٢١۔ الحدیث و المحدثون	محمد محمد ابوزهر ٤٠٩ ط القاهرة
٢٢۔ الحرکة الفکریة فی مصر	عبداللطیف حمزة ١٨٦، ١٨٢، ٢٨٩
٢٣۔ حسن المحاضرة	جلال الدین السیوطی ١٤٧:١ ط مصر
٢٤۔ خریدة القصر	ابن العماد، ق العراقی ٨٢:٢ ط بغداد

Presented by www.ziaraat.com

٢٥ـ خلاصة تهذيب الكمال	ابن حجر المسقلا ٦٠
٢٦ـ دائرة المعارف	محمد فريد وجدى ١٨٦١٠ ط مصر
٢٧ـ دانشوران خراسان	غلام رضا رياضى ٣٢٤ لغته فارسية
٢٨ـ الذريعة	الشيخ آقابزرك الطهرانى ١٦٣٠٧ ط ايران
٢٩ـ الرسالة المستطرفة	محمدبن جعفرالكتانى ط بيروت ١٣٢٢
٣٠ روضات الجنات	السيد محمد باقر الخونسارى ٥٧
٣١ـ ريحانة الأدب	الشيخ محمد على الخيابانى ١٨٨٠٤ ط ايران لغته فارسية
٣٢ـ سفينة البحار	الشيخ عباس القمى ٥٨٨٠٢ ط نجف حجر
٣٣ـ شذرات الذهب	ابن العماد الحنبلى ٢٣٩٠٢ ط مصر
٣٤ـ طبقات الشافعية	تقى الدين السبكى ٨٣٠٢
٣٥ـ طبقات الصوفية	ابوعبدالرحمان السلمى ٩٠، ١٧، ٥٧، ١٨٧، ٢١٣، ٢٢٢، ٢٥٣، ٣٧٤، ٤١٧، ٤٥٩
٣٦ـ طبقات القراء	محمد الجزرى ٦١٠١ ط مصر
٣٧ـ العبر	شمس الدين الذهبى ١٢٣٠٢
٣٨ـ عصرسلاطين المماليك	محمود رزق سليم ٢٠٧٠٣
٣٩ـ الغدير	الشيخ عبدالحسين الأمينى ٩٩٠١ ط ايران
٤٠ـ فهرس الخزانة التيمورية	دارالكتب المصرية ٢٨٢٠٢
٤١ـ فهرست مخطوطات الظاهرية	يوسف العش ٢٣٥
٤٢ـ فهرست المكتبة الرضوية	ادارة المكتبة ٢٦٤٠٥ لغته فارسية ط ايران
٤٣ـ فهرست مكتبة نور الغيضية	الشيخ مجتبىٰ العراقى ٤٢٥٠٢ ط ايران
٤٤ـ فهرست مكتبة نورعثمانية	ادارة المكتبة ٤٩٠ ط استانبول
٤٥ـ فهرست مكتبة اياصوفية	ادارة المكتبة ٣٧
٤٦ـ قاموس الاعلام	ش سامى ٧٣٥٠١ لغتة تركية
٤٧ـ قاموس الرجال	الشيخ محمد تقى التسترى ٣٥٢٠١ ط ايران

Presented by www.ziaraat.com

٤٨ـ الكامل فی التاریخ	ابن الأثیر الجزری٦ ١٥٢ـ
٤٩ـ كشف الظنون	حـاجـی خلیفة ١٣٠، ٧٠٦، ١٠٠٦، ١٦٨٤، ١٦٨٥، ١٨٣٣، ١١٧٣، ١٤٠٩، ١٨٤٤ـ
٥٠ـ الكنی والألقاب	الشیخ عباس القمی ٣ ٢٠٥ ط صیدا
٥١ـ اللباب	ابن الاثیر٣ ٢٢٣ـ
٥٢ـ لباب الالقاب	الشریف الكاشانی ١٤١ ط ایران
٥٣ـ لغات تاریخیة	احمد رفعت٧ ٨١ لغته تركیة
٥٤ـ لغت نامه	علـی اكبـر دهـخدـ حـرف الالف ١١٩٦ لغتـه فارسیة
٥٥ـ مجمع الرجال	المولی علی القهپانی ط ایران ١ ١١٨ـ
٥٦ـ مختصر دول الاسلام	شمس الدین الذهبی١ ١٤٥ـ
٥٧ـ المختصر فی اخبار البشر	ابو الفداء٢ ٧٢ـ
٥٨ـ مرآة الجنان	الیافعی ٢ ٢٤٠ حیدرآباد
٥٩ـ مرآة الزمان	سبط ابن الجوزی ٧ورقة ٥٩ـ
٦٠ـ مشاهیر رجال العالم	عبدالحسین الشبستری١ـ حرف الألف خ
٦١ـ المشتبه	ابوعبدالله محمد الذهبی ٦٣٩ـ
٦٢ـ المجب فی تلخیص اخبار المغرب	عبدالواحد المراكشی ٢٧٩ـ
٦٣ـ معجم البلدان	الیاقوت الحموی ٨ ٢٨٢
٦٤ـ معجم المطبوعات العربیة	الیاس سركیس ٢ ١٨٥١ـ
٦٥ـ معجم المطبوعات النجفیة	محمدهادی الامینی ١٥٦ ط نجف
٦٦ـ معجم المؤلفین	عمر رضا كحالة١ ٢٤٤ ط دمشق
٦٧ـ مفتاح السعادة	طاش كبری٢ ١١ـ
٦٨ـ مفتاح الكنوز الخفیة	مولوی عبدالحمید١ ٥١ـ
٦٩ـ مقدمة سنن النسائی	محمد محمد عبداللطیف ١ ب ط مصر ١٣٤٨

Presented by www.ziaraat.com

۷۰. المنتظم	ابن الجوزی ۶ ۱۳۱۰ ط حیدرآباد.
۷۱. منجدالعلوم	فردینان توتل ۵۳۳۰.
۷۲. الموسوعة العربية	الميسرة: ۱۸۳۱.
۷۳. مؤلفین کتب چمابی	خانبابا مشار ۱ ۴۸۵ لغته فارسية ط ایران.
۷۴. النجوم الزاهرة	ابن تغری بردی ۲ ۱۸۸
۷۵. النسائی دراسة موجزة	عبدالصاحب عمران الدجيلي خ
۷۶. وفيات الأعيان	ابن خلكان ۱ ۲۵۰ ط مصر.
۷۷. هدية الاحباب	الشيخ عباس القمی ۲۷۲ ط ایران.
۷۸. هدية العارفين	البغدادی ۱ ۵۶۰ ط استانبول.

Presented by www.ziaraat.com

قدرت نے آپ کو خوبصورت جسم عطا کیا تھا، اچھا کھاتے تھے اور اچھا پہنتے تھے۔ آپ مرغ کا گوشت کثرت کیساتھ استعمال کرتے تھے، کھانے کے بعد منقیٰ کا پانی پیتے تھے۔ آپ کی ازواج کی تعداد چار تھی۔

آپ بہت زیادہ عبادت کرتے تھے، صومِ داؤدی کے پابند تھے۔ جب آپ دمشق تشریف لے گئے تو آپ کو معلوم ہوا کہ یہاں کے لوگ حضرت علی علیہ السلام پر تبرا کرتے ہیں، تو آپ نے وہاں یہی کتاب ''خصائص علی علیہ السلام'' مرتب کی اور ایک دن دمشق کی جامع مسجد میں تشریف لے گئے اور منبر پر جا کر فضائل و خصائص حضرت علی علیہ السلام بیان کرنے لگے، تو اس دوران ایک آدمی نے سوال کیا کہ آپ ایسی روایات بتائیں کہ جن سے امیرِ شام کی فوقیت حضرت علی علیہ السلام پر ظاہر ہو، تو جب اصرار بڑھا تو آپ نے کہا کہ مجھے ان کے بارے میں سوائے اس روایت کے کوئی روایت یاد نہیں:

لَااَشْبَعَ اللّٰهُ بَطْنَہٗ

اللہ اس کا پیٹ نہ بھرے۔

جب لوگوں نے ان کی زبانی یہ حدیث سنی، تو مشتعل ہو گئے اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑے۔ آپ کو اتنا مارا کہ آپ بُری طرح زخمی ہو گئے۔ جب آپ کو اپنے گھر لایا گیا، تو آپ نے کہا کہ مجھے مکہ لے چلو، آپ نے اسی سفر کے دوران رملہ نامی مقام پر وفات پائی، پھر آپ کو مکہ میں دفن کیا گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

کیا امام نسائی شیعہ تھے؟

مَیں نے محدث نسائی اوران کے علمی کارنامہ پر جتنی تحقیق کی ہے، ڈھیر ساری کتابیں ہیں، مَیں نے دیکھیں، مجھے کہیں کسی مقام پر کوئی ایسی نص نہیں ملی کہ جس سے ثابت ہو کہ آپ شیعہ تھے۔ آپ کے تمام اساتذہ اوران کے علاوہ جن کیساتھ آپ نے اپنی زندگی کے مختلف ادوار بسر کیے، ان میں کوئی بھی شیعہ نہیں ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ آپ شافعی مذہب کے پیروکار تھے۔ اہل سنت والجماعت کے تمام مصادر میں یہی موجود ہے کہ آپ سُنی العقیدہ تھے، تمام شیعہ مصنفین نے بھی یہی لکھا ہے کہ آپ سُنی تھے۔

ہاں کچھ لوگوں نے ان کی طرف تشیع کی نسبت دی ہے، لیکن ان کی تمام تصنیفات سے کہیں یہ امر ظاہر نہیں ہے۔ سید الامین نے ابن خلکان سے ایک قول نقل کیا ہے کہ جب آپ دمشق گئے اور آپ کو پتہ چلا کہ یہاں کے لوگ جناب امیر علیہ السلام پر تبرا کرتے ہیں، تو آپ نے کہا کہ ایسی کتاب لکھوں جس کے ذریعے اللہ انھیں ہدایت دے۔ سید الامین نے اس قول کی بنا پر اُن کو تشیع ثابت کیا ہے۔

مَیں اُن کے اس قول کو کافی نہیں سمجھتا، حالانکہ اکثر علماء نے ان کے بارے میں صریحاً لکھا ہے کہ وہ شافعی مذہب کے پیروکار تھے، سید الامین کے اس شدید اصرار کی سمجھ نہیں آتی کہ انھوں نے امام نسائی کو شیعہ ظاہر کرنے کی کاوش کیوں کی ہے؟

Presented by www.ziaraat.com

اس سے عجیب وغریب صاحب الذریعہ کا موقف ہے، اُس نے نسائی کی اس کتاب خصائص کا ذکر اپنی کتاب الذریعہ ص ۶۳ پر کیا ہے، اس میں لکھتے ہیں کہ خصائص علویہ امام نسائی ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب ابن علی بن سنان بن بحر خراسانی کی ہے، پھر اپنی رائے دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ وہ شیعہ تھے۔ مَیں کہتا ہوں کہ امام نسائی نے کہیں بھی اپنے تشیع کا اظہار نہیں کیا، اس کی کیا وجہ ہے کہ وہ اپنی کسی تصنیف میں بھی اس بات کا اظہار نہیں کرتا اور ان کی کسی کتاب سے یہ بات ثابت نہ ہے تو پھر اس ایک کتاب سے کیسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شیعہ تھے؟ تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں اُس کے علاوہ علم الرجال میں کہیں یہ بات نہیں ملتی کہ آپ شیعہ تھے۔ الذریعہ میں ہمارے بزرگ نے لکھ دیا ہے، لیکن ان کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے۔

لعلّ لها عُذراً وانت تلوم

وکم لائم قد لام وهو مليم

علامہ نسائی کو اپنے مکتب سے بے پناہ محبت تھی، مذہب شافعی کی ترویج وتبلیغ کیلئے اس نے بہت سی کتابیں لکھیں، مذہب شافعی کے آراء کے مطابق فقہ پر کتابیں لکھیں، پوری قوت وحماسہ کیساتھ ہمیشہ مکتب شافعی کا دفاع کیا، وہ اپنے مکتب کے لئے اس حد تک متعصب تھے کہ انھوں نے اپنے مسلک کی حقانیت کو ثابت کرنے کیلئے ضعیف احادیث کا بھی سہارا لیا، اس امر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے مسلک سے کس قدر خالص اور مخلص تھے۔

نسائی اور خصائص

آیئے کچھ نسائی اور ان کی کتاب خصائص کو دیکھیں آپ نے اس کتاب میں

Presented by www.ziaraat.com

جناب امیر علیہ السلام کے فضائل ومناقب اکٹھے کیے، اس عظیم کام کے دوران سند کا خاص خیال رکھا، لیکن جب آپ نے جناب حضرت ابوطالب علیہ السلام کا ذکر کیا تو دو ضعیف السند احادیث کا سہارا لیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ نسائی کو جناب حضرت ابوطالب علیہ السلام سے کتنی عداوت تھی کہ ایسی باتوں کا ذکر کیا جو ان کی شان کے خلاف تھیں۔ یہ باتیں اُسے نزاہت وتعفف کی حدود سے بہت دُور لے جاتی ہیں۔

آپ نے دو وضعی اور جعلی حدیثیں اپنے مجموعہ میں لکھ کر حضرت ابوطالب علیہ السلام کی فضیلت گھٹانے کی پوری کوشش کی۔ وضاعین تو درباری خدمت پر مامور تھے، ان کا تو فریضہ تھا، لیکن نسائی جیسے عالم سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی تھی کہ وہ ایسی باتوں کو جگہ دے، جنکی سند نہ ہو اور نہ کوئی تاریخی نص ہو، یا دوسرا امکان یہ ہے کہ ناشرین نے جب یہ کتاب چھاپی ہو تو اس دوران اُن دو جعلی احادیث کو بھی شامل کر دیا ہو۔

جب ایک باشعور انسان ان وضعی احادیث کو دیکھتا ہے تو حیران ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ان کے اس مجموعہ میں یہ جعلی احادیث کیسے آگئیں، حالانکہ ابن حجر کا قول ہے کہ:

> ''خصائص میں جناب امیر علیہ السلام کی مناقبت اور فضیلت میں جو احادیث ہیں ان کے اسناد صحیح اور جید ہیں۔''

جعلی احادیث پر ایک نظر

احمد بن حرب نے قاسم بن یزید سے، اُس نے ابوسفیان سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے ناجیہ بن کعب اسدی سے، اُس نے حضرت علی علیہ السلام سے...... آپؑ نے فرمایا ''جب میرے والد فوت ہوئے تو مَیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا اور عرض کیا تمہارا گمراہ چچا اس دُنیا سے رخصت ہوگیا ہے، اب

Presented by www.ziaraat.com

اس کو کون دفن کرے گا تو آپؐ نے فرمایا جاؤ اور اپنے باپ کے کفن دفن کا انتظام کرو، جب دفن کا کام مکمل ہو جائے تو میرے پاس چلے آنا، جب مَیں آیا تو فرمایا اے علیؑ ! غسل کرو اور میرے لئے دعا فرمائی تو اس کے بعد میرا یہ کام آسان ہو گیا۔"

دوسری حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے ابوداؤد سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے فضل ابومعاذ سے، اُس نے شعبی سے، اُس نے امام علی علیہ السلام سے سنا۔ یہاں راوی ناجیہ بن کعب اسدی ہے۔ ابن مدینی نے اس کے بارے میں کہا ہے کہ ابواسحاق کے علاوہ کسی نے اُس سے کوئی روایت نہیں لی۔ یہ راوی مجہول ہے، جوزجانی نے کہا کہ وہ مذموم ہے۔ ابن مندہ نے کہا کہ ناجیہ صحابی بھی نہیں ہے۔

ذہبی نے کہا کہ ابن حیان نے اس کی توثیق نہیں کی،

مونس بن اسحاق نے بھی یہی لکھا ہے کہ ناجیہ بن کعب سے کسی نے روایت نہیں کی،

جوزجانی نے اس کو ضعیف اور مذموم لکھا ہے،

یونس نے بھی یہی کہا ہے کہ ابن مدینی نے کہا کہ ناجیہ بن کعب سے صرف ابواسحاق نے روایت کی ہے۔ ابن مدینی نے یہ بھی کہا کہ ناجیہ شدید غافل ہے،

اثر نے کہا کہ مَیں نے احمد سے سنا کہ یونس نے اپنے باپ سے ضعیف احادیث نقل کی ہیں، عبداللہ بن احمد نے اپنے باپ سے سنا کہ اس کی یہ حدیث مضطرب ہے،

ابوحاتم نے کہا کہ وہ سچا تھا لیکن حدیث کے اعتبار سے حجت نہیں تھا، وہ حضرت عثمان کو حضرت علیؑ پر ترجیح دیتا تھا۔

یہ پہلی حدیث کا اسناد تھا، اب دوسری حدیث کو ملاحظہ فرمائیں:۔

پہلا راوی الشعبی عامر بن شراحیل بن عبد ہے، اس کے بارے میں ایک قول یہ

Presented by www.ziaraat.com

بھی ہے کہ اس کا نام عامر بن عبداللہ بن شراحیل الشعبی الحمیری ہے۔

حاکم نے لکھا ہے کہ اُس نے حضرت عائشہؓ، ابن مسعود، اسامہ بن زید اور حضرت علیؑ سے کچھ بھی نہیں سُنا۔

دار قطنی نے علل میں لکھا ہے کہ شعبی نے حضرت علی علیہ السلام سے ایک حرف تک بھی نہیں سُنا، البتہ بخاری نے اس سے رجم کی ایک روایت لی ہے اور وہ روایت یہ ہے کہ جب حضرت علیؑ نے ایک عورت پر حد جاری کی تو آپؑ نے فرمایا کہ مَیں نے حضرت رسولِ خدا کے طریقہ پر حد جاری کی ہے۔

ایک ایسا آدمی جس نے سوائے ایک دو حرف کے حضرت علیؑ سے کچھ اور نہ سُنا ہو تو ایسے آدمی سے یہ اختلافی روایات کس صورت میں لی جا سکتی ہیں اور وہ بھی حضرت ابو طالب علیہ السلام کے بارے میں۔

ان تمام روایاتِ ضعیف کی اُس وقت نفی ہو جاتی ہے جب صاحب الرسالہ کو دیکھا جاتا ہے۔

حضرت ابو طالبؑ تو وہ ہیں، جنہوں نے پیغمبر اکرمؐ کی ہر معاملے میں مدد فرمائی اور دینِ خداوندی کی آبیاری کی۔ حضرتؑ نے ناموسِ الٰہی کی ترویج و تبلیغ اور بقاء کیلئے اپنے قول و فعل، اپنے شعر و نثر میں ہر لحاظ سے کفار و مشرکین کا مقابلہ کیا۔ بعثت سے قبل اپنی زندگی کے آخری لمحے تک، پیغمبر اسلامؐ کی معاونت فرمائی، تاریخِ اسلام اپنی تاریخی نصوص کیساتھ ثابت کرتی ہے کہ وہ خالص ایمان کے مالک تھے، پیغمبر اسلامؐ جو شریعت کے امور لائے تھے تو اس رسالتِ الٰہیہ کیلئے آپ نے اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔

آپ کی وصیت کے آخری الفاظ آج تک محفوظ ہیں، جس میں آپ نے اپنی ساری اولاد کو اکٹھا کر کے فرمایا تھا ''اے میری اولاد! جو کچھ تم نے حضرت محمدؐ سے سُنا

Presented by www.ziaraat.com

ہے، اگر اُس پر قائم رہو گے تو ہمیشہ خیر کیساتھ رہو گے، اُن کے ہر امر کی اتباع کرو گے، اُن کی نصرت کرو گے تو راہِ ہدایت پالو گے۔"

شعبی نے حضرت عباس بن عبدالمطلب سے روایت کی ہے اور بعض لوگوں نے حضرت ابو بکر سے روایت کی ہے کہ جب حضرت ابو طالب علیہ السلام کا آخری وقت آیا تو آپ نے اپنی زبان پر کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ جاری فرمایا۔ [1]

مشہور روایات یہ ہیں کہ حضرت ابو طالبؑ نے وہ بات جو ابھی تک مخفی رکھی تھی وہ وقت وفات جاری فرما دی، وقتِ وفات ان کے بھائی حضرت عباس ان پر جھکے اور کان لگا کر سُنا تو وہ اپنی زبان سے توحید و رسالت کا اعلان فرما رہے تھے۔ حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ جب میرے والد کی وفات ہوئی تو رسولؐ خدا نے انہیں اپنی رضاؤں کا تحفہ دیا۔

ابن سعد نے اپنی کتاب طبقات میں یہ بات درج کی ہے کہ اُس نے عبید اللہ ابن رواج سے اُس نے حضرت علیؑ سے سُنا، آپؑ نے فرمایا "جب میں نے رسولؐ اللہ کو اپنے والد کی وفات کی خبر دی تو آپؐ نے فرمایا" جاؤ انہیں غسل دو، کفن دو اور دفن کرو، اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور ان پر رحم فرمائے۔"

برزنجی نے اسنی المطالب کے ص ۳۵ پر درج کیا ہے کہ جس کے راوی ابو داؤد، ابن جارود اور ابن خزیمہ ہیں۔

حضرت پیغمبرؐ نے جناب ابو طالبؑ کے جنازے میں اس لئے شرکت نہیں کی، کیونکہ آپ کو قریش کے سُفہاء کا خوف تھا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت جنازہ کا حکم نازل ہی نہیں ہوا تھا۔

جناب ابو طالبؑ کے ایمان پر علماء امامیہ کا اجماع ہے اور ان میں کوئی اختلاف

---

[1] [illegible] ص ۲۵۹۔

Presented by www.ziaraat.com

نہیں، کیونکہ ان کے پاس قطعی السند دلائل موجود ہیں۔

حجۃ الاسلام الشیخ الامینی نے ایمانِ ابوطالبؑ پر خاص وعام طریقے سے چالیس احادیث جمع کی ہیں، ان کے علاوہ ہمارے پاس اس موضوع پر مؤلفین کی ایک بہت بڑی تعداد ہے، جنہوں نے اس موضوع پر سیر حاصل بحثیں کی ہیں۔

کتاب الغدیر اٹھائیں اُس کی جلد ۷ کے ص ۳۳۰ تا ۴۰۹ اور جلد ۸ ص ۳ تا ۲۹ کو دیکھیں۔

امام نَسائی کی وفات

علامہ نسائی کی وفات کی تاریخ پر کسی کو کوئی اختلاف نہیں، آپ نے بروز منگل ۱۳ صفر ۳۰۳ھ میں وفات پائی، ہاں ان کے مقامِ وفات اور دفن میں اختلاف ہے۔ ان کی وفات کے بہت سے اسباب بیان ہوئے ہیں، سب سے بڑا مشہور سبب یہ ہے کہ جب آپ کو معلوم ہوا کہ شام میں مولائے متقیان امام علیؑ پر سب وشتم ہوتا ہے تو آپ شام گئے، وہاں دمشق کی جامع مسجد میں اپنی اس کتاب خصائص سے کچھ روایات بیان کیں، تو اس دوران کسی نے سوال کیا کہ امیرِ شام کے بارے میں گفتگو کریں، (واقعہ گذشتہ صفحات میں موجود ہے) شامی آپ پر پل پڑے، یہ واقعہ آپ کی وفات کا مشہور واقعہ ہے۔

مجیر الدین حنبلی نے کہا کہ امام محدث حافظ ابوعبدالرحمان بن شعیب نسائی رملہ میں دفن ہیں، وہ ۲۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۳ صفر ۳۰۳ھ رملہ میں دفن ہوئے۔

سبکی نے بھی طبقات شافعیہ میں ان کی قبر کے بارے میں یہی لکھا ہے۔ ایک روایت ہے کہ وہ "عکا" میں دفن ہوئے۔ (واللہ اعلم)

آخر میں، مَیں ان تمام احباب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کارِ خیر میں میری

Presented by www.ziaraat.com

معاونت فرمائی۔ سب سے زیادہ میں آیۃ اللہ العظمیٰ السید الحکیم کا شکر گزار ہوں، جن کے مکتبہ سے مَیں نے یہ کتابیں حاصل کیں اور ان کے مسئولین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قدم قدم پر میری حوصلہ افزائی کی۔

ابو علی

محمد ھادی الامینی

عفی اللہ عنہ و عن والدیہ

نجف اشرف عراق

Presented by www.ziaraat.com

صلاة أمیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام

اخبرنا محمد بن المثنی (1) قال: أنبأنا عبدالرحمان أعنی ابن المهدی (2) قال: حدثنا شعیب (3) عن سلمة بن کهیل (4) قال: سمعت حبة العرنی (5) قال: سمعت علیاً کرم اللّٰه وجهه یقول أنا أول من صلی مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله۔ (6)

---

(1) ابوموسی محمد بن المثنی بن عبیدبن قیس بن دینار العنزی البصری توفی۲۵۲/ ۲۵۱/ ۲۵۰ الحافظ المعروف بالزمن، تهذیب التهذیب۹۔۴۲۵، رجال الصحیحین۲۔۴۵۱، خلاصة تهذیب الکال۲۹٤

(2) الحافظ عبدالرحمان بن مهدی بن حسان بن عبدالرحمٰن العنبری المتوفی ۱۹۸ الامام العلم تهذیب التهذیب ٦۔۲۷۹، تذکرة الحفاظ ۱۔۳۰۱، رجال الصحیحین ۱۔۲۸۸

(3) ابوصالح شعیب بن الحجاب الازدی المغولی البصری المتوفی۱۳۰/۱۳۱ رجال الصحیحین۱۔۲۱۰، خلاصة تهذیب الکال۱٤۱، تهذیب التهذیب٤۔۳۵۰

(4) (٤)ابویحیی سلمة بن کہیل بن حصین الحضری التنمی المتوفی ۱۲۳، تهذیب التهذیب ٤۔۱۵۵، رجال الصحیحین۱۔۱۹۰، خلاصة تهذیب الکمال۱۲٦، شذرات الذہب۱۔۱۵۹، اللباب۲۔۱۳۳

(5) ابوقدامة حبة بن جوین بن علی بن عبدنہم العرنی البجلی الکوفی مات۷٦ /۷۹۔ تهذیب التهذیب ۲۔۱۷٦، خلاصة تهذیب الکمال۱۔٦۱، الاشتقاق۸۔۵۱، الاصابة۱۔۳۷۲

(6) الغدیر۳۔۲۲۲وفیه اخرجه احمد والحافظ الهیثمی فی مجمع الزوائد وقال رجاله رجال الصحیح

Presented by www.ziaraat.com

اخبرنا محمدبن المثنی، قال: حدثنا عبدالرحمان قال بحدثنا شبة، عن عمروبن مرة 7 ، عن أبی عمرة 8 ، عن زید بن أرقم 9 قال: أول من صلی مع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم علی رضی اللّٰہ عنه۔ 10

امیر المومنین حضرت امام علی علیہ السلام کی نماز

حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے عبدالرحمٰن سے، یعنی ابن مہدی سے، اُس نے شعیب سے، اُس نے سلمٰی بن کہیل سے، اُس نے حبہ عرنی سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے حضرت علی علیہ السلام سے سُنا، انھوں نے فرمایا کہ ''مَیں وہ پہلا شخص ہوں کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کیساتھ سب سے پہلے نماز پڑھی۔''

حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے عبدالرحمٰن سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے عمرو بن مرہ سے، اُس نے ابومرہ سے، اُس نے زید بن ارقم سے، اُس نے کہا کہ حضرت علیؑ پہلے شخص ہیں جس نے رسول ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔

7 عمرو بن مرة بن عبدالله بن طارق بن الحارث بن سلمة بن كعب بن وائل ابن جميل بن كنانة بن ناجية بن المرادي الأعمى المتوفى ١١٦، رجال الصحيحين ١٣٦٩٠، خلاصة تذهيب الكمال ٢٤٩، شذرات الذهب ١٥٢١.

8 تهذيب التهذيب ١٢:١٨٦.

9 ابوعامر زيد بن ارقم بن زيد بن قيس بن النعمان الأنصاری المتوفی ٦٦ تهذيب التهذيب ٣٩٤٣، رجال الصحيحين ١٤٣١، الاشتقاق ٤٥٣، الاصابة ١٥٦١.

10 الغدير ٣٢٢٥، مجمع الروائد ٩٢٠٣، الاستيعاب ٢٤٥٩٢، نظم درر السمطين ص ٨١.

Presented by www.ziaraat.com

اختلاف الفاظ الناقلین

اخبرنا محمد بن المثنى قال: أخبرنا محمد بن جعفر 1 عن غندر 2 قال: حدثنا شعبة عن عمرو بن مرة عن أبى حمزة 3 عن زيد بن أرقم قال أول من اسلم مع رسول الله صلى الله عليه وسلم على ابن أبى طالب رضى الله عنه۔ 4

اخبرنا عبدالله بن سعيد 5 قال: حدثنا ابن ادريس 6 قال: سمعت أبا حمزة مولى الأنصار قال: سمعت زيد بن أرقم يقول: أول من صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم على بن أبى طالب رضى الله عنه

---

1 ابوعبدالله محمد بن جعفر الهذلى المعروف بغندر صاحب الكرابيس المتوفى ۱۹۳، تهذيب التهذيب ۹: ۹۶، خلاصة تهذيب الكمال: ۲۷۲، شذرات الذهب ۱: ۳۳۳، الجرح والتعديل ۳ ق ۲: ۲۲۱

2 الصحيح على ما اعتقدان تكون الجملة هكذا المعروف بغندر كماستانى احاديث اخرى مروية عنه

3 تهذيب التهذيب ۱۲: ۷۸

4 الغدير ۳: ۲۲۵

5 ابوسعيد عبدالله بن سعيد بن حصين الكندى الكوفى المتوفى ۲۵۷. تهذيب التهذيب ۵: ۲۳۶، رجال الصحيحين ۱: ۲۵۰، تقريب التهذيب ۱: ۲۰

6 ابومحمد عبدالله بن ادريس بن يزيد بن عبدالرحمان الاودى الكوفى مات ۱۹۲، تهذيب التهذيب ۵: ۱۴۴، رجال الصحيحين ۱: ۲۴۶، تذكرة الحفاظ ۱: ۲۵۹

Presented by www.ziaraat.com

1 وقد قال فی موضع آخر :أسلم علی رضی اللّٰہ عنہ۔

اخبرنا محمد بن عبید بن محمد الکوفی 2 قال: حدثنا سعید بن خثیم 3 ،عن أسدبن وداعة 4 ، عن ابی یحییٰ بن عفیف 5 عن أبیه، عن جده عفیف، قال: جئت فی الجاهلیة الی مکّه وأنا ارید ان ابتاع لأهلی من ثیابها وعطرها، فأتیت العباس بن عبدالمطلب وکان رجلا تاجراً فأنا عنده جالس حیث انظر الی الکعبة، وقد حلقت الشمس فی السماء، فارتفعت وذهبت اذ جاء شاب فری ببصره الی السماء ثم قام مستقبل القبلة، ثم لم ألبث الا یسیراً حتی جاء غلام فقام علی عینه، ثم لم ألبت الا یسیراً حتی جائت امرأة فقامت خلفهما، فرکع الشاب فرکع الغلام والمرأة، فرفع الشاب فرفع الغلام والمرأة، فسجد الشاب فسجد الغلام والمرٔة،فقلت:: یاعباس أمرعظیم، قال العباس: أمر عظیم أتدری من هذا الشاب؟ قلت: لا، قال: هذا محمد بن عبداللّٰہ ابن اخی، أتدری من هذا الغلام؟ هذا علی ابن

1 الغدیر۳۰۳:۲۲۵ عن عدة طرق رجالها ثقات، نظم دررالسمطین ص۸۱۔

2 ابوجعفر محمد بن عبید بن محمد بن واقد المحساربی الکندی الکوفی المتوفی۲۴۵، تهذیب التهذیب۳۳۲:۹، خلاصة تهذیب الکمال:۲۸۹۔

3 ابومعمرسعید بن خثیم بن رشد الهلالی الکوفی مات۱۸۰، تهذیب التهذیب۲۲:٤، خلاصة تهذیب الکمال:۱۱٦، میزان الاعتدال۳۷۸:۱۔

4 اسد بن عبداللّٰہ بن یزید بن کرز بن عامر البجلی المتوفی ۱۲۰ کان أمیراً علی خراسان جواداً ممدحاً، تهذیب التهذیب۲۵۹:۱، خلاصة تهذیب الکمال:۲٦، الاشتقاق:۵۱۸۔

5 الصحیح یحییٰ بن عفیف الکندی ابن عم الأشعث بن قیس واخوه لامه، تهذیب التهذیب۲۳٦:۷ وج۲۵۸:۱۱، خلاصة تهذیب الکمال:۳٦٦، تقریب التهذیب:۲٦٦۔

Presented by www.ziaraat.com

اخی، أتدری من هذه المرأة؟ هذه خدیجة بنت خویلد زوجته، ان ابن اخی هذا اخبرنی ان ربه رب السماء والأرض أمره بهذا الدین الذی هوعلیه، ولا والله ما علی الأرض کلها احد علی هذا الدین غیر هؤلاء الثلاثة۔ (1)

احدثنااحمد بن سلیمان الرهاوی (2) قال:حدثناعبدالله بن موسی (3) قال:حدثنا العلاء بن صالح (4) عن المنهال (5) عن عمرو ابن عباد بن عبدالله (6) قال: قال علی رضی الله عنه: أنا عبدالله وأخو رسول الله وأنا الصدیق الأکبر، لایقولها بعدی الا کاذب آمنت قبل الناس سبع سنین (7)۔

---

(1) تاریخ الطبری۲۱۰:۲، الریاض النضرة۱۵۸:۲، الاستیعاب۴۵۹:۲، عیون الأثر۹۳:۱، الکامل لابن الأثیر۲۲:۲، السیرة الحلبیة۲۸۸:۱، الاصابة۴۸۷:۲، الغدیر۲۲۶:۳، المناقب للخوارزمی۲۰۰۔۱

(2) الحافظ ابوالحسین احمد بن سلیمان بن عبدالملک بن أبی شیبة الجزری الرهاوی المتوفی ۲۶۱، تهذیب التهذیب۳۳:۱، تذکرة الحفاظ۱۲۵:۲، شذرات الذهب۱۴۱:۲، الجرح والتعدیل ق۱/۱/۵۲۰۔

(3) ابومحمد عبدالله بن موسی بن شیبة الأنصاری، تهذیب التهذیب۴۵:۶، خلاصة تهذیب الکمال:۱۸۳۔

(4) العلاء بن صالح التیمی ویقال الأسدی الکوفی، وفی روایة سماه: علی ابن صالح ... تهذیب التهذیب۱۸۴:۸، الجرح والتعدیل ق۱ج۳۵۶:۳۔

(5) المنهال بن عمروالأسدی الکوفی ... تهذیب التهذیب۳۱۹:۱۰، خلاصة تهذیب الکمال:۳۳۲۔

(6) ابواسحاق عمروبن عبدالله بن عبیدالمتوفی ۱۲۶وهوابن۹۶، من اصحاب علی بن ابی طالب-ع-تهذیب التهذیب۶۳:۸، جامع الرواة۶۲۴:۱۔

(7) الغدیر۲۲۱:۳۔

Presented by www.ziaraat.com

ناقلین کے الفاظ کا اختلاف

حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے محمد بن جعفر سے، اُس نے غندر سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے عمرو بن مرہ سے، اُس نے ابوحمزہ سے، اُس نے زید بن ارقم سے، اُس نے کہا کہ سب سے پہلے جو رسول اللہ ﷺ کیساتھ اسلام لائے وہ حضرت علی علیہ السلام تھے۔

حدیث

ہم نے عبداللہ بن سعید سے، اُس نے ابن ادریس سے، اُس نے ابوحمزہ مولیٰ انصار سے، اُس نے حجرت زید بن ارقم سے، اُس نے کہا کہ سب سے پہلے جس نے رسول ﷺ کیساتھ نماز پڑھی وہ حضرت علیؑ ہیں۔ اُس نے ایک دوسرے مقام پر لفظ "اَسْلَمَ" کا استعمال یعنی حضرت علی علیہ السلام سب سے پہلے اسلام لائے۔

حدیث

ہم نے محمد بن عبید بن محمد کوفی سے، اُس نے سعید بن خثیم سے، اُس نے اسد بن وداعہ سے، اُس نے ابویحییٰ بن عفیف سے، اُس نے اپنے دادا عفیف سے، اُس نے کہا کہ زمانۂ جاہلیت میں مَیں ایک دفعہ اپنے گھر والوں کیلئے کپڑے اور عطر خریدنے کیلئے مکہ آیا، مَیں حضرت عباس بن عبدالمطلب کے پاس آیا، کیونکہ وہ تاجر تھے، مَیں ان کے پاس ایک ایسے مقام پر بیٹھا تھا کہ جہاں سے کعبہ بالکل سامنے تھا، اُس وقت سورج کے اردگرد ہالہ پڑا

Presented by www.ziaraat.com

ہوا تھا، پس وہ بلند ہوا اور آخر ختم ہو گیا۔

مَیں کیا دیکھتا ہوں کہ اچانک ایک نوجوان آیا، آسمان کیطرف نگاہ کی پھر کعبہ کی طرف اپنا رُخ کر کے کھڑا ہو گیا، تھوڑی دیر بعد ایک لڑکا آیا اور اُس نوجوان کے دائیں طرف کھڑا ہو گیا، پھر تھوڑی دیر بعد ایک خاتون آئی اور وہ ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ جب نوجوان نے رکوع کیا تو اُس لڑکے اور عورت نے رکوع کیا، نوجوان نے رکوع سے سَر اُٹھایا تو انھوں نے بھی اپنے سر اُٹھائے، پھر اس نوجوان نے سجدہ کیا تو ان دونوں نے بھی سجدہ کیا۔

تو اُس وقت مَیں نے کہا اے عباس! یہ تو کوئی امرِ عظیم معلوم ہوتا ہے؟ جناب عباس نے کہا جی ہاں، کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ نوجوان کون ہے؟ مَیں نے جواب دیا نہیں۔ کہنے لگے یہ محمدؐ ابن عبداللہ، میرا بھتیجا ہے، کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ لڑکا کون ہے؟ یہ بھی میرا بھتیجا ہے اس کا نام علیؑ ہے۔ کیا جانتے ہو کہ وہ خاتون کون ہے؟ میں نے کہا نہیں، کہا یہ خدیجہ بنت خویلد ہے جو اس نوجوان کی زوجہ ہے، میرے اس بھتیجے نے بتایا ہے کہ اس کا ربّ زمین و آسمان کا ربّ ہے اور وہ جس دین کا پیروکار ہے اُس کے ربّ نے اُسے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے، قسم بخدا روئے زمین پر ان تینوں کے سوا کوئی اس دین کا پیروکار نہیں ہے۔

حدیث

ہمیں احمد بن سلیمان رھاوی نے، اُس نے عبداللہ بن موسیٰ سے، اُس نے علاء بن صالح سے، اُس نے منہال سے، اُس نے عمر بن عباد بن عبداللہ سے، اُس نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا مَیں اللہ کا بندہ ہوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں اور میں ہی صدیقِ اکبر ہوں، میرے بعد جو بھی اس لقب کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہو گا، مَیں تمام لوگوں سے سات سال پہلے اسلام لایا ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

عبادته

(أخبرنا) علی بن نزار الکوفی [1] قاله: اخبرنا ابن فضل [2] قال: اخبرنا الاصلح [3] عن عبداللّٰه ابن ابی الهذیل [4] عن علی رضی اللّٰه عنه قال: ماعرف احداً من هذه الامة عبداللّٰه بعد نبیا غیری عبدت اللّٰه قبل ان یعده احد من هذه الامة تسع سنین [5]۔

عبادت

حدیث

ہم نے علی بن زار کوفی سے، اُس نے ابن فضل سے، اُس سے اصلح سے، اُس نے عبداللہ بن ابی ھذیل سے، اُس نے حضرت علیؑ سے، آپؑ نے فرمایا: مَیں اس اُمت کے کسی ایک فرد کو بھی نہیں جانتا کہ جس نے رسول ﷺ کے بعد میرے علاوہ اللہ تعالیٰ کی بندگی وعبادت کی ہو۔ مَیں نے اس اُمت کے ہر فرد کی عبادت سے نو سال پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہے۔

---

[1] علی بن نزار بن حیان الاسدی الکوفی ـ تهذیب التهذیب۷:۳۸۹۔

[2] محمد بن فضیل بن غزوان بن جریر الضی المتوفی ۱۹۵ ـ تهذیب التهذیب۹:۴۰۵، تقریب التهذیب:۳۳۵، الجرح والتعدیل ج۴ق۱:۵۷۔

[3] لم اهتدالی اسمه فی کتب الرجال۔

[4] ابوالمغیرة عبدالله بن ابی الهذیل الغنزی الکوفی توفی فی ولایة خالد القسری تهذیب التهذیب۶:۶۲، خلاصة تهذیب الکمال۱۸۴، تقریب التهذیب:۲۱۹۔

[5] الغدیر۳:۲۲۲ نقلا عن الخصائص

Presented by www.ziaraat.com

منزلة علی ابن ابی طالب علیہ السلام

اخبرنا هلال بن بشير البصری (1) قال: حدثنا محمد بن خالد (2) قال: حدثنی موسی بن یعقوب (3) قال: حدثنا مهاجر بن سمار بن سلمة (4) عن عائشة بنت سعد (5) قالت: سمعت أبي يقول: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم الجحفة فأخذ بیدعلی، فخطب فحمد الله وأثنی علیه، ثم قال: أیهاالناس انی ولیکم، قالوا: صدقت یارسول الله، ثم اخذ بیدعلی فرفعها فقال: هذا ولي یویؤدی عنی دینی، وأنا موالی من والاه ومعادی من عاداه۔ (6)

---

(1) (۱)ابوالحسن هلال بن بشیر بن محبوب بن هلال بن ذکوان المزنی المتوفی۲٤٦۔ تهذیب التهذیب۱۱:۷٥۔

(2) (۲)ابوالحسین محمد بن خالد الکلاعی الحمصی ۔۔ تهذیب التهذیب۹:۱٤٠، تقریب التهذیب۲:۱٥۷، الجرح والتعدیل۳ق۲:۲٤۳۔

(3) (۳)ابومحمد موسی بن یعقوب بن عبدالله بن وهب الأسدی الزمعی، مات فی آخر خلافة ابی جعفر المنصور تهذیب التهذیب۱۰:۳۷۸، تقریب التهذیب۲:۲۸۹، میزان الاعتدال٤:۲۲۷۔

(4) (٤)الصحیح مهاجر بن مسمار الزهری مولی سعد المتوفی ۱۰٥۔ تهذیب التهذیب۱۰:۳۲٤، تقریب التهذیب۲:۲۷۸، الجرح والتعدیل٤ق۱:۲٦۱۔

(5) (٥)عائشة بنت سعد بن ابی وقاص توفیت۱۱۲، روت عن ابیها وعدة من ازواج النبی(ص) اعلام النساء۳:۱۳٥۔

(6) (٦)الغدیر۱:۳۸۔

Presented by www.ziaraat.com

اخبرنا قتیبة بن سعید البلخی (1)، وهشام بن عمار الدمشقی (2) قالا: حدثنا حاتم (3) عن بکیر بن مسمار (4) عن عامر بن سعد بن ابی وقاص (5) قال: أمر معاویة سعداً فقال: مایمنعك ان تسب أباتراب؟ فقال أنا ذكرت ثلاثاً قالهن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم فلن أسبه لئن یكون لی واحدة منها احب الی من حمر النعم، سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم یقول له وخلفه فی بعض مغازیه، فقال له علی: یارسول اللّٰہ أتخلفنی مع النساء والصبیان؟ فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: أما ترضی ان تكون منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبوة بعدی۔ وسمعته یقول یوم خیبر: لأعطین الرایة غداً رجلاً یحب اللّٰہ ورسوله ویحبه اللّٰہ ورسوله فتطاولنا الیها، فقال: ادعوا الی علیاً، فأتی به أرمد، فبصق فی عینیه ودفع الرأیة الیه۔ ولما نزلت: ((انما یرید اللّٰہ لیذهب عنكم الرجس اهل البیت ویطهركم تطهیراً)) (6) دعا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم علیاً وفاطمة وحسناً

---

(1) فی المعاجم ان اسمه علی بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبدالله الثقفی المتوفی ۲٤۰، ۲٤۱ تهذیب التهذیب۸۰۳٦۰، تقریب التهذیب۲۰۲۲۱۔

(2) ابوالولید هشام بن عمار بن نصیر بن میسرة بن ابان السلیمی المتوفی۲٤۵ تهذیب التهذیب۱۱۰۵۱، الجرح والتعدیل٤ق۲۰٦٦، میزان الاعتدال٤۰۲۰۳، تقریب التهذیب۲۰۰۲۳

(3) ابواسماعیل حاتم بن اسماعیل المدنی المتوفی۱۸٦ تهذیب التهذیب۲۰۱۲۸، میزان الاعتدال۱۰۲۸٤، تقریب التهذیب۱۰۱۳۷۔

(4) ابومحمد بکیر بن مسمار الزهری المتوفی۱۵۳ تقریب التهذیب ۱۰۱۰۸، الجرح والتعدیل۱ق۱۰۳۰٤، میزان الاعتدال۱۰۰۳۵۔

(5) توفی۱۰٤ تهذیب التهذیب۵۰٦٤، تقریب التهذیب۱۰۳۸۷

(6) سورة الأحزاب۳۳۔

وحسیناً فقال: اللهم هؤلاء اهل بیتی. 1

اخبرنا حرمی بن یونس بن محمد الطرسوسی 2 قال: أخبرنا ابوغسان 3 قال: أخبرنا عبدالسلام 4 عن موسی الصغیر 5 عن عبدالرحمان بن سابط 6 عن سعد قال: کنت جالساً فتنقصوا علی بن ابی طالب رضی الله عنه فقلت: لقد سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول فی علی خصال ثلاث لئن یکون لی واحدة منهن احب الی من حمر النعم، سمعته یقول: انه منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لانبی بعدی،

---

1 (١٣) الغدیر ١:٣٨، بألفاظ مختلفة واسانید رجالها ثقات کمافی سنن ابن ماجه ١:٣٠، المستدرک ٣:١١٦، حلیة الأولیاء ٤:٣٥٦، کفایة الطالب ١٦

2 (١٤) اسمه الصحیح: ابراہیم بن یونس بن محمد البغدادی نزیل مارسوس ویلقب بحرمی تهذیب التهذیب ١:١٧٥، تقریب التهذیب ١:٤٧، الجرح والتعدیل ١ ق ١:١٤٦

3 (١٥) ابوغسان یوسف بن موسی التستری الیشکری نزیل الری تهذیب التهذیب ١١:٤٢٥، تقریب التهذیب ٢:٣٨٣، خلاصة تهذیب الکمال ٣٨٧

4 (١٦) الحافظ ابوبکر عبدالسلام بن حرب بن سلم النهدی المسلائی الکوفی البصری المتوفی ١٨٧ تهذیب التهذیب ٦:٣١٦، تذکرة الحفاظ ١:٢٢١، میزان الاعتدال ٢:٦١٤، تقریب التهذیب ١:٥٠٥

5 ابو عیسی موسی بن مسلم الخرامی الطحان المعروف بموسی الصغیر تهذیب التهذیب ١٠:٣٧٢، تقریب ٢:٢٨٨، میزان الاعتدال ٤:٢٧١، میزان الاعتدال ٢:٦١١، تقریب التهذیب ١:٥٠٥

6 (١٨) عبدالرحمان بن عبدالله بن عبدالرحمان بن سابط بن ابی حمیضة بن عمرو ابن اهیب الجمحی المکی تهذیب التهذیب ٦:١٨٠، الجرح والتعدیل ٢:٢٤٠ اسد الغایة ٣:٢٩٥، تقریب التهذیب ١:٤٨٠

Presented by www.ziaraat.com

وسمعته يقول: لأعطين الراية غلاًرجلاً يحب اللّٰه ورسوله ويحبه اللّٰه ورسوله۔ وسمعته يقول: من كنت مولاه فعلى مولاه۔ (1)

اخبرنا زكريا بن يحيى السجستانى (2) قال: اخبرنا نصر بن على (3) قال: حدثنا عبداللّٰه بن داود (4) عن عبدالواحد بن أيمن (5) عن ابيه، أن سعداً قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لأدفعن الراية الى رجل يحب اللّٰه ورسوله ويحبه اللّٰه ورسوله ويفتح اللّٰه بيده۔ فاستشرف لها اصحابه فدفعها الى على۔ (6)

اخبرنا زكريا بن يحيى، قال حدثنا الحسن بن حماد (7)، قال:

---

(1) (١٩)الغدير١:٣٨، ٤١، عن البداية والنهاية٧:٣٤٠، المناقب للخوارزمى ١٩وفيه:عن عمربن الخطاب۔

(2) الحافظ ابوعبدالرحمان زكريا بن يحيى بن اياس بن سلمة السجزى المتوفى٢٨٩، تهذيب التهذيب٣:٣٣٤، تذكرة الحفاظ٢:٦٥٠، تاريخ ابن عساكر٥:٣٧٧، خلاصة تهذيب الكمال٤:١٠١، شذرات الذهب٢:١٩٦۔

(3) الحافظ ابوعمرونصر بن على بن صهبان الازدى الجهضمى البصرى المتوفى٢٥٠ تهذيب التهذيب١٠:٤٣٠، تقريب التهذيب٢:٣٠٠، تذكرة الحفاظ٢:٥١٩، الجرح والتعديل٤ ق١:٤٧١ تاريخ بغداد١٣:٢٨٧۔

(4) الحافظ ابوعبدالرحمان عبدالله بن داود بن عامر بن الربيع الهمدانى مات ٢١٣۔ تهذيب التهذيب٥:٢٠٠، تذكرة الحافظ١:٣٣٧، خلاصة تهذيب الكمال:١٦٦، شذرات الذهب٢:٢٩۔

(5) عبدالواحد بن أيمن المخزومى، تهذيب التهذيب٦:٤٣٣، تقريب التهذيب١:٥٢٥، الجرح والتعديل٣ق١:١٩۔

(6) الغدير١:٣٨بأسانيد مختلفة۔

(7) ابوعلى الحسن حماد الضبى الوراق الكوفى الصيرفى المتوفى٢٣٨ تهذيب التهذيب٢:٢٧٢، تقريب التهذيب١:١٦٥، خلاصة تهذيب الكمال:٦٦، الجرح والتعديل١ق٢:٩۔

Presented by www.ziaraat.com

أخبرنا مسهر بن عبدالمللك (1)، عن عيسى بن عمر (2)، عن السدی (3) عن أنس بن مالك (4)، ان النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم كان عنده طائر فقال: اللهم ائتی بأحب خلقك اليك يأكل معی من هذا الطير۔ فجاء ابوبكرفرده، ثم جاء عمرفرده، ثم جاء علی وأذن له۔ (5)

اخبرنا احمد بن سليمان الرهاوی، (6) حدثنا عبداللّٰه (7) اخبرنا ابن ابی ليلی (8)، عن الحكم بن منهال، (9) عن عبدالرحمان

---

(1) ابومحمد مسهر بن عبدالملك بن سلع الهمدانی، تهذيب التهذيب ۱۰: ۴۹، ميزان الاعتدال ۴: ۱۱۳، تقريب التهذيب ۲: ۲۴۹، الجرح والتعديل ۴ ق ۱: ۴۰۱۔

(2) ابوعمرعيسى بن عمر الأسدی الهمدانی الكوفی القاریء الأعمی صاحب الحروف مات ۱۵۶، تهذيب التهذيب ۷: ۲۲۲، شذرات الذهب ۱: ۲۴۲، بغية الوعاة ۲: ۲۳۷، تقريب التهذيب ۲: ۱۰۰۔

(3) اسماعيل بن عبدالرحمان بن ابی كريمة ابومحمد السدی القرشی مات ۱۲۷۔ تهذيب التهذيب ۱: ۳۱۳، شذرات الذهب ۱: ۱۷۴۔

(4) ابوحمزة مات ۹۲۔۹۳ التهذيب ۱: ۳۷۶، شذرات الذهب ۱: ۱۰۰، الاشتقاق: ۳۴۳، الجرح والتعديل ۱ ق ۱: ۲۸۶، اسدالغابة ۱: ۱۲۷۔

(5) كفاية الطالب: ۵۶، الغدير ۳: ۲۱۸۔

(6) الحافظ ابوالحسن احمد بن سليمان بن عبدالملك بن ابی شيبة الجزری الرهاوی مات ۲۶۱۔ تذكرة الحفاظ ۲: ۵۵۹، تهذيب التهذيب ۱: ۳۳، الجرح والنعديل ۱ ق ۱: ۵۲، شذرات الذهب ۲: ۱۴۱۔

(7) ابومحمد عبداللّٰه بن عيسى بن عبدالرحمان بن أبی ليلی الانصاری الكوفی المتوفی ۱۳۵، تهذيب التهذيب ۵: ۳۵۲، خلاصة تهذيب الكمال: ۱۷۷۔

(8) ابوعبدالرحمان محمدبن عبدالرحمان بن ابی ليلی الانصاری الفقيه قاضی الكوفة ۱۴۸، تهذيب التهذيب ۹: ۳۰۱، خلاصة تهذيب الكمال: ۲۷۸، تقريب التهذيب ۱: ۴۳۹، شذرات ۱: ۲۲۴۔

(9) الصحيح المنهال بن عمروالأسدی كافی تهذيب التهذيب ۱۰: ۳۱۹، وقدمرت الاشارة اليه ص ۴۷۔

Presented by www.ziaraat.com

ابن ابی لیلی، عن ابیه [1] قال لعلی و کان یسیر معه: ان الناس قد انکروا منك شیئاً تخرج فی البرد فی الملاء تین، وتخرج فی الحر فی الخشن والثوب الغلیظ۔ فقال: ألم تکن معنا بخیبر؟ قال: بلی۔ قال: بعث رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ابابکر وعقدله لواء فرجع، وبعث عمر وعقد له لواء فرجع، فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: لأعطین الرایة رجلاً یحب اللّٰہ ورسوله ویحبه اللّٰہ ورسوله لیس بفرار۔ فأرسل الی وأنا أرمد فتفل فی عینی فقال: اللهم اکفه أذی الحر والبرد۔ قال: ماوجدت حراً بعد ذلك ولابرداً۔ [2]

اخبرنا محمد بن علی بن هبة الواقدی، [3] قال: أخبرنا معاذ بن خالد، [4] قال: اخبرنا الحسین بن واقد، [5] عن عبداللّٰہ بن بریدة [6]

---

[1] ابوعیسی عبدالرحمان بن ابی لیلی مات۸۳، وفی اسم ابیه اختلاف تهذیب التهذیب۶:۲۶۰، شذرات الذهب۱:۹۲، میزان الاعتدال۲:۵۸۴، الجرح والتعدیل۲ق۲:۳۰۱، اسد الغابة۵:۲۳۱۔

[2] حلیة الأولیاء۴:۳۵۶، المستدرک۳:۳۷، الغدیر۱:۳۸، تذکرة الخواص ۲۵

[3] لیس فی کتب الرجال من یعرف بهذا الاسم، والذی یروی عن معاذ هو محمد بن علی بن حرب کافی التهذیب۱۰:۱۸۹ ولعله تصحیف وفیه سقط

[4] ابوبکر معاذ بن خالد بن شفیق بن دینار بن مشعب المبدی مات قبل المائتین تهذیب التهذیب ۱۰:۱۸۹، الجرح والتعدیل۴ق۱:۲۵۰

[5] ابوعبداللّٰہ الحسین بن واقد المروزی قاضی مروالمتوفی ۱۵۹، تهذیب التهذیب۲:۳۷۳، اخبار القضاة ۲:۳۰۸، ۴۲۶۔

[6] ابوسهل عبداللّٰہ بن بریدة بن الحصیب الاسلمی المروزی قاضی مرو مات۱۱۰ تهذیب التهذیب۵:۱۵۷، اخبار القضاة۱:۱۴، ۱۵، ۱۶، میزان الاعتدال۲:۳۹۶۔

Presented by www.ziaraat.com

قال: سمعت ابی بريدة (1) يقول: حاصرنا خيبر فأخذ الراية ابوبكر ولم يفتح له، فأخذه من الغد عمر فانصرف ولم يفتح له، وأصاب الناس شدة وجهد، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اني دافع لوائي غداً الى رجل يحب الله ورسوله ويحبه الله ورسوله لا يرجع حتى يفتح له. وبتنا طيبة أنفسنا ان الفتح غداً، فلما أصبح رسول الله ﷺ صلى الغداة، ثم جاء قائماً ورمى اللواء والناس على أقصافهم، في منا انسان له منزلة عندالرسول صلى الله عليه وسلم الا وهو يرجو أن يكون صاحب اللواء، دعا علي بن أبي طالب رضي الله عنه وهو أرمد فتفل ومسح في عينيه، فدفع اليه اللواء وفتح عليه.

قالوا: أخبرنا ممن تطاول بها. (2)

اخبرنا محمد بن بشار بن دار البصرى (3)، اخبرنا محمد بن جعفر، (4) قال: حدثنا عوف، (5) عن ميمون، (6) عن أبي عبدالله عبدالسلم (7):

---

(1) ابوعبدالله بريدة بن الحصيب بن عبدالله بن الحارث شهد خيبر وفتح مكة توفى ٦٣ تهذيب التهذيب ١ ٤٣٢، اسد الغاية ١ ١٧٥، تجريد اسما، الصحابة ١ ٥٠

(2) الغدير ١ ٢٠٠، بأسانيد مختلفة رجالها ثقات

(3) الصحيح الحافظ ابوبكر محمد بن بشار بن عثمان بن داود بن كيسان العبدى البصرى بندار المتوفى ٢٥٢ تهذيب التهذيب ٩ ٧٢، تذكرة الحفاظ ٢ ٥١١، شذرات الذهب ٢ ١٢٦، ميزان الاعتدال ٣ ٤٩، الجرح والتعديل ٣ ق ٢ ٢١٤

(4) (٤٤) مرت الاشارة الى ترجمته ص ٤٥

(5) ابوسهل عوف بن ابى جفيلة العبدى الهجرى مات ١٤٧، تهذيب التهذيب ٨ ١٦٧، شذرات الذهب ١ ٢١٧، ميزان الاعتدال ٣ ٣٠٥، الجرح والتعديل ٣ ق ٢ ١٥

(6) ابوعبدالله ميمون البصرى الكندى القرشى تهذيب التهذيب ١٠ ٣٩٣، خلاصة تهذيب الكمال ٣٣٨

(7) ابوطالوت عبدالسلام بن ابى حازم شداد العبدى القيسى - تهذيب التهذيب ٦ ٣١٦، تقريب التهذيب ١ ٥٠٥، الجرح والتعديل ٣ ق ١ ٤٥

Presented by www.ziaraat.com

ان عبدالله بن بريدة حدثه عن بريدة الأسلمی، قال: لما كان يوم خيبر نزل رسول الله صلى الله عليه وسلم بحصن أهل خيبر، أعطى رسول الله صلى الله عليه وسلم اللواء عمر، فنهض فيه من نهض من الناس فلقوا أهل خيبر، فانكشف عمر واصحابه فرجعوا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لأعطين اللواء رجلاً يحب الله ورسوله ويحبه الله ورسوله۔ فلما كان من الغد تصادر ابوبكر وعمر، فدعا علياً وهو أرمد فتفل فی عينيه ونهض معه من الناس من نهض فلقى اهل خيبر، فاذا مرحب يرتجز:

قد علمت خيبر انی مرحب شاكی السلاح بطل مجرب

اذا الليوث أقبلت تلهب أطعن احياناً وحيناً أضرب (1)

فاختلف هو وعلی ضربتين فضربه على هامته، حتى مضى السيف منها منتهى رأسه، وسمع اهل السكر صوت ضربته، فما تتام آخر الناس مع علی حتى فتح لأولهم۔ (2)

اخبرنا قتيبة بن سعيد، (3) قال حدثنا يعقوب بن عبدالرحمان

---

(1) فی نسخة: اذا الحروب اقبلت تلهب، وفی المناقب الخوارزمی:۱۰۳ مع حذف الشطر الثانی من البيت الثانی، وفيه ان الامام أجابه:

أنا الذی سمتنی امی حيدرة ❁ ضرغام آجام وليست قسورة

اكيلكم بالسيف كيل السندرة

(2) المستدرك ۳:۳۹، كفاية الطالب: ۳۷، تذكرة الخواص:۲۶۔

(3) الحافظ قتيبة بن سعيد بن جميل بن طريف بن عبدالله الثقفی المتوفى ۲٤۰۔ تهذيب التهذيب۸:۳۵۹، شذرات الذهب۲:۹٤، تاريخ بغداد۱۲:٤٦٤

Presented by www.ziaraat.com

الزهری، [1] عن ابی حازم، [2] قال: اخبرنی سهیل بن سعد [3] أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم قال یوم خیبر: لأعطین هذه الرایة غداً رجلاً یفتح اللّٰہ علیه یحب اللّٰہ ورسوله ویحبه اللّٰہ ورسوله۔ فلما اصبح الناس غدو علی رسول اللّٰہ علیه وسلم کلهم یرجو ان یعطی، فقال: أین علی بن أبی طالب: فقالوا: علی یارسول اللّٰہ یشتیکی عینیه، قال! فارسلواالله: فاتی به ،فیصق رسول الله صلی علیه وسلم فی عینیه ودعا له، فبرأ حتی کأن لم یکن به وجع فأعطاه الرایة، فقال علی: یارسول اللّٰہ أقاتلهم حتی یکونو مثلنا، فقال: انفذ علی رسلك حتی تنزل بساحتهم ثم ادعهم الی الاسلام، واخبرهم بما یجب علیهم من اللّٰہ، فواللّٰہ لئن یهدی اللّٰہ بك رجلاً واحداً خیر من أن یکون لك حمر النعم۔ [4]

---

[1] یعقوب بن عبدالرحمان بن محمد بن عبداللّٰہ بن عبدالقاری المدنی۔ تهذیب التهذیب ۱۱: ۳۹۱، الجرح والتعدیل ٤ ق ۲، رجال الصحیحین ۲: ٥۸۸۔

[2] ابوحازم سلمة بن دینار الاعرج الافزرالتمار المدنی القاص مات ۱٤٤۔ تهذیبالتهذیب ٤: ۱٤۳، رجال الصحیحین ۱: ۱۹۱۔

[3] أبوالعباس سهل بن سعد بن مالك بن خالد الساعدی الخزرجی الانصاری مات سنة ۹۱۔ تهذیب التهذیب ٤: ۲٥۲، تقریب التهذیب ۱: ۳۳٦، خلاصة تهذیب الکمال ۱۳۳، رجال الصحیحین ۱: ۱۸٦۔

[4] کفایة الطالب ۳۷-۳۸، المستدرك ۳: ۳۹، الغدیر ۱: ٤٥، حلیة الأولیا ۱: ٦۲، المناقب للخوارزمی: ۱۰٥۔

Presented by www.ziaraat.com

نگاہِ پروردگار میں منزلت امیر کائنات علیہ السلام

حدیث

ہم نے ھلال بن بشیر بصری سے، اُس نے محمد بن خالد سے، اُس نے موسیٰ بن یعقوب سے، اُس نے مہاجر بن سمار بن سلمہ سے، اُس نے عائشہ بنت سعد سے، اُس نے اپنے والد سے، اُس نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا "جحفہ کے روز رسول اللہ نے حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور خطبہ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد خطبہ دیا" اے لوگو! میں تمہارا ولی ہوں تو حاضرین نے کہا یا رسول اللہ آپ سچ فرما رہے ہیں، پھر آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور بلند کیا اور فرمایا "یہ میرا ولی ہے اور میری طرف سے میرا قرض ادا کرے گا، جو اس کو دوست رکھے گا میں اُس کو دوست رکھوں گا جو اس سے دشمنی کرے گا میں اس کا دشمن ہوں گا۔

حدیث

ہم نے قتیبہ بن سعید بلخی سے اور ھشام بن عمار دمشقی سے، انہوں نے حاتم سے، اُس نے بکیر بن مسمار سے، اُس نے عامر بن سعد بن ابی وقاص سے، اُس نے کہا معاویہ نے سعد سے کہا کہ ابوتراب کو گالیاں دینے سے تجھے کونسی بات مانع ہے؟ حضرت سعد نے جواب دیا کہ مجھے رسول اللہ کی تین باتیں یاد ہیں کہ جن کی بنا پر میں انہیں ہرگز گالیاں نہیں دوں گا، اگر ان میں سے ایک بھی بات مجھ میں پائی جائے تو وہ مجھے سُرخ اونٹوں سے، زیادہ پسند ہے۔ میں نے حضرت علیؑ کے بارے میں رسولؐ اللہ سے سُنا کہ کسی غزوہ میں میں آپؐ

Presented by www.ziaraat.com

نے حضرت علی علیہ السلام کو مدینہ میں چھوڑا تو حضرت علیؑ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کیا آپؐ مجھے عورتوں اور بچّوں میں پیچھے چھوڑے جا رہے ہیں تو رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اے علی کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تجھے مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی، مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

جنگ خیبر کے موقع پر مَیں نے آپؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کل مَیں اُس مرد کو علم دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت رکھتے ہیں، پس ہم سب اپنی اپنی گردنیں بلند کر کے علم کی طرف دیکھتے تھے، آپؐ نے فرمایا علیؑ کو میرے پاس بلاؤ، جب آپ تشریف لائے تو آپ کی آنکھیں دُکھ رہی تھیں، آپؐ نے حضرت علیؑ کی آنکھوں میں لعاب دھن لگایا اور علم بھی انھیں عطا فرمایا۔

جب آیت تطہیر "**انما یرید اللّٰہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا**" نازل ہوئی تو رسول اکرم ﷺ نے حضرت علیؑ، حضرت فاطمۃ زہراؑ، حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کو بلایا اور فرمایا: "اے میرے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں۔"

حدیث

ہم نے حرمی بن یونس بن محمد طرطوسی سے، اُس نے ابوغسان سے، اُس نے عبدالسلام سے، اُس نے موسیٰ صغیر سے، اُس نے عبدالرحمان بن سابط سے، اُس نے سعد سے، انہوں نے کہا کہ مَیں بیٹھا ہوا تھا کہ اس مجلس میں لوگ حضرت علیؑ کے عیب بیان کرنے لگے، تو مَیں نے اُن سے کہا (تم یہ کیا کہہ رہے ہو؟) حالانکہ مَیں نے حضرت رسول خداؐ سے حضرت علیؑ کے تین فضائل اپنے کانوں سے سُنے ہیں، اگر ان میں سے کوئی ایک فضیلت مجھے حاصل ہو جائے تو وہ مجھے سُرخ اونٹوں سے زیادہ بھلی لگتی۔

Presented by www.ziaraat.com

آپؑ فرما رہے تھے کہ علیؑ کو مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی مگر میرے بعد نبی نہیں۔

آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ کل مَیں علم اُس مرد کو عطا کروں گا جو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں۔

مَیں نے آپؐ کو یہ فرماتے ہوئے بھی سُنا ''جس کا مَیں مولا ہوں علیؑ اُس کا مولا ہے۔''

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ بجستانی سے اُس نے نصر بن علی سے، اُس نے عبداللہ بن داؤد سے، اُس نے عبدالواحد بن ایمن سے، اُس نے اپنے باپ سے، اُس نے سعد سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا آپؐ نے فرمایا: ''کل مَیں علم اُس مرد کو دوں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اللہ اور اُس کے رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں اور اللہ اُس کے ذریعے (خیبر) کی فتح عطا فرمائے گا، اُس وقت تمام اصحاب علم کی طرف نظریں اُٹھا اُٹھا کر دیکھنے لگے لیکن آپؐ نے وہ علم حضرت علیؑ کو عطا فرمایا۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے حسن بن حماد سے، اُس نے مسھر بن عبدالمالک سے، اُس نے عیسیٰ بن عمر سے، اُس نے سدی سے، اُس نے انس بن مالک سے، اُس نے کہا کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک پرندہ تھا، آپؐ نے فرمایا: اے میرے اللہ! تجھے اپنی مخلوق میں سے جو فرد سب سے زیادہ محبوب ہے، اُسے میرے پاس بھیج تا کہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے تو اس دوران حضرت ابوبکر آ گئے تو آپؐ

Presented by www.ziaraat.com

نے اُسے واپس بھیج دیا پھر حضرت عمر آئے تو آپ نے اُسے بھی واپس بھیج دیا، پھر حضرت علیؑ آئے تو آپ نے انھیں اجازت دی (انھوں نے آپ کے ساتھ اُس پرندے کا گوشت تناول فرمایا)۔

حدیث

ہم نے احمد بن سلیمان رہاوی سے، اُس نے عبداللہ سے، اُس نے ابن ابی لیلیٰ سے، اُس نے حکم بن منہال اُس نے عبدالرحمان ابن ابی لیلیٰ سے، اُس نے اپنے والد سے سنا، اُس نے حضرت علیؑ سے کہا اور وہ اُس وقت ان کیساتھ چل رہے تھے، اس کی کیا وجہ ہے کہ لوگ آپ کی کچھ باتوں کو تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، موسم سرما ہوتا ہے، آپ باریک سی دو چادروں میں ہوتے ہیں، جب موسم گرما آتا ہے تو آپ موٹے کھردرے لباس میں باہر آتے ہیں، تو اُس وقت آپ نے فرمایا کیا تم جنگِ خیبر میں ہمارے ساتھ نہیں تھا، انھوں نے جواب دیا جی ہاں میں ساتھ تھا تو آپؑ نے فرمایا کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر کو خیبر فتح کرنے کیلئے بھیجا تو وہ بغیر فتح کے واپس آئے تو پھر حضرت عمر کو علم دیا وہ بھی بغیر فتح کے واپس آئے پھر رسول ﷺ نے فرمایا اب میں یہ علم اُس مرد کو عطا کروں جو اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اللہ اور اُس کا رسول بھی اُس سے محبت کرتے ہیں، وہ فرار ہونیوالا نہیں، پھر آپؐ نے میری طرف اپنا پیغام بھیجا۔

اُس وقت میری آنکھیں دُکھ رہی تھیں تو آپؐ نے میری آنکھوں میں اپنا مبارک لعاب دہن ڈالا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی اے اللہ! علیؑ کی گرمی اور سردی کے نقصان سے حفاظت فرما۔ حضرت علیؑ نے فرمایا! اس دعا کے بعد مجھے نہ کبھی گرمی کا احساس ہوا اور نہ سردی محسوس ہوئی۔

Presented by www.ziaraat.com

حدیث

ہم نے محمد بن علی بن حمبہ واقدی سے، اُس نے معاذ بن خالد سے، اُس نے حسین بن واقد سے، اُس نے عبداللہ بن بریدہ سے، اُس نے ابو بریدہ سے، اُس نے کہا کہ جب ہم نے خیبر کا محاصرہ کیا تو حضرت ابوبکر نے علم لیا لیکن خیبر فتح نہ ہوا، دوسرے روز حضرت عمر نے علم لیا پھر بھی خیبر فتح نہ ہوا، لوگوں نے شدت کیساتھ سختی محسوس کی تو رسول خداؐ نے فرمایا عمر کل میں اس مرد کو اپنا یہ علم عطا کروں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں وہ فتح کے بغیر واپس نہیں آئے گا۔

جب دوسرے روز رسول اللہ نے نماز صبح پڑھی پھر کھڑے ہوئے علم عطا کرنے کا ارادہ فرمایا کہ لوگ اپنی اپنی ٹولیوں میں تھے، ہم میں سے ہر آدمی جو رسول اللہ کی نگاہوں میں کوئی مقام رکھتا تھا وہ یہی خیال کیے ہوئے تھا کہ علم اُسے ملنے والا ہے مگر آپؐ نے حضرت علیؑ کو بلایا، انہیں آشوبِ چشم تھا، آپؐ نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور آنکھوں پر اپنا دستِ مبارک پھیرا اور علم عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو فتح عطا فرمائی۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ بات ہمیں ان لوگوں نے بتائی جو گردنیں لمبی کر کے علم کو دیکھ رہے تھے۔

حدیث

ہم نے محمد بن بشار بن دار بصیری سے، اُس نے محمد بن جعفر سے، اُس نے عوف سے، اُس نے میمون سے، اُس نے ابوعبداللہ عبدالسلام سے، اُس نے عبداللہ بن بریدہ سے، اُس نے بریدہ اسلمی سے، انھوں نے کہا کہ جنگ خیبر کے روز رسول اللہ اہلِ خیبر کے ایک قلعہ میں اترے، آپؐ نے حضرت عمر کو علم عطا کیا کچھ لوگ حضرت عمر کیساتھ میدان میں گئے اور اہلِ خیبر کیساتھ جنگ کی پس حضرت عمر اور ان کے ساتھی بغیر فتح کے واپس آگئے تو

Presented by www.ziaraat.com

رسولؐ اللہ نے فرمایا! اب میں علم اُس مرد کو دوں گا جو اللہ اور اُس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں جب دوسرا دن ہوا تو حضرت ابو بکر اور حضرت عمر نے اصرار کیا، آپؐ نے حضرت علیؑ کو بلایا۔ ان کی آنکھیں دکھتی تھیں رسول اکرمؐ نے آپ کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا۔ کچھ افراد آپ کیساتھ گئے، اہلِ خیبر سے آمنا سامنا ہوا جب مرحب میدان میں آیا تو یہ اشعار پڑھ رہا تھا۔

''خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں، مسلح ہوں، تجربہ کار بہادر ہوں، جب شیر میری طرف آتے ہیں تو مَیں غضبناک ہو کر ان پر نیزہ سے، کبھی تلوار سے حملہ آور ہوتا ہوں۔''

حضرت علی علیہ السلام سے اس کی دو جھڑپیں ہوئیں۔ آپ نے اس کی کھوپڑی پر تلوار ماری جو اُس کے سر سے پار ہو گئی، آپ کی شمشیر کی ضرب اتنی بلند تھی کہ تمام فوج نے سُنی۔ حضرت علیؑ کے لشکر کے آخری فرد کو ابھی اونگھ بھی نہ آئی تھی کہ پہلے نے تو فتح کی خبر سن لی۔

حدیث

ہم نے قتیبہ بن سعید سے، اُس نے یعقوب بن عبدالرحمٰن زھری سے، اُس نے ابو حازم سے، اُس نے سھل بن سعد سے، اُس نے کہا رسولؐ اللہ نے خیبر کے دن فرمایا: میں کل یہ علم اُس کو مرد کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا وہ اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں۔

جب صبح ہوئی تو لوگ رسولؐ اللہ کے پاس گئے۔ ہر آدمی کی یہی خواہش تھی کہ علم اُسے ملے۔ آپؐ نے فرمایا۔ علیؑ کہاں ہیں! تو کہا گیا انہیں آشوبِ چشم ہے۔ آپؐ نے فرمایا: انھیں بلاؤ۔ جب آپ آئے تو رسولؐ اللہ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور آپ کیلئے دعا فرمائی تو آپ ٹھیک ہو گئے، گویا آپ کو کوئی تکلیف ہی نہ تھی پھر آپؐ نے آپ

Presented by www.ziaraat.com

کو علم دیا تو آپ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ میں ان سے اس وقت تک جنگ کروں گا کہ وہ اسلام لے آئیں تو رسولؐ اللہ نے فرمایا۔ پورے وقار کیساتھ جایئے۔ جب ان کے صحن میں اُتر جائیں، انہیں اسلام کی دعوت دیں۔ فرائضِ خداوندی جو ان پر عائد ہوتے ہیں وہ انھیں بتائیں قسم بخدا اگر اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعے ایک آدمی کو بھی ہدایت دے دے، تو وہ آپ کیلئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اختلاف ألفاظ الناقلين بخبر أبى هريره منه

اخبرنا أبوالحسين احمد بن سليمان الرهاوى قال: حدثنا يعلى بن عبيد [1] قال: حدثنا يزيد بن كيسان، [2] عن أبى حازم، عن أبى هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لأدفعن الراية اليوم الى رجل يحب الله ورسوله ويحبه الله ورسوله۔ فتطاول القوم، فقال: أين على بن أبى طالب؟ فقالوا: يشتكى عينيه، قال: فبصق نبى الله فى كفيه ومسح بهما عينى على ودفع اليه الراية ففتح الله على يديه۔ [3]

اخبرنا قتيبة بن سعيد، قال: اخبرنا يعقوب، عن سهل، عن أبيه، عن أبى هريرة: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يوم خيبر: لأعطين الراية رجلاً يحب الله ورسوله، يفتح الله عليه۔ قال عمر ابن الخطاب: ما أحببت الامارة الا يومئذ۔ فدعا رسول الله صلى الله عليه وسلم على بن أبى طالب

---

[1] يعلى بن عبيد بن أبى امية الأيادى الحنفى مات ۲۰۹۔ تهذيب التهذيب ۱۱:۴۰۲، رجال الصحيحين ۲:۵۸۷، الجرح والتعديل ٤ ق ۲:۳۰٤، تذكرة الحفاظ ۲:۳۳٤، تقريب التهذيب ۲:۳۷۸.

[2] ابواسماعيل يزيد بن كيسان اليشكرى الكوفى۔ تهذيب التهذيب ۱۱:۳۵٦، رجال الصحيحين ۲:۵۷۹، ميزان الاعتدال ٤:٤۳۸، الجرح والتعديل ٤ ق ۲:۲۸۵، خلاصة تهذيب الكمال: ۳۷۳، تقريب التهذيب ۲: ۳۷٠.

[3] المستدرك ۳:۳۹، كفاية الطالب: ۳۸

Presented by www.ziaraat.com

فأعطاه اياها، وقال: امش ولا تلتفت حتى يفتح اللّٰه عليك۔ فسار على ثم وقف، فصاح يارسول اللّٰه على ماذا اقاتل الناس؟ قال: قاتلهم حتى يشهدوا ان لا اله الا اللّٰه وأن محمداً رسول اللّٰه، فاذا فعلوا ذلك قد منعوا منك دماء هم وأموالهم الا بحقها وحسابهم على اللّٰه۔ (1)

(أخبرنا) اسحاق بن ابراهيم بن راهويه، (2) قال: اخبرنا جرير، (3) عن سهيل، عن ابيه، عن ابى هريرة قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لأعطين الراية غداً رجلا يحب اللّٰه ورسوله يفتح عليه۔ قال عمر: فما احببت الامارة قط الا يومئذ، قال: فاستشرفت لها فدعا علياً فبعثه، ثم قال: اذهب فقاتل حتى يفتح اللّٰه عليك ولاتلتفت۔ قال: فمشى ماشاء اللّٰه، ثم وقف ولم يلتفت فقال: علام نقاتل الناس؟ قال: قاتلهم حتى يشهدوا أن لا اله الا اللّٰه وأن محمداً رسول اللّٰه، فاذا فعلوا ذلك فقد منعوا دماء هم واموالهم الا بحقها وحسابهم على اللّٰه۔ (4)

---

(1) الغدير ۱: ٤٥، المستدرك ۳: ۳۸، تلخيص المستدرك ۳: ۳۸، تذكرة الخواص: ۲٤۔

(2) الحافظ ابويعقوب اسحاق بن ابراهيم بن مخلد بن ابراهيم بن مطر الحنظلى المعروف بابن راهويه المروزى المتوفى ۸ ۲۳ /۲۳۷۔ تهذيب التهذيب ۱: ۲۱٦، تاريخ بغداد ٦: ۳٤٥، تقريب التهذيب ۱: ٥٤، تذكرة الحفاظ ۲: ٤۳۳

(3) الحافظ ابوالنضر جرير بن حازم بن عبداللّٰه بن شجاع الازدى المتوفى ۱۷٥۔ تهذيب التهذيب ۲: ٦۹، تقريب التهذيب ۱: ۱۲۷، تذكرة الحفاظ ۱: ۱۹۹۔

(4) (۷) المستدرك ۳: ۳۸ بعدة طرق وفيه: فلقيهم فتح اللّٰه عليه، حلية الأولياء ٤: ۲۲۔

Presented by www.ziaraat.com

اخبرنا محمد بن عبداللّٰه بن المباك المخرمی،[1] قال: حدثنا ابوهاشم المخزومی،[2] قال: حدثنا وهب: [3]قال: حدثنا سهل ابن ابی صالح،[4] عن ابیه، عن ابی هریرة قال:قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یوم خیبر: لأدفعن الرایة الی رجل یحب اللّٰه ورسوله ویفتح اللّٰه علیه۔ قال عمر: فما أحببت الامارة قط قبل یومئذ۔ فدفعها الی علی رضی اللّٰه عنه۔ قال: قال: ولا تلتفت، فسار قریباً قال: یارسول اللّٰه علام نقاتل؟ قال: علی أن یشهدوا أن لا الا اللّٰه وأن محمداً رسول اللّٰه، فاذا فعلوا ذلك عصموا دماء هم وأموالهم الا بحقها وحسابهم علی اللّٰه تعالیٰ۔[5]

---

[1] الحافظ ابوجعفر محمد بن عبداللّٰه المدائنی قاضی حلوان مات ۲۵۵/۲۵٤۔ تهذیب التهذیب۹:۲۷۲، تذکرة الحفاظ۲:۵۱۹، تاریخ بغداد۵:٤۲۳، الجرح والتعدیل۳ق۲:۳۰۵۔

[2] ابوهشام المغیرة بن سلمة المخزومی القرشی البصری مات ۲۰۰۔ تهذیب التهذیب۱۰:۲٦۱، الجمع بین رجال الصحیحین۲:۵۰۰ الجرح والتعدیل ٤ق۱:۲۲۳، خلاصة تهذیب الکمال:۳۲۹

[3] الحافظ ابوالعباس وهب بن جریر بن حازم الازدی مات ۲۰٦۔ تهذیب التهذیب۱۱:۱٦۱، رجال الصحیحین ۲:۵٤۲، میزان الاعتدال٤:۳۵۰، شذرات الذهب۲:۱٦۔

[4] الصحیح سهل بن صالح بن حکیم الانطاکی ابوسعید البزاز تهذیب التهذیب٤:۲۵۳، خلاصة تهذیب الکمال:۱۳۳۔

[5] المستدرك ۳:۳۸وفیه: فاذا فعلوا ذلك فقد حقنوا منی دماء هم وأموالهم

Presented by www.ziaraat.com

ناقلین کا اختلاف

حدیث

ہم نے ابوالحسین احمد بن سلیمان رہاوی سے، اُس نے یعلی بن عبید سے، اُس نے یزید بن کیسان سے، اُس نے ابوحازم سے، اُس نے ابوھریرہ سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے رسولؐ اللہ سے سُنا، آپؐ نے فرمایا "کل مَیں علم اُس مرد کو دوں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ کا محب ہے اور اللہ اور اُس کے رسولؐ کا محبوب بھی ہے" تو لوگ گردنیں اُٹھا اُٹھا کر دیکھنے لگے، تو آپؐ نے فرمایا علیؑ کہاں ہیں؟ لوگوں نے عرض کی کہ ان کی آنکھیں دکھتی ہیں، راوی کہتا ہے کہ اللہ کے نبیؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں پر لعابِ دہن لگایا اور حضرت علیؑ کی آنکھوں پر پھیر دیا اور انھیں علم عطا فرمایا، اللہ نے ان کے ہاتھ پر فتح عطا کی۔

حدیث

ہم نے قتیبہ بن سعید سے، اُس نے یعقوب سے، اُس نے سہل سے، اُس نے اپنے باپ سے، اُس نے ابوھریرہ سے کہ رسولؐ اللہ نے خیبر کے دن فرمایا کہ مَیں علم ایک مرد کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول کا محب ہے اور وہ اللہ اور اُس کے رسولؐ کا محبوب ہے، اللہ تعالیٰ اُسے فتح عطا کرے گا۔ حضرت عمر نے کہا کہ مَیں نے اُس دن کے علاوہ کبھی امارت کو پسند نہیں کیا، پس اللہ کے نبیؐ نے علیؑ کو بُلایا اور انھیں علم عطا فرمایا اور فرمایا جاؤ جب تک اللہ آپ کو فتح نہ دے کسی دوسری طرف توجہ نہ کرو۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت چلتے ہوئے رُک گئے اور بلند آواز سے دریافت کیا یا رسولؐ اللہ! ان سے کس چیز پر جنگ کروں؟ آپؐ نے فرمایا کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت دے دیں، جب وہ یہ گواہی دے دیں تو ان کا مال اور خون محفوظ ہو جائے گا سوائے اس کے کہ ان کا حاصل کرنا برحق ہو ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

حدیث

ہم نے اسحاق بن ابراھیم بن راھویہ سے، اُس نے جُریر سے، اُس نے سھیل سے، اُس نے اپنے باپ سے، اُس نے ابوھریرہ سے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ مَیں اُس مرد کو علَم دوں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ کا محب ہے، اللہ اور اس کے رسولؐ کا محبوب بھی ہے۔ حضرت عمر کہتے ہیں کہ اس دن کے سوا مَیں نے امارت کو کبھی پسند نہیں کیا تھا، کہتے ہیں کہ مَیں نے علَم کی طرف دیکھا تو رسولؐ اللہ نے حضرت علیؑ کو بلایا، فرمایا جاؤ جنگ کرو، اللہ آپ کو فتح دے کسی دوسری طرف توجہ نہ کرنا۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ چلے پھر رُک گئے، عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم کس بات پر ان سے جنگ کریں؟ آپؐ نے فرمایا اس وقت تک جب تک کلمہ نہ پڑھ لیں، جب کلمہ پڑھ لیں تو ان کے مال، خون محفوظ ہو جائیں گے، پھر ان کے حساب کی ذمہ داری اللہ پر ہے۔

حدیث

ہمیں محمد بن عبداللہ بن مبارک مخزومی نے، اُس نے ابوہاشم مخزومی سے، اُس نے وھب سے، اُس نے سھل سیابن ابی صالح سے، اُس نے اپنے والد سے، اُس نے ابوھریرہ سے، اُس نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا کہ علَم میں اُس مرد کو دوں گا کہ وہ اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتے ہیں، اللہ اُسے فتح عطا فرمائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت عمر کہتے ہیں کہ میں نے اس دن سے قبل کبھی اس طرح امارت کی خواہش نہ کی جتنی اُس دن خواہش ہوئی، پس آپؐ نے حضرت علیؑ کو علم دے دیا، حضرت عمر کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ کسی طرف متوجہ نہ ہونا آپ تھوڑی دُور گئے اور وہاں سے بآواز بلند پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! ہم ان سے کس بات پر جنگ کریں؟ آپ نے فرمایا اس بات پر کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دے دیں، جب وہ گواہی دے دیں تو ان کا مال اور خون محفوظ ہو جائے گا، سوائے اس کے کہ ان کا حاصل کرنا حق ہو اور ان کے حساب کی ذمہ داری اللہ پر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

خبر عمران بن حصین [1] فی ذلک

اخبرنا العباس بن عبدالعظیم العبدی البصری، [2] قال: اخبرنا عمر بن عبدالوهاب ، [3] قال: اخبرنا معتمر بن سلیمان [4] عن ابیه، عن منصور ، [5] عن وبعی، [6] عن عمران ابن الحصین: ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال: لاعطین الرایة رجلا یحب الله ورسوله، او قال: یحبه الله ورسوله۔ فدعا علیاً وهو اَرمد ففتح الله علی یدیه۔ [7]

---

[1] ابو نجید عمران بن حصین الخزاعی المتوفی ٥٢ بالبصرة المستدرک ٣: ٤٧، الغدیر ١: ٥٧، اسدالغابة ٤: ١٣٧، الکنی والاسماء ٢: ٥٩، انساب الاشراف ١: ٤٩١، تهذیب الاسماء ٢: ٣٥، تجرید اسماء الصحابة ١: ٤٥٠

[2] الصحیح الحافظ ابو الفضل عباس بن عبدالعظیم بن اسماعیل بن ثویة العنبری البصری مات ٢٤٦، تهذیب التهذیب ٥: ١٢١، تذکرة الحفاظ ٢: ٥٢٤، شذرات الذهب ٢: ١١٢، رجال الصحیحین ١: ٣٦١، تاریخ بغداد ١٢: ١٣٧

[3] ابو حفص عمر بن عبدالوهاب بن رباح بن عبیدة الریاحی المتوفی ١٢١ تهذیب ٧: ٤٧٩، خلاصة تهذیب الکمال ١: ٢٤١، الجرح والتعدیل ٣، ١: ١٢٢

[4] الحافظ ابو محمد معتمر، بن سلیمان بن طرخان التیمی، رجال الصحیحین ٢: ٥٢٠، میزان الاعتدال ٤: ١٤٢، تهذیب التهذیب ١: ٢٢٧، تذکرة الحفاظ ١: ٢٦٦۔

[5] ابو عتاب منصور بن المعتمر بن عبدالله بن ربیعة مات ١٣٢۔ تهذیب التهذیب ١٠: ٣١٢، رجال الصحیحین ٢: ٤٩٥، الجرح والتعدیل ٤ ق ١: ١٧٧، شذرات الذهب ١: ١٨٩

[6] ابو ربعی بن حراش بن حجش بن عمرو العبسی توفی ١٠١/١٠٤۔ تهذیب التهذیب ٣: ٢٣٦، خلاصة تهذیب الکمال: ٩٧، تقریب التهذیب ١: ٢٤٣، رجال الصحیحین ١: ١٤٠۔

[7] الغدیر ١: ٥٧، نظم درر السمطین ص ٩٨۔

Presented by www.ziaraat.com

عمران بن حصین کی حدیث

حدیث

ہم نے عباس بن عبدالعظیم عبدی بصری سے، اُس نے عمر بن عبدالوہاب سے، اُس نے معتمر بن سلیمان سے، اُس نے اپنے باپ سے، اُس نے منصور سے، اُس نے ربعی سے، اُس نے عمران بن حصین سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مَیں اس شخص کو علم عطا کروں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے، اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں۔ آپؐ نے حضرت علیؑ کو بُلایا، آپ کو آشوبِ چشم تھا، پس اللہ نے آپ کے ہاتھ پر اہلِ اسلام کو فتح عطا فرمائی۔

❀ ❀ ❀

Presented by www.ziaraat.com

خبر الحسن بن علی علیہ السلام عن النبیؐ فی ذلک وان جبریل یقاتل عن یمینه ومیکائیل عن یساره

اخبرنا اسحاق بن ابراهیم بن راهویه، اخبرنا النضر بن شمیل (1) قال: اخبرنا قتلتم یونس، (2) عن ابی اسحاق، (3) عن هبیرة بن هدیم (4) قال: جمع الناس الحسن بن علی وعلیه عمامة سوداء لما قتل ابوه فقال: لقد کان قتلتم بالامس رجلا ما سبقه الاولون، ولا یدرکه الآخرون، وان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال: لأعطین الرایة غدا رجلا یحب الله ورسوله، ویحبه الله ورسوله، فیقاتل وجبریل عن یمینه ومیکائیل عن یساره، ثم لاترد رایته حتی یفتح الله علیه۔ ما ترک دیناراً ولا درهما الا تسعمائة (5) اخذها عیاله من عطاء کان اراد ان یبتاع بها خادماً لاهله۔ (6)

---

(1) الحافظ ابوالحسن النضر بن شمیل المازنی البصری نزیل مرومات ۲۰۴۔ تهذیب التهذیب ۱۰: ۴۳۷، تذکرة الحفاظ ۱: ۳۱۴، رجال الصحیحین ۲: ۵۳، معجم الادباء ۱۹: ۲۳۸، نزهة الالبا ۱۱۰، کشف الظنون ۸۲۳، هدیة العارفین ۲: ۴۹۵، فهرست ابن الندیم ۱۱: ۵۲، معجم المؤلفین ۱۳: ۱۰۱۔

(2) ابواسرائیل یونس بن ابی اسحاق عمرو بن عبدالله الهمدانی السبیعی المتوفی ۱۵۸، تهذیب التهذیب ۱۱: ۴۳۳، تقریب التهذیب ۲: ۳۸۴، خلاصة تهذیب الکمال: ۳۷۹، رجال الصحیحین ۲: ۵۸۵۔

(3) ابو اسحاق ابراهیم بن محمد بن الحارث الفزاری الکوفی مات ۱۸۸، ۱۸۶۔ تهذیب التهذیب ۱: ۱۵۱ تقریب التهذیب ۱: ۴۱، رجال الصحیحین ۱: ۱۷۔

(4) ابوالحارث الشیبانی الکوفی توفی ٦٦۔ تهذیب التهذیب ۲: ۲۰۵، الجرح والتعدیل ٤ ق ۲: ۱۰۹، میزان الاعتدال ٤: ۲۹۳۔

(5) فی المستدرک هکذا: وما ترک علی اهل الارض صفرا، ولا بیضاء الا سبع مائة درهم فضلت من عطایاه۔

(6) المستدرک ۳: ۱۷۲ بتغیر بسیط فی الالفاظ، حلیة الولیاء ۱: ٦٥

Presented by www.ziaraat.com

حضرت امام حسن علیہ السلام کی حدیث

جبرئیل دائیں اور میکائیل آپ کے بائیں طرف

حدیث

ہم نے اسحاق بن ابراہیم بن راھویہ سے، اُس نے نضر بن شمیل سے، اُس نے یونس سے، اُس نے ابو اسحاق سے، اُس نے ھبیرہ بن حدیم سے، اُس نے کہا کہ جب حضرت علیؑ کی شہادت ہوئی تو امام حسن علیہ السلام سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تھے، آپ نے لوگوں کو جمع کر کے ارشاد فرمایا۔

"کل تم نے اس شخص کو شہید کیا ہے جس سے قبل لوگ سبقت لے جاسکتے تھے اور نہ بعد میں آنے والے اس کے مقام کو پاسکیں گے۔"

سے، اُس نے سعد سے کہ رسول اکرمؐ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی، لیکن میرے بعد نبی نہیں ہے۔

حدیث

ہم نے صفوان بن محمد بن عمرو سے، اُس نے احمد بن خالد سے، اُس نے عبدالعزیز بن ابی سلمہ ماجشون سے، اُس نے محمد بن المنکدر سے، اُس نے سعید بن مسیتب سے، اُس نے ابراہیم بن سعد سے اور اُس نے اپنے باپ سعد کو فرماتے سنا کہ رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ کیلئے فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی لیکن میرے بعد نبی نہیں ہے۔

سعید فرماتے ہیں کہ مجھے اس بات پر اطمینان نہیں ہوا، میں حضرت سعد بن وقاص کے پاس گیا اور پوچھا کہ آپ نے اپنے بیٹے کو کوئی حدیث بیان کی ہے اور جو بیان کی ہے وہ حدیث کیا ہے؟ تو جناب سعد نے بتایا۔ اے میرے بھائی کے بیٹے! فلاں نے جو بات کی ہے وہ کیا ہے، جو بات رسولؐ اللہ نے علیؑ کیلئے فرمائی ہے وہ آپ نے سُنی ہے کہ ان کے بارے میں فرمایا کہ وہ ایسے اور ایسے ہیں؟ تو کہا ہاں، پھر اپنے کانوں کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ مَیں نے ان کانوں کیساتھ اس حدیث کو سُنا ہے۔

یوسف بن ماجشون نے راویوں کے اس طریقہ کی مخالفت کی ہے اور محمد بن المنکدر سے، سعید بن عامر بن سعد، علی بن زید بن جدعان کی روایت کی پیروی کی ہے۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے ابن شوارب سے، اُس نے حماد بن زید سے، اُس نے علی بن زید سے، اُس نے سعید بن مسیتب سے، اُس نے عامر بن سعد

Presented by www.ziaraat.com

سے، اُس نے سعد سے کہ نبی کریمؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا: "کہ تیری مثال مجھ سے وہی ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی لیکن میرے بعد نبی نہیں ہے۔"

سعید بن میتب کہتے ہیں کہ مَیں نے چاہا کہ مَیں سعد بن ابی وقاص سے ملاقات کروں اور اس حدیث کے بارے میں بات کروں، مَیں ان کے پاس گیا اور پوچھا کہ کیا آپ سے یہ حدیث آپ کے بیٹے عامر نے سُنی ہے؟ تو آپ نے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال کر فرمایا، اگر یہ بات ایسے نہ ہو تو یہ کان بہرے ہو جائیں، مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن وھب حرانی سے، اُس نے سکن بن سکن سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے علی بن زید سے، اُس نے سعید بن میتب سے، اُس نے سعد سے کہ رسول نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی تو حضرت علیؑ نے فرمایا: مَیں راضی ہوں، مَیں راضی ہوں بعد میں پھر پوچھا تو فرمایا مَیں راضی ہوں۔

امام نسائی فرماتے ہیں کہ یہ مجھے معلوم نہیں اس روایت کے اس طریق پر عبدالعزیز بن ماجشون کی کسی نے پیروی کی ہو جو محمد بن منکدر کے طریقہ پر سعید بن میتب سے بیان کی گئی ہے حالانکہ ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص نے یہ حدیث اپنے والد حضرت سعد سے سُنی ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن بشار بصری سے، اُس نے محمد یعنی ابن جعفر غندر سے، اُس نے

Presented by www.ziaraat.com

شعبہ بن ابراہیم سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے ابراہیم بن سعد سے سُنا ہے، وہ اپنے والد سعد سے روایت کرتے ہیں کہ مَیں نے رسولؐ اللہ سے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں یہ سُنا جب آپؐ نے حضرت علیؑ کو اپنے اہل وعیال کی نگرانی کیلئے مدینہ میں چھوڑا اور آپ غزوہ تبوک کیلئے تشریف لے گئے تھے، فرمایا اے علیؑ! کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو، تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی۔

حدیث

ہم نے عبداللہ بن سعد بغدادی سے، اُس نے اپنے باپ سے، اُس نے ابن اسحاق سے، اُس نے محمد بن طلحہ بن زید بن مکانہ سے، اُس نے ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص سے، اُس نے اپنے باپ سعد سے، اُس نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا، انھوں نے غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی، مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

ابوعبدالرحمٰن نسائی کہتے ہیں کہ یہ حدیث عامر بن سعد سے روایت کی گئی ہے جو اُس نے اپنے باپ سعد سے روایت کی ہے اور یہ سعید ابن میتب کے علاوہ ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے ابوبکر حنفی سے، اُس نے بکر بن مسمار سے، اُس نے عامر بن سعید سے، وہ کہتے ہیں کہ معاویہ نے سعد بن وقاص سے پوچھا وہ کونسی بات ہے جس کی وجہ سے تم ابن ابی طالبؑ کو گالیاں نہیں دیتے؟

اُس نے جواب میں کہا کہ مَیں علیؑ کو گالیاں نہیں دوں گا کیونکہ مَیں نے

Presented by www.ziaraat.com

رسول اللہ ﷺ سے تین ایسی باتیں سُن رکھی ہیں اگر ان میں سے ایک بھی میرے لئے ہوتی تو مجھے سُرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتی۔ اس وجہ سے مَیں انھیں کبھی گالیاں نہیں دوں گا، جب وحی نازل ہوئی تو رسول خداؐ نے حضرت علیؑ اور اُن کے دونوں بیٹوں اور حضرت فاطمہ زہراؑ کو اکٹھا کر کے کپڑا ان پر اوڑھ لیا اور دعا مانگی اے میرے پروردگار یہ میرے اہل بیتؑ اور اہل ہیں۔

اس کے علاوہ مَیں اس بات کی وجہ سے ان کو گالیاں نہیں دوں گا، جب غزوہ تبوک کے موقع پر ان کو پیچھے چھوڑا تو اُس وقت حضرت علیؑ نے عرض کی، آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جا رہے ہیں، تو آپؐ نے فرمایا اے علیؑ! تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی مگر میرے بعد نبوت نہیں۔ ان دو کے علاوہ تیسری بات ہے جس کی وجہ سے مَیں انھیں گالیاں نہیں دوں گا۔

روزِ خیبر جب رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ مَیں اس مَرد کو علَم دوں گا جو اللہ اور اُس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اللہ اور اُس کا رسولؐ اُس سے محبت کرتے ہیں، اللہ اُس کے ہاتھ پر خیبر کی فتح عطا فرمائے گا تو اُس وقت ہم سب اپنی گردنیں لمبی کر کے علَم کو دیکھ رہے تھے کہ حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا: علیؑ کہاں ہیں؟ لوگوں کہا کہ ان کی آنکھیں دُکھتی ہیں، آپؐ نے فرمایا: انھیں بلاؤ۔ جب حضرت علیؑ آئے تو آپؐ نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور انھیں پرچم عنایت فرمایا اور اللہ نے ان کے ذریعے فتح عطا فرمائی۔ راوی کہتا ہے کہ جب معاویہ نے حضرت علیؑ کے یہ فضائل سُنے تو فوراً مدینہ منورہ سے چلتا بنا۔

حدیث

ہم نے محمد بن بشار سے، اُس نے محمد بن شعبہ سے، اُس نے حکم سے، اُس نے

Presented by www.ziaraat.com

مصعب بن سعد سے، اُس نے کہا کہ جب رسول خداؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو غزوہ تبوک کے موقع پر مدینہ چھوڑا تو انھوں نے عرض کی، یارسولؐ اللہ! آپؐ مجھے عورتوں اور بچّوں میں چھوڑے جاتے ہیں۔تو آپؐ نے فرمایا: یاعلیؑ! تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی مگر میرے بعد نبی نہیں۔لیث نے اس طریقہ کی مخالفت کی ہے اُس نے یہ روایت عائشہ بن سعد بن ابی وقاص سے کی ہے۔

حدیث

ہم نے حسن بن اسماعیل بن سلیمان مصیصی خالدی سے، اُس نے مطلب سے، اُس نے لیث سے، اُس نے حکم سے، اُس نے عائشہ بن سعد سے کہ رسولؐ خدا نے غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علیؑ کے بارے میں فرمایا: اے ابوطالبؑ کے فرزند! تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی لیکن نبوت میرے بعد نہیں۔

ابوعبدالرحمٰن نسائی کہتے ہیں کہ شعبہ مضبوط حافظہ کے مالک تھے، یہ حدیث ضعیف نہیں ہے پس یقیناً یہ حدیث حضرت عائشہ بن سعد نے روایت کی ہے۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے ابومصعب دراوردی سے، اُس نے عبدالمجید سے، اُس نے عائشہ بن سعد سے، اس نے اپنے والد سعد سے کہ جب رسول اکرمؐ غزوہ تبوک کیلئے نکلے اور ثنیۃ الوداع نامی جگہ پر آئے تو حضرت علی علیہ السلام نے ازراہِ شکایت عرض کی کہ آپؐ مجھے عورتوں میں چھوڑ کر جارہے ہیں تو رسول خداؐ فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تمھیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون نبی کو جناب موسیٰ نبی سے تھی لیکن میرے بعد نبی نہیں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حدیث

ہم نے فصل بن سہل بغدادی سے، اُس نے احمد زبیری سے، اُس نے عبداللہ بن خبیب بن ابی ثابت سے، اُس نے حمزہ بن عبداللہ سے، اُس نے اپنے والد سے، اُس نے حضرت سعد سے کہ جب رسول اللہؐ غزوہ تبوک کیلئے چلے تو حضرت علیؑ کو پیچھے چھوڑا تو انھوں نے عرض کی کہ آپؐ مجھے پیچھے چھوڑے جا رہے ہیں، تو رسول اللہؐ نے فرمایا: کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی، لیکن میرے بعد نبی نہیں ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

الاختلاف علی عبدالله بن شریک فی هذا الحدیث

اخبرنا القاسم بن ذکریا بن دینار الکوفی، قال: حدثنا ابونعیم، 1 قال: حدثنا فطر، عن عبدالله بن شریک، عن عبدالله ابن ارقم الکنانی، 2 عن سعد ابن ابی وقاص: ان النبی ﷺ قال لعلی: انت منی بمنزلة هارون من موسی۔ 3

اخبرنا احمد بن یحیی الکوفی، قال: حدثنا دعبل وهو نادم، قال: حدثنا اسرائیل، عن عبدالله بن شریک، عن حرب بن سلك قال: قال سعد ابن مالك: ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم غزا علی ناقته الجدعاء وخلف علیاً، وجاء علی حتی تعدی الناقة فقال: یا رسول الله، زعمت قریش انك انما خلفتنی انك استثقلتنی وکرهت صحبتی۔ وبکی علی رضی الله عنه، فنادی رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الناس: ما منکم احد، وله

---

1 تہذیب التہذیب ۱۲: ۲۵۸۔

2 عبدالله بن ارقم بن عبد یغوث بن وهب القرشی الزهری توفی بمکة ٦٤۔ تہذیب التہذیب ٥: ١٦٤، اسد الغابة ٣: ١١٤، تجرید اسماء الصحابة ١: ٣١٨، الاستیعاب ٣: ٨٦٥۔

3 فضائل الخمسة ١: ٣٠١۔

Presented by www.ziaraat.com

حاجته بابن ابی طالب، اما ترضی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی۔ قال علی رضی الله عنه: رضیت عن الله عن وجل وعن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم۔ [1]

اخبرنا عمر بن علی، قال: حدثنا یحیی یعنی ابن سعید، قال: حدثنا موسی الجهنی، قال: دخلت علی فاطمة بنت علی [2] فقال لها رفیقی! هل عندك شي ء من والدك یرهب، قالت: حدثتنی اسماء بنت عمیس [3]: ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال لعلی: انت منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی۔ [4]

اخبرنا احمد بن سلیمان، قال: حدثنا جعفر بن عون، عن موسی الجهنی، قال: ادرکت فاطمة بنت علی وهی بنت عانین سنة فقلت لها: تحفظین عن ابیك شیئا؟ قالت: لا، ولکنی سمعت اسماء بنت عمیس [5] انها سمعت من رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: یا علی انت منی

---

[1] فضائل الخمسة ۱: ۳۰۶ نقلا عن الخصائص۔

[2] فاطمة الصغری توفیت ۱۱۷، تهذیب التهذیب ۱۲: ٤٤۳، اعلام النساء ٤: ۸۱، تقریب التهذیب ۲: ۶۰۹، خلاصة تهذیب الکمال: ٤۲۵۔

[3] اسماء بنت عمیس بن النعمان، هاجرت مع زوجها جعفر الی الحبشة فولدت له هناك محمداً وعبدالله وعوناً، ثم حاجرت الی المدینة فلما قتل جعفر زوجها تزوجها ابو بکر فولدت له محمد بن ابی بکر، ثم مات عنها، فتزوجها علی ابن ابی طالب ع فولدت له یحیی سیرة ابن هشام ۱: ۲۵۷، مجمع الرجال ۷: ۱۷۰۔

[4] الریاض النضرة ۲: ۱۹۵۔

[5] تهذیب التهذیب ۱۲: ۳۹۸، اعلام النساء ۱: ۵۷، الدر المنثور ۳۵، اسد الغابة ۵: ۳۹۵۔

Presented by www.ziaraat.com

بمنزلة هارون من موسى الا انه ليس من بعدی نبی۔ 1

قال: حدثنا احمد بن عثمان بن حکیم، قال: حدثنا ابو نعيم، قال: حدثنا حسن وهو ابن صالح عن موسى الجهنى. عن فاطمة بنت علی، عن اسماء بنت عميس: ان رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم قال: يا علی انك منی بمنزلة هارون من موسى الا انه لا نبی بعدی۔ 2

اخبرنا محمد بن يحيى بن عبدالله النيسا بوری، واحمدبن عثمان ابن حكيم الدراوردی، اللفظ لحمد قال: حدثنا عمرو بن طلحة، قال: حدثنا اسباط، عن سماك، عن عكرمة، عن ابن عباس، ان علياً كان يقول فی حياة رسول الله صلى الله عليه وسلم، ان الله تعالىٰ يقول: (افئن مات او قتل انقلبتم على اعقابكم) 3 والله لا ننقلب على اعقابنا بعد اذ هدانا الله، والله لئن مات او قتل لا قاتلن على ما قاتل عليه حتى اموت، والله انی لاخوه ووليه ووارثه وابن عمه فمن احق به منی؟ 4

اخبرنا الفضل بن سهل، قال: حدثني عفان بن مسلم، 5 قال: حدثنا ابوعوانة، عن عثمان بن المغيرة، عن ابی صادق، عن ربيعة بن ماجد:

---

1 مسند احمد ٦: ٣٦٩، تاريخ بغداد ١٠: ٤٣ و ١٢: ٣٢٣، الاستيعاب ٢: ٤٥٩۔

2 المصدر السابق، نظم درر السمطين ص ١١٩۔

3 سورة آل عمران: ١٤٤

4 المستدرك ٣: ١٢٦، فتح المالك العلى: ٦١، الرياض النضرة ٢: ٢٢٦ مجمع الزوائد ٩: ١٣٤، الغدير ٣: ١١٣ وفيه مصادر واسانيد هذا الحديث بصورة مفصلة وطرق مختلفة۔

5 ابو عثمان البصری المتوفى ٢٢٠/٢١٩ تهذيب التهذيب ٧: ٢٣٠، شذرات الذهب ٢: ٣٢٧، رجال الصحيحين ١: ٤٠٧، تاريخ بغداد ١٢: ١٦٩

Presented by www.ziaraat.com

ان رجلا قال لعلی بن ابی طالب رضی الله عنه: یا امیر المؤمنین لم ورثت دون اعمامك ؟ قال جمع رسول الله صلی الله علیه وآله او قال: دعا رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم بنی عبدالمطلب فصنع لهم مداً من الطعام فاکلوا حتی شبعوا وبقی الطعام کما هو کانه لم یمس، ثم دعا بغمر فشربوا حتی رووا وبقی الشراب کانه لم یمس او لم یشرب، فقال: یا بنی عبدالمطلب انی بعثت الیکم خاصة والی الناس عامة، وقد رایتم من هذه الآیة ما قد رایتم وایکم یبایعنی علی ان یکون اخی وصاحبی ووازنی۔ فلم یقم الیه احد، فقمت الیه و کنت اصغر القوم فقال: اجلس۔ ثم قال: ثلاث مرات، کل ذلك اقوم الیه فیقول: اجلس۔ حتی کان فی الثالثة ضرب بیده علی یدی۔ ثم قال: فبذلك ورثت ابن عمی دون عمی۔ (1)

اخبرنا زکریا بن یحیی، قال حدثنا عثمان، قال حدثنا عبدالله بن نمیر، قال: حدثنا مالك بن مغول، عن الحرث بن حصین عن ابی سلیمان الجهنی قال: سمعت علیاً علی المنبر یقول: انا عبدالله واخو رسول الله، لا یقول بها الا کذاب مفتر۔ (2) فقال: اخبرنا عبدالله واخو رسوله، محبوب (3)

---

(1) مسند احمد ۱: ۱۹۵، مجمع الزوائد ۸: ۳۰۲، تاریخ الطبری ۲: ۶۳، الریاض النضرة ۲: ۱۶۷، کنز العمال ۶: ۴۰۸، الغدیر ۲: ۲۷۹، ۲۸۵، و ج ۳: ۱۱۷

(2) الغدیر ۳: ۱۱۵، الریاض النضرة ۲: ۱۶۸، کنز العمال ۶: ۱۵۳، فضائل الخمسة ۱: ۳۲۹.

(3) اسمه محمد بن الحسن بن هلال بن ابی زینب، ولقبه محبوب به اشهر. تهذیب التهذیب ۹: ۱۱۹، تقریب التهذیب ۲: ۱۵۴، الجرح والتعدیل ۳ ق ۲: ۲۲۸.

Presented by www.ziaraat.com

اختلاف

حدیث

ہم نے قاسم بن زکریا بن دینار کوفی سے، اُس نے ابونعیم سے، اُس نے قطر سے، اُس نے عبداللہ بن شریک سے، اُس نے عبداللہ ابن ارقم کنانی سے، اُس نے سعد بن وقاص سے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام کیلئے فرمایا: تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی۔

حدیث

ہم نے احمد بن یحییٰ کوفی سے، اُس نے دعبل یعنی نادم سے، اُس نے اسرائیل سے، اُس نے عبداللہ بن شریک سے، اُس نے حربن بن سلک سے، اُس نے سعد بن مالک سے، انھوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ اپنی ناقہ جدعا پر سوار ہو کر غزوہ تبوک کو جانے لگے، حضرت علیؑ کو مدینہ چھوڑا، جب حضرت علی علیہ السلام آپ کو ملنے کیلئے آئے تو ناقہ دوڑے جا رہی تھی، اسی دوران حضرت علیؑ نے آپ کو جالیا اور عرض کی کہ قریش خیال کئے ہوئے ہیں کہ آپؐ نے مجھے اس لئے پیچھے چھوڑا کہ آپؐ مجھے ناپسند کرنے لگے ہیں اور مجھے اپنے آپ پر بوجھ محسوس کرتے ہیں۔ اس گفتگو کے بعد آپ رونے لگے، پس رسول اللہ ﷺ نے تمام لوگوں کو بلند آواز کیساتھ خطاب فرمایا، تم میں ایک بھی ایسا نہیں جو علیؑ کا محتاج نہ ہو، پھر فرمایا: یا علیؑ! تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو

Presented by www.ziaraat.com

ہارون کو موسیٰ سے تھی، لیکن میرے بعد نبی نہیں۔تو یہ سُن کر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:
مَیں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ سے راضی ہوں۔

حدیث

ہم نے عمر بن علی سے، اُس نے یحییٰ یعنی ابن سعید سے، اُس نے موسیٰ جھنی سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے حضرت فاطمہ بنت علیؑ کی خدمت میں حاضری دی، میرے ساتھی نے ان سے پوچھا کیا آپ کے پاس تمہارے اپنے والدگرامی کے فضائل کے متعلق کوئی حدیث ہے تو انہوں فرمایا کہ مَیں نے حضرت اسماء بنت عمیس سے سُنا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام کیلئے فرمایا کہ تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

حدیث

ہم نے احمد بن سلیمان سے، اُس جعفر بن عون سے، اُس نے موسیٰ جھنی سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے حضرت فاطمہ بنت علیؑ کی زیارت کی جب آپؑ کی عمر اسی (۸۰) سال تھی، مَیں نے آپ سے سوال کیا کہ آپ کو اپنے والدگرامی کے متعلق کوئی حدیث یاد ہے؟ آپ نے فرمایا: مگر مَیں نے اسماء بنت عمیس سے سُنا ہے کہ رسول اللہؐ نے حضرت علی علیہ السلام کیلئے فرمایا! تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی مگر میرے بعد نبی نہیں۔

حدیث

ہم نے احمد بن عثمان بن حکیم سے، اُس نے ابونعیم سے، اُس نے حسن یعنی ابن صالح سے، اُس نے موسیٰ جہنی سے، اُس نے فاطمہ بنت علی سے، اُس نے اسماء

Presented by www.ziaraat.com

بنت عمیس سے، انھوں نے رسول اللہ سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے علیؑ! تجھے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی، مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن یحییٰ بن عبداللہ نیشاپوری سے، اُس نے احمد بن عثمان ابن حکیم، دراوردی سے، اُس نے محمد سے، اُس نے عمرو بن طلحہ سے، اُس نے اسباط سے، اُس نے سماک سے، اُس نے عکرمہ سے، اُس نے ابن عباس سے کہ حضرت علی علیہ السلام پاک پیغمبرؐ کی زندگی میں فرماتے تھے جب یہ آیت نازل ہوئی:

"افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم۔"

"اگر آپ فوت ہو جائیں یا شہید ہو جائیں (اے مسلمانو!) تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جاؤ گے۔"

خدا کی قسم ہم ایڑیوں کے بل نہیں پھریں گے جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی ہے، خدا کی قسم اگر آپ رحلت فرما جائیں تو مَیں اس بات پر لوگوں سے جنگ کروں گا جس بات پر آپؐ نے جنگ کی ہے۔

خدا کی قسم مَیں آپ کا بھائی، ولی، وارث اور چچا کا بیٹا ہوں اور مجھ سے اِس امر کا کون زیادہ حقدار ہے۔

حدیث

ہم نے فضل بن سھل سے، اُس نے عفان بن مسلم سے، اُس نے ابوعوانہ سے، اُس نے عثمان بن مغیرہ سے، اُس نے ابوصادق سے، اُس نے ربیعہ بن ماجد سے، اُس نے کہا ہے کہ ایک آدمی حضرت علی علیہ السلام کے پاس آیا اور عرض کی کہ آپ

Presented by www.ziaraat.com

اپنے چچوں کی موجودگی میں رسولؐ اللہ کی وراثت کے وارث کیسے ہو گئے؟

تو آپ نے فرمایا کہ ایک دفعہ رسول نے عبدالمطلب کی تمام اولاد کو جمع کیا اور ان کیلئے ایک مد طعام تیار کروایا، سب نے سیر ہو کر کھایا مگر کھانا بچ رہا، ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کھانے کو کسی نے ہاتھ ہی نہیں لگایا پھر آپؐ نے ایک پیالہ منگوایا جس سے ہر ایک نے سیر ہو کر پیا مگر پیالہ بھرا کا بھرا رہا، اس میں کوئی کمی دکھائی نہ دی۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اے عبدالمطلب کی اولاد! مجھے تمہاری طرف بالخصوص اور دوسروں کی طرف بالعموم مبعوث کیا گیا ہے، تم نے اس معجزے کو دیکھا، تو کیا تم میں سے کوئی اس معاملے میں میرا ساتھ دے سکتا ہے تا کہ وہ میرا بھائی، ساتھی اور وارث بنے، مگر کوئی بھی نہ اُٹھا تو اُس وقت میں اُٹھا، اس وقت مَیں چھوٹا سا تھا، رسولؐ اللہ نے مجھے بیٹھنے کا حکم دیا، پھر آپؐ نے تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا اور مَیں ہر مرتبہ اُٹھتا رہا اور آپؐ مجھے بیٹھنے کا حکم دیتے رہے، جب مَیں تیسری مرتبہ کھڑا ہوا تو آپؐ نے میرے ہاتھ پر تھپکی دی اور فرمایا: اس وجہ سے مَیں نے اپنے چچوں کے علاوہ اپنے چچا کے بیٹے کو وارث بنایا۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے عثمان سے، اُس نے عبداللہ بن نمیر سے، اُس نے مالک بن مغول سے، اُس نے حرث بن حصین سے، اُس نے ابوسلیمان جہنی سے، اُس نے حضرت علی علیہ السلام سے سُنا، آپ منبر پر فرما رہے تھے، مَیں اللہ کا بندہ ہوں، رسول خداؐ کا بھائی ہوں، میرے علاوہ اس بات کا جو بھی دعویٰ کرے گا وہ کذاب اور افترا پرداز ہوگا۔

ابوسلیمان جہنی کہتے ہیں کہ پس مجھے خبر دی گئی کہ حضرت علی علیہ السلام اللہ کے بندے، حضرت محمد رسول اللہ کے برادر اور محبوب ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

علی منی وانا منہ

حدثنا بشر بن ھلال، عن جعفر بن سلیمان، عن یزید الرشک، (1) عن مطرف بن عبداللہ، عن عمران بن حصین، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ان علیاً منی وانا منہ وولی کل مؤمن بعدی۔ (2)

علی علیہ السلام مجھ سے ہیں اور میں اُس سے ہوں

حدیث

ہم نے بشر بن ھلال سے، اُس نے جعفر بن سلیمان سے، اُس نے یزید رشک سے، اُس نے مطرف بن عبداللہ سے، اُس نے عمران بن حصین سے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "علی مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اور ولی ہیں میرے بعد ہر مومن کے۔"

---

(1) الصحیح: ابوالتیاح یزید بن حمید الضبعی البصری المتوفی ۱۲۸، تھذیب التھذیب ۱۱: ۲۳۰، تقریب التھذیب ۲: ۳۶۳، الجرح والتعدیل ٤ ق ۲۵٦ رجال الصحیحین ۲: ۵۷۳، خلاصة تھذیب الکمال: ۲۷

(2) فضائل الخمسة ۲: ۲٤۲۔

Presented by www.ziaraat.com

الاختلاف علی ابی اسحاق فی هذا الحدیث

اخبرنا احمد بن سلیمان، قال: اخبرنا ابو اسحاق، قال: حدثنی حبشی بن جنادة السلولی [1] قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول: علی منی وانا منه۔ [2] قلت لابی اسحاق عن البزار۔

اخبرنا احمد بن سلیمان، قال: حدثنا عبدالله، قال: حدثنا اسرائیل، عن ابی اسحاق، عن البراء بن عازب، قال: قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لعلی: انت منی وانا منك۔ رواه القاسم بن یزید المخزومی، عن اسرائیل، عن ابی اسحاق، عن هبیرة ابن مریم، وهانی بن هانی، [3] عن علی رضی‌الله عنه قال: لما صدرنا [4] من مكة اذا ابنة حمزة تنادی: یا عم یا عم، فتناولها علی رضی الله عنه واخذها فقال لصاحبته: دونك ابنة عمك فحملتها، فاختصم فیها علی وزید وجعفر، فقال علی: انا آخذها

[1] حبشی بن جنادة بن نصر السلولی الصحابی. تهذیب التهذیب ۲: ۱۷٦ اسد الغابة: ۳٦٦۔

[2] كنوز الحقائق للمناوی: ۳۷۔

[3] الهمدانی الكوفی. تهذیب التهذیب ۱۱: ۲۲ تنقیح المقال ۳: ۲۹۰، منتهی الآمال: ۳۲۰، رجال الطوسی: ٦۲، فقد الرجال: ۳٦۸، اعیان الشیعة ۵۱: ٤۳، الطبقات الكبری ٦: ۲۲۳ ط بیروت۔

[4] فی تاریخ بغداد ٤: ۱٤۰ هكذا لما خرجنا من مكة تلقتنا

Presented by www.ziaraat.com

وهي بنت عمي۔ وقال جعفر: ابنة عمي وخالتها تحتي۔ وقال زيد: ابنة اخي۔ فقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم لخالتها وقال: الخالة بمنزلة الام، ثم قال لعلي: انت مني بمنزلة هارون و انا منك۔ وقال لجعفر: اشبهت خلقي وخلقي، وقال لزيد! يا زيد انت اخونا ومولانا۔ [1]

ابواسحاق کا اختلاف

حدیث

ہم نے احمد بن سلیمان سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے حبشی سے، اُس نے جنادہ سلولی سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا، انھوں نے فرمایا "علیؑ مجھ سے ہیں اور مَیں ان سے ہوں۔"

محدث نسائی کہتے ہیں کہ ابواسحاق نے بزار کی روایت بیان کی ہے۔

حدیث

ہم نے احمد بن سلیمان سے، اُس نے عبداللہ سے، اُس نے اسرائیل سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے براُبن عازب سے کہ رسول خداؐ نے حضرت علیؑ کیلئے فرمایا "مَیں تجھ سے ہوں اور تُو مجھ سے ہے۔"

حدیث

اُس نے قاسم بن یزید مخزومی سے، اُس نے اسرائیل سے، اُس نے

[1] تاريخ بغداد ٤: ١٤٠ وفيه فقال: يا رسول الله تزوجها فقال: انها ابنة اخي من الرضاعة سنن البيهقي ٨: ٥ مسند احمد ١: ٩٨، المستدرك ٣: ١٢٠، مشكل الآثار ٤: ١٧٣

Presented by www.ziaraat.com

ابواسحاق سے، اُس نے ھبیرہ ابن مریم سے، اُس نے ھانی بن ھانی سے، اُس نے حضرت علی علیہ السلام، سے وہ فرماتے ہیں۔ جب ہم مکّہ سے نکلے تو حضرت حمزہؓ کی شہزادی چچا جان، چچا جان کہتی ہوئی دوڑتی ہوئی آئی، تو حضرت علی علیہ السلام نے اُسے لیا اور اپنی زوجہ محترمہ حضرت سیّدہ فاطمہ زہراؑ کے حوالے کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنے چچا کی بیٹی کو اُٹھالیں، اس واقعہ کے بعد حضرت علیؑ، زید اور جعفر کے درمیان جھگڑا شروع ہوگیا، حضرت علی علیہ السلام فرماتے تھے کہ یہ میرے چچا کی بیٹی بھی ہے، میں اسے اپنے پاس رکھوں گا، حضرت جعفر فرماتے تھے کہ یہ میرے چچا کی بیٹی بھی ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے، حضرت زید کہتے تھے کہ یہ میرے بھائی کی بیٹی ہے۔

جب یہ معاملہ رسولِ خداؐ کے پاس گیا تو آپؐ نے فرمایا: یہ لڑکی اپنی خالہ کے پاس رہے گی کیونکہ خالہ ماں کے مقام پر ہوتی ہے، پھر حضرت علیؑ سے فرمایا کہ تجھ کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰؑ سے تھی۔ جناب جعفر سے فرمایا کہ تم خَلق و خُلق میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو اور جناب زید سے فرمایا: تو ہمارے بھائی اور مولا ہو۔

❀ ❀ ❀

Presented by www.ziaraat.com

قول النبی صلی الله علیه و آله وسلم!
علی کنفسی

اخبرنا العباس بن محمد الدوری، قال: حدثنا الاخوص بن جواب، 1 قال: حدثنا یونس بن اسحاق، عن ابی اسحاق السبیعی عن زید بن یشیغ، 2 عن ابی رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه و آله وسلم: لینتهین بنو ولیعة 3 او لابعثن علیهم رحلا کنفسی ینفذ فیهم امری فیقتل المقاتلة ویسبی الذریة۔ فما راعنی الا وکف عمر فی حجزتی من خلفی وقال: من یعنی؟ قلت: ایاك یعنی وصاحبك۔ قال: فمن یعنی؟ قلت: خاصف النعل۔ قال: وعلی یخصف النعل۔ 4

1 ابو الجواب الکوفی الضبی مات ۲۱۱، تهذیب التهذیب ۱: ۱۹۱، الکنی والاسماء ۱: ۱۳۹، رجال الصحیحین ۱: ٥١، الجرح والتعدیل ۱ ق ۱: ۳۲۸.

2 زید بن یشیع ویقال اشیغ الهمدانی الکوفی، تهذیب التهذیب ۳: ۳۲۷ المشتبه ۱: ۱۱۲، تقریب التهذیب ۱: ۲۷۷، میزان الاعتدال ۲: ۱۰۷.

3 ولیعة بطن من کندة من القحطانیة معجم البلدان ۱: ٥٨٩، لسان العرب ۱۰: ۲۹۳، تاریخ الطبری ۳: ۲۷۱، الصحاح ۳: ٦٣٣، معجم قبائل العرب ۳: ۱۲٥۳.

4 الریاض النضرة ۲: ١٦٤، مجمع الزوائد ۷: ۱۱۰، الاستیعاب ۲: ٤٦٤ تذکرة الخواص ٤٠ وفیه فقال عمر رضی الله عنه والله ما اشتهیت الا مارة الا یومئذ جعلت انصب له صدری رجاء ان یقول هذا، فالتفت الی علی فاخذ بیده وقال هذا هو هذا هو مرتین الدیر ۲: ۳۱۹

Presented by www.ziaraat.com

علی علیہ السلام میری جان ہیں

حدیث

ہم نے عباس بن محمد دوری سے، اُس نے احوص بن جواب سے، اُس نے یونس بن اسحاق سے، اُس نے ابو اسحاق سبیعی سے، اُس نے زید بن یثیغ سے، اُس نے ابی سے، اُس نے کہا کہ حضرت رسولِ خدا نے بنو ربیعہ کو ازراہِ انتباہ فرمایا کہ تمہاری طرف ایک ایسا شخص آئے گا جو میری جان کی طرح ہے وہ میرا حکم تم پر نافذ کرے گا، جنگ کرنیوالوں کو قتل کرے گا، تمہاری اولاد کو قیدی بنائے گا، مَیں یہ سن کر حیران ہو رہا تھا کہ حضرت عمر میرے پیچھے سے میرے کمرے میں آداخل ہوئے، مَیں نے کہا کہ اس سے مراد تمہارا ساتھی ہے؟ انھوں نے پوچھا کون؟ مَیں نے کہا جوتا مرمت کو نیوالا۔ انھوں نے کہا جوتوں کی مرمت تو علی کرتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

قوله صلى الله عليه وسلم لعلى رضى الله عنه:

أنت صفي و أميني

اخبرنا زكريا بن يحيى، قال: حدثنا ابن ابى عمرو بن ابى مروان، قال: حدثنا عبدالعزيز، عن يزيد بن عبدالله بن اسامة ابن الهاد، [1] عن محمد بن نافع ابن عجيرة، [2] عن ابيه، عن على رضى الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما انت يا على انت صفي و اميني۔ [3]

اے علی علیہ السلام! تو میرا صفی اور امین ہے

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے ابن ابی عمرو بن ابی مروان سے، اُس نے عبدالعزیز سے، اُس نے یزید بن عبداللہ بن اُسامہ ابن ھاد سے، اُس نے محمد بن نافع ابن عجیرہ سے، اُس نے اپنے والد سے، اُس نے حضرت علی علیہ السلام سے کہ حضرت رسول خداؐ نے فرمایا

"اے علیؑ تو میرا صفی اور امین ہے۔"

---

1. ابو عبدالله المدنى المتوفى ١٣٩ تهذيب التهذيب ١١: ٣٣٩، تقريب التهذيب ٢: ٣٦٧، رجال الصحيحين ٢: ٥٧٥، الجرح والتعديل ٤ ق ٢: ٢٧٥.
2. كان والده من الصحابة تهذيب التهذيب ١٠: ٤٠٨، تقريب التهذيب ٢: ٢٩٦، اسد الغابة ٥: ١٠، تجريد اسماء الصحابة ٢: ١١٠، خلاصة تهذيب الكمال: ٣٤٢.
3. صحيح الترمذى ٢: ٢٩٧ باختلاف يسير فى اللفظ.

Presented by www.ziaraat.com

قوله صلى الله عليه وسلم:

لا يودى عن الا انا وعلى

اخبرنا احمد بن سليمان، قال: حدثنا اسماعيل، عن ابي اسحاق عن حبشي بن جنادة السلولي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: على منى وانا منه فلا يودى عنى الا انا وعلى۔ [1]

علی علیہ السلام میری امانتیں ادا کرنے والا ہے

حدیث

ہم نے احمد بن سلیمان سے، اُس نے اسماعیل سے، اُس نے ابو اسحاق سے، اُس نے حبشی بن جنادہ سلولی سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علیؑ "مجھ سے ہے اور مَیں علیؑ سے ہوں، مَیں اپنی امانتیں خود ادا کروں گا یا علیؑ ادا کریں گے۔

[1] مرت الاشارة الى مصادر هذا الحديث بصورة مفصلة. كفاية الطالب ۱۴۳۔

Presented by www.ziaraat.com

توجیه النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم براءۃ مع علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اخبرنا محمد بن بشار، قال: حدثنا عفان وعبدالصمد، قال: حدثنا حماد بن سلمة، عن سماك بن حرب، عن انس قال: بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم براءۃ مع ابی بکر، ثم دعاہ فقال: لا ینبغی ان یبلغ ھذا الا رجل من اھلی فدعا علیاً فاعطاہ ایاھا۔ [1]

اخبرنا العباس بن محمد الدوری، قال: حدثنا ابو نوح قداد عن یونس بن ابی اسحاق، عن ابی اسحاق، عن زید بن سیع، [2] عن علی رضی اللہ عنہ: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعث ببرأۃ الی اھل مکۃ مع ابی بکر، ثم اتبعہ بعلی فقال لہ: خذ الکتاب فامض بہ الی اھل مکۃ۔ قال: فلحقہ فاخذ الکتاب منہ فانصرف ابوبکر وھو کئیب فقال لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: انزل فی شیء قال: لا، الا انی امرت ان ابلغہ انا او رجل من اھل بیتی۔ [3]

---

[1] صحیح الترمذی ۲: ۱۸۳، بسندہ عن انس بن مالک. مسند احمد ۳: ۲۸۳، الدر المنثور ۳: ۲۰۹ ط فست وقال: اخرجہ ابن ابی شیبۃ واحمد والترمذی وحسنہ وابوالشیخ وابن مردویہ عن انس

[2] الصحیح: زید بن یثیع کما مرت الاشارۃ الی ترجمتہ

[3] فضائل الخمسۃ ۲: ۳٤۳

Presented by www.ziaraat.com

اخبرنا زکریا بن یحیی، قال حدثنا عبدالله بن عمر، قال: حدثنا اساط، عن فطر، عن عبدالله بن شریك، عن عبدالله بن رقیم، عن سعد قال: بعث رسول الله صلی الله علیه وسلم ابا بکر براء ة، حتی اذا کان ببعض الطریق ارسل علیاً رضی الله عنه فاخذهما منه، ثم سار بها۔ فوجد ابوبکر فی نفسه، فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یودی عنی الا انا او رجل منی۔ [1]

اخبرنا اسحاق بن ابراهیم بن راهویه، قال قرأت علی ابی قرأت علی موسی بن طارق، عن ابی صالح، قال حدثنی عبدالله ابن عثمان بن خثیم، [2] عن ابی الزبیر، [3] عن جابر ان النبی صلی الله علیه و آله وسلم حین رجع من عمرة الجعرانه [4] بعث ابا بکر علی الحج، فاقبلنا معه حتی اذا کنا بالعرج توب بالصبیح، فلما استوی للتکبیر سمع الرغوة خلف ظهره ذوقف عن التکبیر، فقال: هذه رغوة ناقة رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم الجدعا، لقد بدأ الرسول صلی الله علیه وسلم فی الحج، فلعله ان یوکن رسول الله صلی الله علیه وسلم فنصلی معه۔ فاذا علی رضی الله عنه علیها، فقال له ابوبکر امیر ام رسول؟ قال: لا، بل رسول ارسلنی رسول الله صلی الله علیه وسلم ببراء ة اقرؤها علی الناس فی مواقف الحج۔ فقدمنا

---

[1] الدر المنثور ۳: ۲۰۹، باختلاف یسیر فی اللفظ وقال اخرجه ابن مردویه عن سعد بن ابی وقاص تفسیر الطبری ۱۰: ٤٦ بسنده عن ابن عباس

[2] القادری المکی ابو عثمان مات۱۳۲، تهذیب التهذیب ۵: ۳۱٤، تقریب التهذیب ۱: ٤۳۲، رجال الصحیحین ۱: ۲۷۵

[3] محمد بن مسلم بن تدرس الاسدی المکی مات ۱۲۶ھ، تهذیب التهذیب ۹: ٤٤۰، خلاصة تهذیب الکمال ۳: ۳۶۶، الجرح والتعدیل ٤ ق ۱: ۷٤

[4] الجعرانة بین مکة والطائف علی سبعة امیال من مکة تاج العروس ۳: ۱۰۳

Presented by www.ziaraat.com

مكة، فلما كان قبل التروية بيوم قام ابوبكر، فخطب الناس فحسدهم عن مناسكهم، حتى اذا فرغ قام علي فقرأ على الناس براء ة حتى ختمها، ثم خرجنا معه حتى اذا كان يوم عرفه، قام ابوبكر فخطب الناس فحدثهم عن مناسكهم، حتى اذا فرغ قام علي رضي الله عنه فقرأ على الناس براء ة حتى ختمها۔ فلما كان النفر الاوّل قام ابوبكر فخطبه الناس فحدثهم كيف ينفرون او كيف يرمون فعلمهم مناسكهم۔ فلما فرغ قام علي رضي الله عنه فقرأ على الناس براء ة حتى ختمها۔ [1]

علی علیہ السلام اور سورۂ برأت

حدیث

ہم نے محمد بن بشار سے، اُس نے عفان اور عبدالصمد سے، ان دونوں نے حماد بن سلمٰی سے، اُس نے سماک بن حرب سے، اُس نے انس سے، اُس نے کہا کہ اللہ کے رسولؐ نے حضرت ابوبکر کو سورۂ برأت کیساتھ بھیجا، پھر انھیں واپس بلا کر فرمایا: اُسے نہیں پہنچائے گا مگر وہ شخص جو میری اہل بیتؑ سے ہو، پھر حضرت علی علیہ السلام کو بلا کر سورۂ برأت انہیں عطا فرمائی۔

حدیث

ہم نے عباس بن محدوری سے، اُس نے ابونوح قداد سے، اُس نے یونس بن ابی اسحاق سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے زید بن سبیع سے، اُس نے

[1] الرياض النضرة ٢: ١٧١، كنز العمال ٦: ١٥٤، مجمع الزوائد ٩: ١٢٨، الغدير ٣: ٢٤٥ وفيه الحديث صحيح رجاله رجال الصحيح، المستدرك ٣: ٥١.

Presented by www.ziaraat.com

حضرت علی علیہ السلام سے کہ رسول اکرمؐ نے حضرت ابو بکر کو سورہ برأت دے کر مکہ کی طرف بھیجا، پھر حضرت علیؑ کو ان کے پیچھے بھیجا کہ وہ مکتوب ان سے لے لیں اور اہل مکہ کی طرف جائیں۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت ابو بکر کو راستے میں جا لیا اور ان سے وہ مکتوب لے لیا، پس حضرت ابو بکر غمزدہ صورت میں واپس آ گئے۔ لوگوں نے پوچھا۔ یا رسول اللہ ﷺ! کوئی وحی نازل ہوئی ہے، آپؐ نے فرمایا: نہیں بلکہ مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اس پیغام کو یا تو میں خود پہنچاؤں یا میرے اہل بیتؑ میں سے کوئی پہنچائے۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُسنے عبداللہ بن عمر سے، اُس نے اسباط سے، اُس نے فطر سے، اُس نے عبداللہ بن شریک سے، اُس نے عبداللہ بن رقیم سے، اُس نے سعد سے، اُس نے کہا کہ رسول خداؐ نے حضرت ابو بکر کو سورۂ برات کیساتھ بھیجا، ابھی وہ راستے میں تھے کہ حضرت علیؑ کو ان کے پیچھے بھیجا کہ وہ اُن سے لے لیں اور آپ نے ان سے سورۃ لے لی تو حضرت ابو بکر کو اس بات کا غم ہوا تو رسول خداؐ نے فرمایا کہ اسے کوئی نہیں پہنچائے گا مگر میں خود یا وہ مرد جو مجھ سے ہو۔

حدیث

ہم نے اسحاق بن ابراہیم بن راھویہ سے، اُس نے اپنے باپ راھویہ سے، اُس نے موسیٰ بن طارق سے، اُس نے ابی صالح سے، اُس نے عبداللہ ابن عثمان بن خثیم سے، اُس نے ابی زبیر سے، اُس نے جابر سے، حضرت جابر روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ عمرۃ الجعرانۃ نامی جگہ سے واپس آئے تو حضرت ابو بکر کو حج کیلئے روانہ

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا، ہم بھی ان کیساتھ تھے۔ راستے میں مقامِ عرج پر صبح کی نماز کیلئے کپڑا اچھایا، پس جب تکبیر کیلئے کھڑے ہوئے تو پیچھے سے ناقہ کے بلبلانے کی آواز سُنی، چنانچہ تکبیر کو موقوف کردیا گیا کیونکہ یہ رسول خدا کی ناقہ جدعا کے بلبلانے کی آواز تھی، ہم نے خیال کیا کہ شاید رسول اللہ خود حج کیلئے تشریف لا رہے ہیں، لہٰذا آپ کیساتھ نماز پڑھی جائے لیکن وہ حضرت علی علیہ السلام تھے تو حضرت ابوبکر نے پوچھا، آپ امیر ہیں یا پیغام رسان تو حضرت علیؑ نے فرمایا: امیر نہیں پیغامبر ہوں، مجھے رسول خداؐ نے بھیجا ہے کہ میں مواقفِ حج میں لوگوں کے سامنے سورہ برات پڑھوں۔

پس جب ہم مکہ میں داخل ہوئے تو ایام ترویہ سے قبل ایک روز حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطاب کرتے ہوئے ان سے گفتگو کی اور مناسکِ حج بیان کیے، جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علیؑ اُٹھے۔ آپؑ نے لوگوں پر سورہ برأت پڑھی، پھر ہم ان کیساتھ نکلے کہ یوم عرفہ ہوا۔

حضرت ابوبکر اُٹھے انھوں نے خطبہ دیا اور مناسکِ حج بیان کئے، جب وہ خطاب سے فارغ ہوئے تو حضرت علیؑ اُٹھے اور لوگوں پر سورہ برأت پڑھی، یہاں تک کہ ختم ہوگئی۔ پہلے آدمی حضرت ابوبکر ہیں جنہوں نے کھڑے ہوکر خطبہ دیا کہ منیٰ سے واپسی کیسے ہو، رمی کیسے کرنی ہے اور انھیں مناسکِ حج کی تعلیم دی۔ جب آپ فارغ ہوئے تو حضرت علیؑ اُٹھے اور لوگوں پر سورہ برأت پڑھی کہ ختم ہوگئی۔

❀ ❀ ❀

Presented by www.ziaraat.com

قول النبی صلی الله علیه وسلم: من کنت ولیه فهذ اولیه

اخبرنا احمد بن المثنی، قال: حدثنا یحیی بن معاذ، قال: اخبرنا ابوعوانة، عن سلیمان قال: حدثنا حبیب بن ابی ثابت۔ عن ابی الطفیل، عن زید بن ارقم قال: لما رجع النبی صلی الله علیه وسلم من حجة الوداع ونزل غدیر خم امر بدوحات فقممن ثم قال: کانی دعیت فاجبت وانی تارك فیکم الثقلین احدهما اکبر من الآخرة: کتاب الله وعترتی اهل بیتی، فانظروا کیف تخلفونی فیهما فانهما لن یفترقا حتی یردا علی الحوض۔ ثم قال ان الله مولا وانا ولی کل مومن۔ ثم انه اخذ بید علی رضی الله عنه فقال: من کنت ولیه فهذا ولیه، اللهم وال من والاه وعاد من عاداه۔ فقلت لزید: سمعته من رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم؟ فقال: وانه ما کان فی الدوحات احد الا رآه بعینه وسمعه باذنیه۔ [1]

اخبرنا ابوکریب محمد بن العلاء الکوفی، قال: حدثنا ابومعاویة، قال: حدثنا الاعمش، عن سعید بن عمیر، عن ابن بریدة

---

[1] الغدیر ۱: ۳۰، المستدرک ۳: ۱۰۹ ثم قال هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، کنزالعمال ۱: ۴۸۔

Presented by www.ziaraat.com

ابیه[1] قال: بعثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم واستعمل علینا علیاً، فلما رجعنا سالنا کیف رایتم صحبة صاحبکم؟ فاما شکونه انا واما شکاه غیری۔ فرفعت رأسي وکنت رجلا من مکة[2] واذا وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم قد احمر فقال: من کنت ولیه فعلی ولیه۔[3]

اخبرنا محمد بن المثنی، قال: حدثنا ابو احمد، قال: اخبرنا عبدالملك بن ابی عینة، عن الحکم، عن سعید بن حبیر، عن ابن عباس قال: حدثنی بریدة قال: بعثنی النبی صلی الله علیه وسلم مع علي رضی الله عنه الی الیمن، فرأیت منه جفوة، فلما رجعت شکوت الی النبی صلی الله الیه وسلم، فرفع راسه الی وقال: یا بریدهة، من کنت مولاه فعلی مولاه۔[4]

اخبرنا ابوداود، قال: حدثنا ابونعیم، قال: حدثنا عبدالملك بن ابی عینیه، قال: اخبرنا الحکم، عن سعید بن جبیر، عن ابن عباس، عن بریدة قال: خرجت مع علی رضی الله عنه الی الیمن فرأت منه جفوة، فقدمت علی النبی صلی الله علیه وسلم فذکرت علیاً فتنقصته، فجعل رسول الله صلی الله علیه وسلم یتغیر وجهه، فقال: یا بریدة، الست اولی بالمومنین من

---

[1] بریدة بن الحصیب ابوسهل الاسلمی المتوفی ٦٣

[2] فی نسخة مکیایا

[3] المستدرك ٣: ١١٠، حلیة الاولیاء ٤: ٢٣، تفسیر المنار ٦: ٤٦٤، الغدیر ١: ٢٠، کنزالعمال ٦: ٣٩٨، مجمع الزوائد ٩: ١٠٨ وفیه: فقلت: لا اسوءك فیه ابداً وفی نسخة: فذهب الذی فی نفسی علیه فقلت: لا اذکره بسوء

[4] تفسیر السیوطی ٥: ١٨٢، قال: واخرج ابن ابی شیبة واحمد والنسائی عن بریدة قال: غزوت مع علی الیمن فرأیت منه جفوة، فلما قدمت علی رسول الله(ص) الحدیث

Presented by www.ziaraat.com

انفسهم؟ قلت: بلی یا رسول الله، قال: من کنت مولاہ فعلی مولاہ۔ (1)

اخبرنا ذکریا بن یحیی، قال: حدثنا نصر بن علی، قال: حدثنا عبدالله بن داود، عن عبدالواحد بن ایمن (2) عن ابیہ، ان سعداً قال: قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم: من کنت مولاہ فعلی مولاہ۔ (3)

اخبرنا قتیبۃ بن سعید، قال: حدثنا ابن ابی عدی، عن عوف عن میمون ابی عبدالله قال: قال زید بن ارقم: قام رسول الله صلی الله علیہ وسلم، فحمد الله واثنی علیہ ثم قال: الستم تعلمون انی اولی بکل مومن نفسہ؟ قالو: بلی، نشهد لانت اولی بکل مومن من نفسہ۔ قال: فانی من کنت مولاہ فهذا مولاہ۔ واخذ بید علی۔ (4)

اخبرنا محمد بن یحیی بن عبدالله النیسابوری، واحمد بن عثمان ابن حکیم، قال: حدثنا عبدالله بن موسی، قال: اخبرنا هانی ابن ایوب، (5) عن طلحۃ، قال: حدثنا عمیرۃ بن سعد: انه سمع علیاً رضی الله عنه وهو ینشد فی الرحبۃ: من سمع رسول الله صلی الله علیہ وسلم یقول: من کنت

---

(1) الاستیعاب ۲: ۴۷۳، اسنی المطالب ۳، الجامع الصغیر ۲: ۵۰۵، کنزالعمال ۶: ۳۹۸، الدر المنثور ۴: ۱۸۲، تفسیر المنار ۶: ۴۶۴، الغدیر ۱: ۲۰۱۔

(2) ابوالقاسم عبدالواحد بن ایمن الخزومی المکی تہذیب التہذیب ۶: ۴۳۳، تقریب التہذیب ۱: ۵۲۵، خلاصۃ تہذیب الکمال ۲۰۹، رجال الصحیحین ۱: ۳۱۹

(3) الغدیر ۱: ۴۲

(4) مسند احمد ۴: ۳۷۲، الغدیر ۱: ۳۱، فضائل الخمسۃ ۱: ۳۵۶، المناقب الخوارزمی ۷۹

(5) الحنفی الکوفی تہذیب التہذیب ۱۱: ۲۱، الجرح والتدیل ۴ق ۲: ۱۰۲ میزان الاعتدال ۴: ۲۹۰ وفیہ هانی بن ایوب الجعفی

Presented by www.ziaraat.com

مولاه فعلی مولاه؟ فقام ستة نفر فشهدوا۔ [1]

اخبرنا محمد بن المثنی، قال: حدثنا محمد، قال: حدثنا شعبة، عن ابی اسحاق، قال: حدثنی سعید بن وهب، قال: قام خمسة اوستة من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم فشهدوا ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: من كنت مولاه فعلی مولاه۔ [2]

اخبرنا علی بن محمد بن قاضی المصیصة، قال: حدثنا خلف قال: حدثنا شعبة، عن ابی اسحاق، قال: حدثنی سعید بن وهب: انه قام صحابة ستة، وقال زید بن یشیغ: وقام مما یلی المنبر ستة فشهدوا انهم سمعوا رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: من كنت مولاه فعلی مولاه۔ [3]

اخبرنا ابوداؤد، قال: حدثنا عمران بن ابان، قال: حدثنا شریك، قال: حدثنا ابواسحاق، عن زید بن یشیغ قال: سمعت علی بن ابی طالب رضی الله عنه یقول علی منبر الكوفة: انی انشد الله رجلا ولا یشهد الا اصحاب محمد سمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم غدیرخم یقول: من كنت مولاه فعلی مولاه، اللهم وال من والاه وعاد من عاداه۔ فقام ستة من جانب المنبر الآخر [4] فشهدوا انهم سمعوا رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ذلك۔

---

[1] الغدیر ۱: ۱۸۱

[2] مسند احمد ۱: ۱۱۸، الغدیر ۱: ۱۷۳

[3] الغدیر ۱: ۱۷۲

[4] فیه سقط، وعلی رای شیخنا الحجة الامینی لعله هكذا فقام ستة من جانب المنبر وستة من جانب الآخر

Presented by www.ziaraat.com

قال شريك: فقلت لابی اسحاق: هل سمعت البراء بن عازب يهدث بهذا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال: نعم [1] قال ابو عبدالرحمان: عمران بن ابان الواسطی ليس بقوی فی الحديث۔ [2]

جس کا مَیں مولیٰ ہوں اُس کا علیؑ مولیٰ ہے

حدیث

ہم نے احمد بن مثنیٰ سے، اُس نے یحییٰ بن معاذ سے، اُس نے ابوعوانہ سے، اُس نے سلیمان سے، اُس نے حبیب بن ابی ثابت سے، اُس نے ابوطفیل سے، اُس نے زید بن ارقم سے، اُس نے کہا کہ جب رسول اللہ حجۃ الوداع سے واپس آرہے تھے تو غدیرِ خم کے مقام پر نزول فرمایا، لوگوں کو بھی قیام کا حکم دیا اور پالانوں کا منبر بنایا گیا، پھر فرمایا: ایسے معلوم ہوتا ہے کہ مجھے اللہ کی طرف سے بلاوا آگیا ہے اور مَیں نے اُس کا جواب دے دیا ہے اور مَیں تم میں دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ان میں سے ایک دوسری سے بڑی ہے اور وہ اللہ کی کتاب اور میری عترت اہلِ بیتؑ ہے، پس غور کرو تم میرے بعد ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟ اور یہ دونوں کبھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر مجھ سے آملیں گی، پھر فرمایا: میرا مولا اللہ ہے، مَیں تمام مومنوں کا مولا ہوں پھر حضرت علیؑ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جس کا مَیں مولا ہوں، اُس کا یہ مولا ہے، اے میرے اللہ جو اس سے دوستی رکھے تو اُس سے دوستی رکھ اور جو اس سے

---

[1] الغدير ١٠١٧١

[2] وثقه جماعة من ائمة الحديث والرجال منهم ابن حيان فقد ذكره فی الثقات تهذيب التهذيب ٨: ١٢٢، وقال ابن عدی: لا اری بحديثه باساً ولم ار فی حديثه منكراً، ميكراً ميزان الاعتدال ٣٠٢٣٣

Presented by www.ziaraat.com

دشمنی رکھے تو اُس سے دشمنی رکھ۔ راوی کہتا ہے کہ مَیں نے حضرت زید سے کہا کہ کیا تو نے رسولِؐ خدا سے یہ بات سنی ہے؟

حدیث

ہم نے ابو کریب محمد بن علا کوفی سے سُنا، اُس نے ابو معاویہ سے سُنا، اُس نے اعمش سے، اُس نے سعید بن عمیر سے، اُس نے ابن بریدہ سے، اُس نے اپنے باپ سے وہ روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا نے ہمیں حضرت علیؑ کی زیرِ قیادت کسی مہم پر بھیجا، پس جب ہم لوگ واپس آئے تو آپ نے پوچھا کہ تم نے اپنے صاحب کی محبت کو کیسے پایا؟ پس مَیں اور ایک دوسرے شخص نے حضرت علیؑ کی شکایت کی اور جب مَیں نے اپنا سر اُٹھا کر دیکھا تو وہ دوسرا شخص اہلِ مکہ سے تھا اور جب رسولِؐ خدا کے رُخِ انور کی طرف دیکھا تو آپ کا چہرہ انور غصّے سے سُرخ تھا، آپؐ نے فرمایا: جس کا مَیں ولی ہوں اُس کا علیؑ، ولی ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن مثنٰی سے، اُس نے ابو احد سے، اُس نے عبد الملک بن ابی عیینہ سے، اُس نے حکم سے، اُس نے سعید بن جبیر سے، اُس نے ابن عباس سے، اُس نے بریدہ سے، اُس نے کہا کہ رسول اکرمؐ نے ہمیں حضرت علیؑ کی قیادت میں یمن کی طرف بھیجا تو اس دوران مَیں نے ان کی سختی دیکھی تو واپسی پر مَیں نے ان کی پیغمبرؐ کی خدمت میں شکایت کی۔ پس آپؐ نے میری طرف سر اُٹھا کر دیکھا اور فرمایا: اے بریدہ! جس کا مَیں مولا ہوں، اُس کا علیؑ مولا ہے۔

حدیث

ہم نے ابو داؤد سے، اُس نے ابو نعیم سے، اُس نے عبد الملک بن ابی عیینہ

Presented by www.ziaraat.com

سے، اُس نے حکم سے، اُس نے سعید بن جبیر سے، اُس نے ابن عباس سے، اُس نے بریدہ سے، اُس نے کہا کہ مَیں حضرت علیؑ کیساتھ یمن کی طرف گیا، راستے میں ان کی سختی دیکھی۔ جب واپس آئے تو رسولؐ خدا کے سامنے ان کی شکایت کی تو آپؐ کے چہرۂ انور پر جلال برسنے لگا، فرمایا: اے بریدہ! کیا مَیں مومنوں کی جانوں کا ان سے زیادہ مالک نہیں ہوں؟ مَیں نے عرض کیا جی ہاں یارسولؐ اللہ۔ تو فرمایا کہ جس کا مَیں مولا ہوں، اُس کا علیؑ مولا ہے۔

حدیث

ہم نے زکریا بن یحییٰ سے، اُس نے نصر بن علی سے، اُس نے عبداللہ بن داؤد سے، اُس نے عبدالواحد بن ایمن سے، اُس نے اپنے والد سے، اُس نے حضرت سعد سے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا مَیں مولیٰ ہوں، اُس کا علیؑ مولا ہے۔"

حدیث

ہم نے قتیبہ بن سعید سے، اُس نے ابن ابی عدی سے، اُس نے عوف سے، اُس نے میمون ابی عبداللہ سے، اُس نے زید بن ارقم سے، اُس نے کہا کہ رسول کرمؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ مَیں تمام مومنین کی جانوں کا ان سے زیادہ مالک ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں آپؐ ہر مومن کی جان کے اُس سے زیادہ مالک ہیں تو آپؐ نے فرمایا "جس کا مَیں مولا ہوں، اُس کے یہ مولا ہیں"۔ پھر حضرت علیؑ کا ہاتھ تھام لیا۔

حدیث

ہم نے محمد بن یحییٰ بن عبداللہ نیشاپوری اور احمد بن عثمان ابن حکیم سے،

Presented by www.ziaraat.com

انھوں نے عبداللہ بن موسیٰ سے، اُس نے کہا کہ ہمیں ہانی ابن ایوب نے، اُسنے طلحہ سے، اُس نے عمیرہ بن سعد سے، وہ روایت کرتے ہیں کہ مَیں نے حضرت علیؑ اسے دورانِ خطبہ سُنا، وہ فرمارہے تھے کہ مَیں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا یہ رسول ﷺ کا فرمان ہے کہ جس کا مَیں مولیٰ ہوں، اُس کا علیؑ مولا ہے، آپکا یہ ارشاد سُن کر چھ آدمی اُٹھے اور انھوں نے اس امر کی گواہی دی کہ ہم نے یہ رسولؐ اللہ کا فرمان سنا ہے۔

حدیث

ہم نے محمد بن مثنیٰ سے، اُس نے محمد سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے سعید بن وھب سے، اُس نے کہا کہ حضرت علیؑ کے اس سوال کے جواب میں پانچ یا چھ صحابی اُٹھے اور انھوں نے گواہی دی کہ رسولِ اللہؐ نے فرمایا کہ جس کا مَیں مولیٰ ہوں اُس کا علیؑ مولیٰ ہے۔

حدیث

ہم نے علی بن محمد علی قاضی مصیصہ سے، اُس نے خلف سے، اُس نے شعبہ سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے سعید بن وھب سے، اُس نے کہا کہ اس امر کی گواہی دینے والے چھ صحابہ رُسول تھے، زید بن یثیغ نے کہا کہ حضرت علیؑ کے منبر کے پاس کھڑے ہو کر چھ اشخاص نے گواہی دی کہ انھوں نے رسولؐ اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کا مَیں مولیٰ ہوں، اُس کا علیؑ مولیٰ ہے۔

حدیث

ہم نے ابوداؤد سے، اُس نے عمران بن ابان سے، اُس نے شریک سے، اُس نے ابواسحاق سے، اُس نے زید بن یثیغ سے، اُس نے کہا کہ مَیں نے حضرت علیؑ

Presented by www.ziaraat.com

سے سُنا جب وہ کوفہ میں منبر پر فرما رہے تھے مَیں تمہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں اس امر میں سوائے اصحابِ رسول ﷺ کے کوئی شخص گواہی نہ دے کہ غدیرِ خم میں رسولؐ اللہ نے فرمایا: جس کا مَیں مولا ہوں اُس کا علیؑ مولا ہے، اے میرے اللہ تُو اُس سے محبت رکھ، جو اس سے محبت رکھے اور اُس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے، آپ کے اس فرمان پر منبر کی طرف سے چھ آدمی اُٹھے اور گواہی دی کہ ہم نے رسولؐ اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے۔

شریک کہتا ہے کہ مَیں نے ابواسحاق سے پوچھا کیا تم نے براابن عازب سے یہ حدیث جو رسولؐ اللہ نے فرمائی ہے سُنی ہے؟ اُس نے کہا ہاں مَیں نے سُنی ہے، ابوعبدالرحمٰن نسائی کہتے ہیں کہ عمران بن ابان واسطی حدیث میں قوی نہیں ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

قول النبی صلی الله علیه وسلم:

علی ولی کل مومن بعدی

اخبرنا احمد بن شعیب، قال: اخبرنا قتیبة بن سعید، قال: حدثنا جعفر یعنی ابن سلیمان، عن زید، عن مطرف بن عبدالله، عن عمران بن حصین قال: جهز رسول الله صلی الله علیه وسلم جیشاً واستعمل علیهم علی بن ابی طالب، فمضی فی السریة فاصاب جاریة فانکروا علیه، وتعاقد اربعه من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا بعثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم اخبرناه ما صنع[1] وکان المسلمون اذا رجعوا من السفر بدؤا برسول الله صلی الله علیه وسلم فسلموا علیه فانصرفوا الی رحالهم۔ فلما قدمت السریة سلموا علی النبی صلی الله علیه وسلم فقام احد الاربعة فقال: یا رسول الله، الم تر ان علی بن ابی طالب صنع کذا وکذا۔ فاعرض عنه رسول الله صلی الله علیه وسلم، ثم قام الثانی وقال: مثل ذلک، ثم الثالث فقال مقالته، ثم قام الرابع فقال: مثل ما قالوا۔ فاقبل الیهم رسول الله صلی الله علیه وسلم والغضب یبصر فی وجهه، فقال: ما تریدون من علی؟ [2] ان علیاً من وانا منه، وهو ولی کل مومن بعدی۔ [2]

---

[1] فی روایة: اذا لقینا رسول الله (ص) اخبرناه بما صنع علی

[2] صحیح الترمذی ۲: ۲۹۷، حلیة الاولیاء ٦۰: ۲۹٤، کنزالعمال ٦: ۳۹۹، المستدرک ۳: ۱۱۰ وفیه: هذا حدیث صحیح، مسند احمد ٤: ٤۳۷ المصابیح ۲: ۲۷٥، البدایة والنهایة ۷: ۳٤٤، نزل الابرار: ۲۲، الغدیر ۳: ۲۱٦.

Presented by www.ziaraat.com

علی علیہ السلام میرے بعد ہر مومن کے ولی ہیں

حدیث

ہم نے احمد بن شعیب سے، اُس نے قتیبہ بن سعید سے، اُس نے جعفر یعنی ابن سلیمان سے، اُس نے یزید سے، اُس نے مطرف بن عبداللہ سے، اُس نے عمران بن حصین سے، اُس نے کہا کہ ایک دفعہ رسول خداؐ نے ایک لشکر تیار کیا اور اس کا امیر حضرت علی علیہ السلام کو بنایا، اسلامی لشکر کو فتح حاصل ہوئی تو مالِ غنیمت میں سے ایک کنیز حضرت علیؑ نے لے لی، جسے بعض لوگوں نے اچھا نہ سمجھا، ان میں سے چار آدمیوں نے عہد کیا کہ اس امر کی خبر رسول اللہؐ کو دیں گے۔ جب یہ لشکر واپس لوٹا تو حسبِ معمول رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضری دی اور یہ مسلمانوں کا دستور تھا جب کسی سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضری دیتے، وہ چار آدمی جنہوں نے معاہدہ کیا تھا کہ حضرت علیؑ کے خلاف شکایت کریں گے، وہ رسول اللہؐ کے پاس حاضر ہوئے، ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا آپؐ نے علیؑ کو دیکھا، اُس نے ایسے ایسے کیا۔

یہ بات سننے کے بعد رسولؐ اللہ نے اُس سے اپنا رُخِ انور پھیر لیا، پھر دوسرا اُٹھا، اُس نے بھی وہی بات کی، پھر تیسرا اُٹھا، اُس نے بھی وہی مقالہ دہرایا، پھر چوتھا اُٹھا، تو اُس نے اپنے ساتھیوں والی بات کی تو آپؐ کے چہرے پر جلال برسنے لگا اور فرمایا! مَیں علیؑ سے ہوں اور وہ میرے بعد تمام مومنوں کا ولی حاکم ہے۔

❀ ❀ ❀

Presented by www.ziaraat.com

قوله صلی الله علیه وسلم:

علی ولیکم من بعدی

اخبرنا احمد بن شعیب، قال: اخبرنا واصل بن عبدالاعلی الکوفی، 1 عن ابن فضیل، عن الاجلح، عن عبدالله بن بریدة عن ابیه قال: بعثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم الی الیمن مع خالد ابن الولید، وبعث علیاً رضی الله عنه علی جیش آخر، وقال: ان التقیتما فعلی کرم الله وجهه علی الناس، وان تفرقتما فکل واحد منکما علی جنده۔ فلقینا بنی زید 2 من اهل الیمن وظفر المسلمون علی المشرکین، فقاتلنا المقاتلة وسبینا الذریة، فاصطفی علی جاریة لنفسه من البیی، وکتب بذلک خالد بن الولید الی النبی صلی الله علیه وسلم وامرنی ان انال منه۔ قال: فدفعت الکتاب الیه ونلت من علی رضی الله عنه۔فتغیر وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم وقال: لا تبغض یا بریدة لی علیاً، فان علیاً منی وانا منه وهو ولیکم بعدی 3

---

1 ابومحمد الکوفی المتوفی ٢٤٤ تهذیب التهذیب ١١: ١٠٤، الجرح والتعدیل ٤ ق ٢: ٣٢، رجال الصحیحین ٢: ٥٤٣.

2 فی نسخة زبید معجم القبائل العربیة ٢: ٤٦٤، ٤٨٨.

3 مسند احمد ٥: ٣٥٦، مجمع الزوائد ٩: ١٢٧، فضائل الخمسة ١: ٣٤١ باختلاف یسیر فی بعض الالفاظ وفیه: فقال بریدة: یا رسول الله بالصحبة الا بسطت یدك فبایعتنی علی الاسلام جدیدا، قال: فما فارقته حتی بایقه علی الاسلام

Presented by www.ziaraat.com

علی علیہ السّلام میرے بعد تمہارا ولی ہے

حدیث

